اِنَّ مِنَ الشِّعْرِ لَحِکْمَۃً وَّاِنَّ مِنَ الْبَیَانِ لَسِحْرًا

سپاس بیقیاس یزدانی کہ ایں دیوانِ لاثانی مسمّی بہ

نظمِ دلفروز

معروف بہ

دیوان انور

از تصنیف شہنشاہ اقلیمِ سخن قبضۂ شمشیر علم و فن نخلبندِ گلشنِ معانی شیرازہ بندِ دفترِ نکتہ دانی
ظہوری ظہور نظیری نظیر سید شجاع الدین حسین معروف بہ امراؤ مرزا انور دہلوی
تلمیذِ رشید خاقانیٔ ہند ذوق مرحوم و نواب اسد اللہ خان غالب مغفور

سنہ ۱۸۹۹ء

بحسن اہتمام مولوی سید ممتاز علی صاحب مالک مطبع
در مطبع رفاہِ عام لاہور حلیۂ طبع پوشید

قیمت فی جلد ۱۲/

ردیف الف

مطلوبِ کُل ہے محو جمالِ جمیل کا
عالم پہ دشنہ تیز ہے تیرے قتیل کا

ہے فیض عام لمعۂ حُسنِ جمیل کا
عاشق کا دِل جواب ہے عرشِ جلیل کا

مظہر ہے تُو ظہورِ کثیر و قلیل کا
عالم ہے قطرہ قطرہ میں دریائے نیل کا

شمشیر کو دیا خمِ ابروئے دل شگاف
جوہر نگاہ میں دمِ تیغِ اصیل کا

ہے ایک نکتہ قُدرتِ نیرنگ کار سے
قصّہ ترنج و تیغ و بُتانِ شکیل کا

ہے بہرِ ہم مصرِ حقیقت حصار بند
کرتی ہے کام فرِّ جلالت فصیل کا

چاہے تو فیل ہو صفتِ کاہ پائمال
چاہے تو بارگاہ سے ٹپکے تخیل کا

ثابت ترا وجوب ہے کالشمس فی السما
عالم ہے مثلِ طائرِ شپّر دلیل کا

بیمار تیرے عشق سے ہوا ہے خوشا نصیب
احساں علیل پر ہے مزاجِ علیل کا

مجرم ترا ہوں اور تجھی پر ہے آسرا
لطف الٰہ نام ہے میرے کفیل کا

قدرت تو سب طرح کی ہے عادت نہو نہو
منظور ہو تو سر ہو فلک پر نخیل کا

تیرا کرم تجھی کو سزاوار ہے کہ ہے
مجھکو بھی ولولہ ترے وصفِ جمیل کا

ہوتا ہے بوئے حجت ظاہر سے بددماغ
کچھ اور ہی مزاج ہے تیرے علیل کا

بے غم ہے نفس وسوسہ آرا سے قلبِ پاک
قصّہ ہے یاد کعبہ کو اصحابِ فیل کا

یہ کچھ گناہ اور تری رحمت پہ یہ یقیں
عصیاں پہ مستحق ہوں ثوابِ جزیل کا

قانع ہوں کیا ترے کلمہ گو بہشت پر
اجرِ کثیر سنتے ہیں خیرِ قلیل کا

جب دی ہے تابِ مرحلہ پیمائی طلب
توڑا ہے پہلے پائے جسارت دلیل کا

کیا حجت و کلام سے ہو نشر بوئے راز
غنچہ کیا ہے تو نے دہن قال و قیل کا

ہی ترے مصرِ صنع میں کارِ دمِ سکوت
بازار تو نے سرد کیا قال و قیل کا

جمتی نہیں نظر رخِ گلزار و ناز پر
دل سوختہ ہوں آتشِ جانِ خلیل کا

ازبسکہ تو کہیں نہیں اور پھر کہاں نہیں
ہے بعد تجھ سے قرب جو ہی جبرئیل کا

ساری ہی سوز دردی ہیں لطفِ سازِ خاص
نارِ سعیر میں ہی گلستاں خلیل کا

آیا نہ راہ پر قدمِ طالبانِ تاب
نکلا نہ پاؤں حجلہ سرا سے دخیل کا

جو چشم آفتاب میں ذرّہ کی ہی نمود
انور وہاں یہ رتبہ ہی عرشِ جلیل کا

نہ کچھ اخفا نہ کچھ اظہار محمدؐ دیکھا
اور سب کچھ دمِ گفتار محمدؐ دیکھا

وادیٔ صبر کو گلزارِ محمدؐ دیکھا
سخت تر جادۂ پُر خارِ محمدؐ دیکھا

چشمِ حق بیں کو ضیا سُرمۂ مازاغ سے دی
خوش نگاہی کو جو ہنجارِ محمدؐ دیکھا

نرگسیں باغ ہے چشمانِ ملائک سے فلک
خُلد ہی کو نہیں گلزارِ محمدؐ دیکھا

کون ہے منزلِ دنیٰ فتدلیٰ میں مکیں
سرِّ حق شاملِ اسرارِ محمدؐ دیکھا

مسکنِ عشقِ خدا ہے وطنِ حُبِّ نبی
پُر فضا سینۂ ابرارِ محمدؐ دیکھا

فلسفی عقل پہ نازاں ہے تو کشتی ہے تباہ
قطرۂ قُلزمِ ذخّارِ محمدؐ دیکھا

نفس کا بیچنا پیدا ہے ومن یشری سے
ہے علی رونقِ بازارِ محمدؐ دیکھا

دیکھتا ہوں تجھے اے چرخ کہ دیکھا کیا کچھ
خاک میں گوہرِ شہوارِ محمدؐ دیکھا

حق پرستی نہیں کچھ کام کی بے حُبِّ نبی
ہاں موحّد کو گنہگارِ محمدؐ دیکھا

منزلِ قُدس تک آساں ہے پہنچنا انورؔ
شرع کو جادۂ ہموارِ محمدؐ دیکھا

دونوں عالم سے جُدا کارِ محمدؐ دیکھا
فکر کو قاصرِ کردارِ محمدؐ دیکھا

اسکو زار اور اُسے بیمارِ محمدؐ دیکھا
دونوں عالم کو طلبگارِ محمدؐ دیکھا

حق سے پیوستہ ہیں ہو خواب کہ بیداری ہو
اثرِ طالعِ بیدارِ محمدؐ دیکھا

درد وُہ ہے کہ شفا کیجیے جس پر قرباں
طالعِ فرّخ بیمارِ محمدؐ دیکھا

ماہ کو دیکھ کے معراج کی حجت ہے تمام
صاف نقشِ سُمِ رہوارِ محمدؐ دیکھا

کیا یہ احسان ہے تھوڑا کہ سب اُنکے ہیں غلام
ہر سر و دوش پہ اک بارِ محمدؐ دیکھا

بارِ بخشائشِ عالم کو اُٹھا رکھا ہے
بوالعجب دوش گرانبارِ محمدؐ دیکھا

یہ جہاں گردِ زمیں پر وہ فلک پر جویاں
خضر و عیسیٰ کو طلبگارِ محمدؐ دیکھا

آتشِ عشقِ جمالِ اَرِنی سے ہردم
گرم ہنگامۂ بازارِ محمدؐ دیکھا

اُمّتی آپ کہیں سب کہیں نفسی نفسی
بڑھ کے مخلوق سے کردارِ محمدؐ دیکھا

غنچہ آسا ہوئے لب بستہ فصیحانِ عرب
شور شیرینیِ گفتارِ محمدؐ دیکھا

یہ وہی نور ہے موسیٰ پہ رہا جو مستور
اے تماشائی دیدارِ محمدؐ دیکھا

دُرّة التّاج ہو دیہیم شفاعت کے لئے
اِسکے قابل دُرِّ شہوارِ محمدؐ دیکھا

صدقے اس آنکھ کے اس شوق کے قرباں انور
کہ تصوّر ہی میں دیدارِ محمدؐ دیکھا۔

ہاں کچھ اے واقفِ اسرارِ محمدؐ دیکھا
کہ کہاں جلوۂ انوارِ محمدؐ دیکھا

نورِ حق شاملِ انوارِ محمدؐ دیکھا
جب کھلا پردۂ اسرارِ محمدؐ دیکھا

طور پر عرش پہ دیدارِ محمدؐ دیکھا
جا بجا جلوۂ انوارِ محمدؐ دیکھا

دل میں ہے آپ کے اُلفت کی کھٹک رُوح فزا
پھول سے بڑھ کے کہیں خارِ محمدؐ دیکھا

دیدیا جان و جگر کو رہِ حق میں خوش خوش
سہل تر سہل سے دشوارِ محمدؐ دیکھا

دِل میں حیرت سی ہے اور منہ سے نہیں کہہ سکتے
وہ تماشا سرِ بازارِ محمدؐ دیکھا

گو وہ خالق نہ سہی واسطۂ خلق تو ہے
سب کو اک مظہرِ انوارِ محمدؐ دیکھا

نورِ حق نے محل اپنا کوئی دیکھا نہ مگر
سینہ آئینہ کردارِ محمدؐ دیکھا

غور کر حمد و محمدؐ پہ خدا نے یعنے
اپنی نسبت کو سزاوارِ محمدؐ دیکھا

وہ بھی اک رنگ کہ موسیٰ سے چھپایا سرِ طور
یہہ بھی اک جلوہ کہ دیدارِ محمدؐ دیکھا

رنگ پر ہے شبِ معراج چمن بندیٔ انس
عالمِ قدس پہ گلزارِ محمدؐ دیکھا

بسکہ لولاک سے ہے بستۂ احسانِ جناب
عرش و کرسی کو تہ بارِ محمدؐ دیکھا

دوست کہتا ہے تو کیا دوست سے کہتا ہے عزیز
حق نے کیا کچھہ نہ سزاوارِ محمدؐ دیکھا

اوج ہمسائگیٔ عرش پہ یہ عجز و نیاز
خاک پر سایۂ دیوارِ محمدؐ دیکھا

آپ جو کرتے ہیں اللہ وہی کرتا ہے
عقل کو حیرتیٔ کارِ محمدؐ دیکھا

جو دقیقہ کہ کسی پر نہ کھلیگا نہ کھلا
آشنائے لبِ اظہارِ محمدؐ دیکھا

دوست کا بارِ شفاعت بھی اٹھاتے ہی بنی
حق کو لذت کشِ تکرارِ محمدؐ دیکھا

شمع و پروانہ کے برتاؤ پہ کیا بات ہوئی
ذوقِ جانبازیٔ انصارِ محمدؐ دیکھا

حق کو سمجھے ہیں وہ کچھہ اور انہیں حق سمجھا ہے
مَا عَرَفنَاکَ سے اظہارِ محمدؐ دیکھا

آمد و شد ہوئی اک چشم زدن میں شبِ وصل
کس نے ہنگامۂ رفتارِ محمدؐ دیکھا

جلوۂ حق ہے محمدؐ میں نمایاں انور
چار سو جلوۂ دیدارِ محمدؐ دیکھا

غزلیات

تری صورت کو دیکھا اور آنکھیں کھل گئیں کیا کیا
نظر آیا جمالِ معنیٔ حسن آفریں کیا کیا

دلِ آزاری کی پرستش ایک دن ہوگی تو وہاں کیا غم
کیے ہیں ظلم اُس نے بے حساب اور دلنشیں کیا کیا

قوی ہے سوئے سجدہ ضُعف سے میرے کہ اُس دَر پر
گری پڑتی ہے میرے گرنے سے پہلے جبیں کیا کیا

وہاں مستی کے عالم میں بھی اِک رنگِ مداوا ہے
جُھکی جاتی ہے پیشِ غیر چشمِ شرمگیں کیا کیا

جو سچ پوچھو تو کچھ عاشق سے بڑھکر تم جفاکش ہو
کہ اتنی نازکی پر غیر کی باتیں سہیں کیا کیا

بڑھائی اُس نے قدرِ کم نگاہی کس قدر یارب
کہ اُس کی ترکِ خود بینی پہ ہوتا ہے یقیں کیا کیا

نمودِ حشر ہے موقوف اُس کی چال پر شائد
کہ دل کی شورشیں اُٹھ اُٹھ کے دِل میں رہگئیں کیا کیا

محبت حد سے گُذری عرصۂ فرقت کہاں پہنچا
وُہ مجھ سے دُور ہیں کیا کچھ کہ میں دل کے قریں کیا کیا

تعلق اُن سے اُس کو اور چھپانا چاہیئے دِل سے
مجھے آفت میں لایا ہے غمِ پردہ نشیں کیا کیا

مجھے وحشت تمہیں نخوت کسے الزام کچھ دستِ بجے

ہم از خود رفتہ کیا ہیں تم بھی آپے میں نہیں کیا کیا

بپا ہوتا ہے دورِ چرخ میں اک حشر بھی مجھ پر
بھرے بیٹھا ہوں دل میں نالہائے آتشیں کیا کیا

تصور سرد مہری کا تری ہے زندگی اپنی
ہوئے ہیں دل میں ٹھنڈے نالہائے آتشیں کیا کیا

نظر ملتے ہی وہ کچھ ہو گیا جو کچھ کہ ہونا تھا
پشیماں ہو رہا ہے دیدۂ انجام بیں کیا کیا

مجھے بھی ضعف و رسوائی نے تجھ سا ہی بنایا ہے
کہ تو حسن و حیا سے ظاہر و پنہاں نہیں کیا کیا

رہیگا زخمِ دلِ ناکام لطفِ بیقراری کیوں۔
کہ مشک افشاں ہے ہر سو بوئے جعدِ عنبریں کیا کیا

انہیں تھمنے نہیں دیتا کسی جا اضطراب اپنا
پریشاں دل میں ہے وہاں فکرِ اندازِ کمیں کیا کیا

کیا غماز اپنا ہم نے پیدا ہاتھ سے اپنے
زباں بنکر کہے دیتا ہے چاکِ آستیں کیا کیا

نہیں گو ضعف سے لیکن اسی ساماں سے پھر کچھ ہوں
ہوئے ہیں پردہ دارِ دامان و جیب و آستیں کیا کیا

جفا سے وُہ خجل ہیں کَون اب جاتا ہے محشر تک
ہمارا فیصلہ بس ہوگیا انور یہیں کیا کیا

دیگر

جہاں ڈھونڈھا نہ پایا اُسکو دیکھا تو یہیں کیا کیا
پھری ہے دُور جاجا کر نگاہِ دُوربیں کیا کیا
نہاں سینہ میں رازِ غم ہے اور پیدا نہیں کیا کیا
کہے دیتی ہے دِل کی صُورتِ اندوہگیں کیا کیا
اجل ہے سر پہ تو بھی زیست کا ساماں نہیں کیا کیا
اُمیدیں رکھتی ہیں دِل کو مرے اندوہگیں کیا کیا
وُہ آشوبِ تجلّی جلوہ آرائے نمایش ہے
مرے پانوں تلے کی نکلی جاتی ہے زمیں کیا کیا
ترے کُوچہ میں ہر ہر نقشِ پا پر سجدہ کرتا ہوں
مِلاتا خاک میں ہے مجھکو یہ شوقِ جبیں کیا کیا
چُھری میرے گلے پر پھیر دے اور اُف نہ کرنے دے
ادا کرتی ہے مطلب وُہ نگاہ سُرمہ گیں کیا کیا
بایں طاعت نہ پُوچھا تا دمِ مُردن جو اُس بُت نے
تو پیمانِ ازل یاد آئے وقتِ واپسیں کیا کیا
دِل وجاں جل چکی ہیں غم بھی اُس کا جل گیا ہوگا

کہ ہے گہر پھونکنے پر تیز آہ آتشیں کیا کیا

چمک اُٹھتا ہے رنگ حُسن دونا بادہ خواری سے
مگر ہے غازۂ خُونی یہ آب آتشیں کیا کیا

مقابل اپنے جلوہ کے نظر آتا نہیں کچھ بھی
ہماری حسرتیں اُنکی نظر میں چھا گئیں کیا کیا

ترے آنے کی سُنکر ساتھ ہی آنکھوں میں دم آیا
مگر سرگرم استقبال ہے جانِ حزیں کیا کیا

حیا سے ہے وُہ سر زانو پہ اور کچھ کچھ نمایاں ہے
ہلال آسا نظر آتا ہے وُہ ماہِ جبیں کیا کیا

مجھے اُس کی نگاہِ مصلحت اندیش نے مارا
لڑیں آنکھیں عدو سے مجھ سے مِلکر جھک گئیں کیا کیا

نہ فکر اُسکا نہ غم اِس کا مُحیطِ دِل ترا غم ہے۔
کوئی دیکھے تو دِل خوش ہیں ترے اندوہگیں کیا کیا

یہ کافر ماجرا ئے طاعتِ اصنام ہیں انور
ہوے تھے حق سے آخر عہد و پیمانِ متیں کیا کیا

دیگر

ہُوا روزِ سیہ اپنا بھی جادُو آفریں کیا کیا
کہ میرے ہوش سُنکر اُڑ گئے ہیں ہمنشیں کیا کیا

یہ حسن اور اُس سے پیدا غمزۂ سحر آفریں کیا کیا
شکستہ ہو گیا پیمان اربابِ یقیں کیا کیا

ہوائے اَوج بعدِ قتل یہاں سر میں نہیں کیا کیا
غبار آسا اُڑ گئی اپنے مقتل کی زمیں کیا کیا

دو چار اس چشم سے ہوتے ہی اک چپ لگ گئی گویا
خُدا جانے نگاہیں چُپکے چُپکے کہہ گئیں کیا کیا

پیامِ قتل پر ہی شُکرِ رُعبِ حُسن واں لازم
جو پوچھیں تو مرے دِل میں تمنائیں نہیں کیا کیا

نہیں ممکن کر گذرے ایک دِن یکساں زمانے میں
کہ پھرتا ہے تمہاری وضع پر چرخِ بریں کیا کیا

اِدھر شوخی اُٹھاتی ہے اُدھر تمکیں بٹھاتی ہے
کشاکش میں ہے اپنے ہاتھ سے وُہ نازنیں کیا کیا

مری جانب سے شائد کاروانِ مصر کھچ جاوے
کمند افگن ہے ہر سو بُوئے جعدِ عنبریں کیا کیا

دکھانے کو حیا ہے پر اُٹھائے بار کون اِتنا
جُھکا جاتا ہے نازِ حُسن سے وُہ نازنیں کیا کیا

رہے امروز و فردا مشق ضبطِ شکوہ اچھّا ہے

کہ ہوگی پرسشِ روداد روزِ آخریں کیا کیا
مجالِ دم زدن ہے وقتِ ناوک خوردگی مشکل
ہوئی ہے دل میں اپنے خوں صدائے آفریں کیا کیا
مذاقِ مدعی ہے تلخ و کامِ دوست ہے شیریں
سخن میں بھر دیا ۔ انورؔ نے زہر و انگبیں کیا کیا

دیگر

نہ لب پہ ہو ذکر مہر و کیں کا نہ دیکھے اک اشک منہ زمیں کا
وہ ضبط ہو عاشقِ حزیں کا یہ ربط ہو چشم و آستیں کا
ہوا جو پیوند میں زمیں کا طفیل ہے فہم دُوربیں کا
اشارہ اُس چشم شرگیں کا شریک ہے جذب ماء و طیں کا
نہ ہو جگر میں جو نم تو کیا ہے کہ تنگیِ دل ہی گریہ زا ہے
کہ خون گھٹ گھٹ کے ہو رہا ہے خیال دل میں کہیں کہیں کا
ہوا ہے بےڈھب ہی ماجرا کچھ کہ عذر پھیکے ہیں اُنکے کیا کچھ
نصیب دشمن مگر ہوا کچھ اثر نہیں لب میں انگبیں کا
وصال بےسوز ہو رہا ہے پیام کچھ روز ہو رہا ہے
عدو بدآموز ہو رہا ہے کہ حرف سیکھا نہیں نہیں کا
گمان کچھ کچھ جو آگیا ہے تو درد ہے جو مری دوا ہے
کہ مجھ کو اک زہر جانگزا ہے خیال لبہائے شکریں کا

یہاں تقاضائے مرگ سر پردۂ شوق صید افگنی میں مضطر
گرِیگا نظروں سے مجھ سے بڑھکر جو فکر وہاں ولیس ہے کمیں کا
نہ ہو جو امکاں میں وُہ ہوا ہے تحیّر آنکھوں میں چھا گیا ہے
جو پردہ اُس نے اُٹھا دیا ہے حجاب ہے رُوئے شرمگیں کا
وُہ ناتوانی سے بے نشاں ہُوں کہ لاکھ ڈھونڈو مگر کہاں ہُوں
یہ دیکھنے میں جو کچھ عیاں ہوں طلسم ہے جَیب و آستیں کا
یہ شوق دیدار میں ہوں فانی کہ ہو گیا عین بے نشانی
کہُوں اگر مَیں بھی لن ترانی تو لب ہے کچھ نہ خوردہ بیں کا
ہُوا ہے قتل جہاں ستاں کے خوں بہا کا ہے کون طالب
دیت ہے اپنی نوا نہ واجب کہ خُوں ہُوا طبع نازنیں کا
رقیب ہے اپنے فن میں کامل ہزار میں ہے یہ ایک عاقل
دمِ سوالِ وصالِ جاہلِ سخن سمجھتا نہیں نہیں کا
ستم ہے عادت ستمگری کی یہ چھوڑ دے طرز خودسری کی
یہ غیر نے آکے ابتری کی کہ خُون ہُوا عاشقِ حزیں کا
جگر ہے خُوں درد جاں ستاں سے عیاں ہے اُس عشوۂ نہاں سے
کہ دستِ مژگانِ خُوں فشاں سے رہا نہ ہو دامن آستیں کا
اگرچہ کیا کچھ ہے زورِ وحشت خیال افشا ہے لیکن آفت

مجھے تو اُٹھنا بھی ہے قیامت کہ خوف بیٹھا ہے ہمنشیں کا
بجا ہُوا مجھ کو خاک ہونا کہ تھا مقدّر میں یُوں ہی لکھا
رقم ہی خطِّ غُبار سے تھا نوشتہ گردِ بیکھتے جبیں کا
ہوئے اُس خاک در کے سجدے ملال ُزا و ہاں صفائی تن سے
غبُار جو کچھ ہے دِل میں اُنکے وُہ پرتوا ہے مرے جبیں کا
کہیں سرِ طُور جلوہ افگن کہیں درِ وَیراں سے روشن
وہاں قمر ہے جلا ئے جائے مسکن ہمیں تو رکھا نہیں نہیں کا
ابھی ہے کچھ رسم وراہ باقی کہ دل میں ہے اشک و آہ باقی
رہی ہے کچھ کچھ جو چاہ باقی۔ تو وارا وچھا ہے تیغ کیں کا
اگرچہ اُٹھے نہ پشت پا سے نہ جائے ہر چند اپنی جا سے
ملا ہے لیکن ہزار ہا سے اشارہ اُس چشم سُرمگیں کا
نہیں کوئی سامنے تو کیا ہے جہاں ترا صید ہو چکا ہے
کہ دام گُستردہ جا بجا ہے شمیم گیسوئے عنبریں کا
خیالِ گیسو جو یہاں رہا ہے تو دِل یہ خوشبو سے بس گیا ہے
کہ داغ جو عشق سے پڑا ہے ہُوا ہے نافہ وُہ مُشکِ چیں کا
جو ہاتھ آئے وسیلہ افور۔ عرُوج پستی میں ہو مقرّر
کہ اُس کے کُوچہ کی خاک ہو کر دماغ ہے عرش پر زمیں کا

وُہ جلوۂ رُخسارِ آتشیں کا وُہ عکس پرتاب اُس جبیں کا
یہ صاعقۂ رختِ کفر و دیں کا چراغ وُہ خلوتِ یقیں کا
نہیں ہے پابند وُہ کہیں کا جہاں میں پرتو ہے اُس حسیں کا
کہ سطح سطحِ زمیں زمیں کا ہوا ہے حصّہ سری زمیں کا
جو بے نیازی سے یہاں نہ آیا تو شوقِ بیداد کھینچ لایا
کہ صید جب کوئی بھی نہ پایا تو اُس نے رستہ لیا یہیں کا
نہیں ہے وحشت میں ہوش اصلاً نظر میں یکساں ہے پست و بالا
زمیں پہ دھوکا مجھے فلک کا فلک پہ ہوتا ہے شک زمیں کا
نہ حکمِ غیرت کہ نام کچھ لے نہ جا سکے جذبِ دل سے چھُٹکے
تو پوچھتا ہے کسی کسی سے کہ گھر کہاں ہے کسی حزیں کا
جھُکے جھُکے آئے ہیں حیا سے عیاں ہے صیدِ فگنی ادا سے
کھلا یہ ہے طرزِ دلربا سے کماں بھی اک ڈھنگ ہے کمیں کا
یہ طعنہ کم ہے کہ بے دہن ہو یہ شرم کیسی کہ چھپکے بیٹھو
زباں کو دُشنام ہی پہ کھولو دہن تو ہو بندِ نکتہ چیں کا
ظہور ہے عینِ پردہ داری حجاب میں وہاں ہے بے حجابی
ادا میں ایک چھیڑ ہے حیا کی حیا میں ایک نور ہے جبیں کا
نظر ہے یہاں تیرے اوج و شاں پر فغاں سے برپا کیا جو محشر

کہ سر پہ کوچہ ترا اُٹھا کر بنا دیا آسماں زمیں کا

جو دِل میں مجھ سے کدورت آئی تو واں زیاں ہے نہ یاں لڑائی

مکیں نے قدرِ مکاں گھٹائی مکاں سے رُتبہ بڑھا مکیں کا

یہ سرد دِل ہے جو عبرت افزا کہ دِل بُجھا عشق سے عدو کا

ہوا ہے بازار سرد کیسا تُمہارے رُخسار آتشیں کا

جو تم کیجے اظہار مطلب اُن سے تو چاہیئے پہلے مدح کر کے

یہ مست مدہوشِ حُسن کیجے کہ ہوش باقی نہ ہو نہیں کا

جہان کُشتہ ترا نہیں ہے یہ ہاتھ اپنے میں تیغ کیں ہے

اگر تو بیداد آفریں ہے قصور ہے اپنی آفریں کا

نفس نفس میں ہے شورِ محشر سخن میں ہے اُس سے بڑھکر

لیا عبث خُونِ خلق سر پر کہ قصہ چھیڑا دِلِ حزیں کا

ہُوا جو انکار حد سے باہر تو مثل اقرار خود سمجھ کر

ہوا ہے عرضِ طلب کو رہبر طریق انکی نہیں نہیں کا

گری ہے یہ برق دِل پہ انور نظر نہ لگجائے ہو مقرر

خیالِ رُخسار آتشیں پر سپند چشم مآل بیں کا

یوسفِ حُسن کا حُسن آپ خریدار رہا پہلے بازار ازل مصر کا بازار رہا

بسملِ ناز رہا کُشتۂ رفتار رہا زندگی بھر مجھے مرنے سے سروکار رہا

جُرمِ ناکردہ عقوبت کا سزاوار رہا
شیخ سرشارِ مئے ہستئ پندار رہا

پردۂ چشم جو پاسِ ادبِ یار رہا
مَیں رہا سامنے تو بھی پسِ دیوار رہا

دل پہ شادئ جراحت سے ہوا آبلہ
کہ ترا تیر یہاں تالبِ سوفار رہا

گر کے نظروں سے تری پھر نہ زمیں سے اُٹھا
مَیں سُبک بھی جو ہُوا تو بھی گرانبار رہا

آج ہی آج ہے فردائے قیامت موجود
دو گھڑی اور جو ہنگامۂ رفتار رہا

طُور تو برقِ تجلّی سے ہوا خاکستر
اور مَیں سوختۂ حسرتِ دیدار رہا

رحم اِس سادہ دلی پر کہ مرا زخمِ جگر
غیر سے چارہ و درماں کا طلبگار رہا

مَیں وُہ اِک مجرمِ تعزیر طلب ہوں کہ سدا
بدلے دشمن کے عقوبت کا سزاوار رہا

بسکہ دِل میں رہی اِک کشمکشِ یاس و اُمید
درد جو دِل میں رہا جان سے بیزار رہا

اب وُہ فردا بھی نہیں روز کی تسکیں کیلئے
اب فقط حشر ہی پر وعدۂ دیدار رہا

پی بھی جا شیخ کہ ساقی کی عنایت ہے شراب
مَیں ترے بدلے قیامت میں گنہگار رہا

خوش ہوں چُپ رہنے سے اُن کے دمِ پیغامِ وصال
کہ یہ انکار تو کچھ شاملِ اقرار رہا

سر پہ پھرتا ہی رہا اور نہ گرا مجھ پہ کبھی
آسماں بنکے ترا سایۂ دیوار رہا

گرچہ کیا کچھ تھے مگر آپ کو کچھ بھی نہ گنا
عشق برہم زنِ کاشانۂ پندار رہا

تم نے یوں گھر میں تو کیا کچھ نہ اُٹھائے فتنے
ایک قیامت کا اُٹھانا سرِ بازار رہا

ہائے وُہ چشم کہ دیکھے تجھے سرگرمِ ادا
وائے وُہ دِل کہ ترا محرمِ اسرار رہا

مَیں رہا بھی تو رہا خار کی صورت کہ سدا
تیری نظروں میں سُبک دِل پہ ترے بار رہا

چشم پُر نشۂ ساقی جو رہی عکس فگن
جو رہ مستی سے ہر اک ساغر سرشار رہا

ہُوں میں وہ جنس کہ ہُوں رونق بازارکساد
ہُوں وُہ سودا کہ خریدار بھی بیزار رہا

کچھ خبر ہوتی تو مَیں اپنی خبر کیُوں رکھتا
یہ بھی اک بیخبری تھی کہ خبردار رہا

تھک کے بیٹھے ہو درِ صُومعہ پر کیا انورؔ
دو قدم اور کہ یہ خانۂ خمّار رہا

خدنگِ نگہ دِل کُشا ہو گیا
ستم قابلِ مرحبا ہو گیا

مجھے صید کرنا بجا ہو گیا
نشانہ ترا بے خطا ہو گیا

محبت میں بھی کیا سے کیا ہو گیا
ستم عاشقوں کو وفا ہو گیا

زمانہ ترا مبتلا ہو گیا
مجھے ظلم اُٹھانا بجا ہو گیا

وُہ آنکھیں بنیں ہائے کیا ہو گیا
وُہ کافر تو اب کچھ نیا ہو گیا

مزاجب ہے ضد کا کہ تو مجھ سے مِل
فلک یار اغیار کا ہو گیا

نہ مانونگا فرہاد تھا کوہ کن
کہ دن کاٹنا یہاں بلا ہو گیا

مری جان کے وُہ ہوئے مدعی
مگر غیر کا مُدعا ہو گیا

تمہیں یہانتک آنا قیامت سہی
ہمیں جیسے جانیں کیا ہو گیا

ستم یکطرف ناز اُٹھائیگا کون
مزاج اب یہاں غیر کا ہو گیا

کبھی یاس ہے اور کبھی ہے اُمید
دم اس کشمکش میں خفا ہو گیا

تمہیں توڑنا رشتۂ اتحاد
مری توبہ کا توڑنا ہو گیا

گئی زندگی موت کی فکر میں
کہ اک زیست کا مشغلہ ہو گیا

جبیں سائے خاک رہ یار ہے
نیا ایک عدو نقش پا ہو گیا

وہ پہلو میں ہے تو بھی یہ فکر ہے
کہ اب شوخیوں سے جدا ہو گیا

زمیں پر ادھر چلتے ہیں ناز سے
چلن اک جہاں سے جدا ہو گیا

کہو یہ کہ ہے غیر کا حال کیا
کہوں کیا کہ تو بیوفا ہو گیا

امیدیں ادھر کچھ سے کچھ ہو گئیں
غضب وہاں جو کم ایک ذرا ہو گیا

بشر ہوں نہ کھاؤں تو کیونکر جیوں
غم و غصہ میری غذا ہو گیا

خوشی میں نہ سمجھے دم ذبح ہم
تہ خنجر اپنا گلا ہو گیا

اشاروں پہ ہیں سر کٹے بے کہے
نہ کہنا بھی کہنا سزا ہو گیا

نزاکت سے پردہ جو اٹھتا نہیں
تو وہ پائے بند حیا ہو گیا

گرا کر مجھے اٹھنے دیتا نہیں
مگر ضعف زور آزما ہو گیا

اسی بت کو تاکا ستم بھی کیا
میں اپنی نظر پر فدا ہو گیا

لبوں پر یہاں جان ہے آ رہی
نگہ پر تری آسرا ہو گیا

شب غم میں کس کس کی ہو روک تھام
جو دل تھم گیا دم خفا ہو گیا

محبت یہاں جتنی بڑھتی گئی
وہ اتنا ہی نا آشنا ہو گیا

یہ ان میٹھی نظروں نے مارا مجھے
ترا لطف قہر خدا ہو گیا

قضا سے قضا جو ہوا ہے ستم
وہ اس کج ادا سے ادا ہو گیا

مجھے بیکسی ہوتی ہے دل کو میں
مرا گھر بھی ماتم سرا ہو گیا

وہ بگڑے تو خوش ہوں میں ذکرِ غیر
ٹھکانا مری بات کا ہو گیا

قیامت کے آنے میں کیا دیر ہے
اگر یہاں سے جانا ترا ہو گیا

نہ اُٹھو ذرا پہلوئے غیر سے
یہ دیکھو کہ طُوفاں بپا ہو گیا

حنا تیرے قدموں سے ہے پائمال
کوئی پائمالِ حنا ہو گیا

ستم ہے کہ چھُٹتا نہیں ہاتھ سے
یہ خنجر بھی رنگِ حنا ہو گیا

پسِ مرگ آنا تو اُنکا بخیر
سہارا مجھے موت کا ہو گیا

نہ چھوٹا یہاں جادۂ راستی
فلک اور بھی کج ادا ہو گیا

قیامت بھی اکدن کہیں آچکے
مَیں آخر تو نذرِ بلا ہو گیا

رہا نیستی میں بھی یہاں ننگ بود
کہ میں مٹ کے نقشِ فنا ہو گیا

مری موت آئی تھی اب آ گئی
تری کم نگاہی سے کیا ہو گیا

مری ابتدا انتہا ہو گئی
نظر ملتے ہی فیصلہ ہو گیا

مدار اک نظر پر ہے یہاں موت کا
تجھے فرض ادھر دیکھنا ہو گیا

ہوا بیحجابی سے دونا حجاب
کہاں ہم کہ جب سامنا ہو گیا

گلا ہے مرا حلق دشمن نہیں
تجھے خنجرِ یار کیا ہو گیا

یہ اُس رہ میں ہوں صرفِ واماندگی
کہ ہنگامہ ہر نقشِ پا ہو گیا

یُوں ہی زندگی کاٹئے تابحشر
کہ اب انکا وعدہ وفا ہو گیا

نہیں انور اُس کی نظر سے دوچار
اجل سے مگر سامنا ہو گیا

دیکھا جو بعد مرگ تو مرنا زیاں نہ تھا
فانی کے بدلے ملک بقا کچھ گراں نہ تھا

شب کو بغل میں تھا بھی تو وُہ دلستاں نہ تھا
شوخی یہ کہہ رہی تھی کہ یہاں تھا وہاں نہ تھا

بیوجہ مُنہہ چھپانے سے جو تھا نہاں نہ تھا
پر خیر تھی کچھ اس میں کہ میں بدگماں نہ تھا

یہ تو نہیں کہ اب کے وہ مطلق وہاں نہ تھا
لیکن سوال وصل یہ کہنے کو ہاں نہ تھا

وُہ بت ہی کہوں زمیں پہ جو پلہ گراں نہ تھا
ہمسنگ لیکن اسکا مگر آسماں نہ تھا

حسرت کے صدقے آنکھ کے ملتے ہی کھل گیا
وہ کچھ کہ ممکنات سے جسکا بیاں نہ تھا

نالہ جو اپنا پایۂ تاثیر سے گرا
اِتنا سُبک ہوا کہ میں اتنا گراں نہ تھا

تھے بزم میں وُہ غنچۂ افسُردہ شرم سے
کیونکر کہوں بہار میں رنگ خزاں نہ تھا

کیسی حیا کہاں کی وفا پاس خلق کیا
ہاں یہ سہی کہ آپ کو آنا یہاں نہ تھا

سب کام اپنی ایک نگہ پر ہیں منحصر
گویا مرے لئے تو بنا آسماں نہ تھا

کیوں مجھ پہ تیز کی نگہِ قہر کی چھُری
میں دورِ چرخ میں کوئی سنگ فساں نہ تھا

کچھ اپنے دل کے ولولے کچھ زاہدوں کی ضد
سر پھوڑنے کو ورنہ وُہی آستاں نہ تھا

آئینہ کو وُہ دیکھتے ہیں اُنکی شکل ہم
تھا ہم کو وُہ گماں کہ اُنہیں وُہ گماں نہ تھا

انکار محض غلط میزباں سہی
مانا کہ بزم غیر میں تو میہماں نہ تھا

دشمن حریف راہِ وفا ہے خدا کی شان
وہاں جس پہ تھا یقین مجھے اسکا گماں نہ تھا

حیران ہوں حجاب جدائی اُٹھا نہ کیوں | وُہ نازنیں تھے ہیں تو کوئی ناتواں نہ تھا
اب آسماں بنکے مرا مُدعی بنا | تھی لب پہ کچھ فغاں تو فلک کا نشاں نہ تھا
ٹپکا زمیں پہ گر فلک پیر کو تو کیا | پھر یہ کہینگے سب کہ وُہ کچھ نوجواں نہ تھا
کچھ جذب دِل ہیں جانکے سمجھے تھے انکو یاں | ایک وہم سے یقین پہ کیا کچھ گماں نہ تھا
گردُوں سے آج ہے فلک ظلم پھٹ پڑا | سینہ میں آج ہی دم آتش فشاں نہ تھا
حُسن جہاں فروز سے جس جا تھے وُہ تھے | میں بے نشانیوں سے جہاں تھا وہاں نہ تھا
یوں خامشی سے خوش کہ وُہ تصویر تھے مگر | یوں بات سے تنگ کہ گویا وہاں نہ تھا
بھاری ہوئے یہاں تو سبک ہوگی زندگی | وہاں تو نظر سے ہم کو گرانا گراں نہ تھا
تھے بیخودی ہیں پاس وُہ ہوش آئی تو گئے | چُوکے غضب ہی ہوش میں آنا یہاں نہ تھا
آنا یہ اُنکا صبح کو میری اجل کے ساتھ | یعنے کہ نالۂ شب غم رائیگاں نہ تھا
تھا کچھ شکست دِل سے مرا امتحان صبر | وہاں اپنی نازکی کا فقط امتحاں نہ تھا
بہر یوں نہ ہو کہ یہ خوش ہو کے میں کہوں | شاید کہ تو رقیب پہ بھی مہرباں نہ تھا
میں اور روز وصل عدو اور شب فراق | یہاں آسماں نہ تھا کہ وہاں آسماں نہ تھا
فرہاد کوہ کن تھا یہ اک ہلکی بات ہے | عاشق تھا بیستوں کا اُٹھانا گراں نہ تھا
شب مجھ سے آنکھ ملتی رہی وصل رقیب سے | یہاں یوں ستم رہا کہ کسی پر عیاں نہ تھا
تھا دوستوں کا یار طریق اور دلوں سے دُور | کیا تھا جو میں غبار پس کارواں نہ تھا
حیران ہُوں کہ دم میں ترے کیونکہ آگیا | میں ورنہ اپنے دل میں کہاں سے کہاں نہ تھا

مرتا ہوں یوں کہ کیوں نہ رہا دلمیں تیرِ یار
آرام جان تھا کوئی آزارِ جاں نہ تھا

دیکھا نہ آنکھ اُٹھا کے مجھے نازکی سے جھوٹ
ایسا تو کچھ نگاہ کا اُٹھانا گراں نہ تھا

خالی درِ اُنکا پایا تو دل وہم سے رُکا
تھا پاسباں ہیں آپ جو وہاں پاسباں نہ تھا

کس بیدلی سے ہجر میں کی ہم نے زندگی
دل تھا کہاں کہ یہاں وُہ بُتِ دلستاں نہ تھا

مِٹ جانا اپنا اُسکا رہا سب کے دل پہ نقش
ایک یہ بھی تھا نشاں کہ سرا کچھ نشاں نہ تھا

کچھ وہم سدِ راہِ ستم تھا کہ وقتِ ذبح
میرے گلو پہ خنجرِ قاتل رواں نہ تھا

انور نے بدلے جان کے لی جنسِ دردِ دل
اور اس پہ ناز یہ کہ یہ سودا گراں نہ تھا

ہو رہا ہے ٹکڑے ٹکڑے دل میرے غمخوار کا
ہے مرے زخمِ جگر میں کاٹ تیغِ یار کا

شور ہے غُل ہے جہاں میں مُردنِ دشوار کا
ایک چلتا وار ہے تیغِ نگاہِ یار کا

نغمۂ دل کش ہے دشمن عندلیبِ زار کا
ہے قفس میں بند ہونا کھولنا منقار کا

مست کچھ ایسا ہوں چشمِ نیم مستِ یار کا
ظرف خالی جانتا ہوں ساغرِ سرشار کا

کیا کہوں کیا حال ہے مجھ ناتوان و زار کا
ہوں نگاہِ واپسیں اپنی دلِ بیمار کا

آسماں پھرتا ہے حسبِ مُدعائے مُدعی
راہ پر لانا غضب ہے ایسے کج رفتار کا

بل بے بدخوئی مزاجِ یار میں سو بل پڑے
ایک بل نکلا جو تارِ گیسوئے خمدار کا

دست ساقی پر لگائے آنکھ رہتا ہے مدام
جام مے ہے دیدۂ حسرت کسی میخوار کا

کسقدر بشاش ہے اسرار سے خالی نہیں
رنگ میرا اُڑ گیا منہہ دیکھ کر سوفار کا

میں گرفتارِ وفا ہوں چھٹ کے جاؤنگا کہاں
بال باندھا چور ہوں ہر تارِ زلفِ یار کا

کوئی اک گردش تو ہو ایسی بھی ہاں اے چشمِ یار
شیخ پوچھے مجھ سے رستہ خانۂ خمار کا

واہ رے قسمت کہ وہ میرے مقدر میں پڑا
آہ نے جو بل نکالا چرخِ کجرفتار کا

اے چلو واعظ کو ہاتھوں ہاتھ اُٹھائے میکشو
پاسباں چل کر بنا دو خانۂ خمار کا

جان سُننے والوں کی واعظ لبوں پر آگئی
واہ کیا کہنا ہے حضرت آپ کی گفتار کا

ہے جو اُفتادوں سے کچھ نفرت تو نفرت ہی سہی
کیوں زمیں پر گر پڑا سایہ تیری دیوار کا

شکل مرہم دیکھکر ڈرتا ہے میرا زخمِ دل
کھول کر آنکھ اپنی دیکھا ہے جو مُنہ سوفار کا

نالۂ میرے لب تک آتا ہے جو سو ناز سے
کوئی پر تو لے اُڑا شاید تری رفتار کا

یہ تو ظاہر ہے کہ وصل انکا کہاں اور ہم کہاں
لیکن اس پیغام میں کچھ لُطف ہے تکرار کا

دِل کو لیجا مجھ سے یا تو آپ لے یا بانٹ دے
پر یہ حصہ ہے تری گیسو کے اِک اِک تار کا

الامان اس جنبشِ تیغِ نظر سے الامان
مانتی ہے برق بھی لوہا تری تلوار کا

گر یہی انجامِ اُلفت آن ٹھہرا ہے تو خیر
آج ہی کُشتہ سہی میں یار کی تلوار کا

ہاتھ سنبھلا رکھیو اے مشّاطۂ جادو طراز
اِک جہانِ دل ہے بستہ طرۂ طرار کا

ہُوں تو دیوانہ دلے ہُشیاری مطلب تو دیکھ
سر بھی پھوڑا ڈھونڈھکر پتھر تری دیوار کا

کچھ اِدھر سے عرضِ مطلب اور اُدھر سے کچھ نہیں
اِک جُداگانہ مزا ہے وصل میں تکرار کا

کتنا گُستاخی سے کھینچا ہے تجھے آغوش میں
میں گلے کا ہار ہُوں تیرے گلے کے ہار کا

کیوں نہیں گرتا مرے آفت زدوں پہ ہائے ہائے
آسماں بھی ہے مگر سایہ تری دیوار کا

چھوگئی کافر ہوا کس کی نگاہ گرم سے
ملتی ہے آخر کو کچھ کیفیتِ سوز و گداز
ایک جلوہ پر چمک اُٹھتی ہے سب اقلیم عشق
آسماں رکھتا ہے آنکھیں مہر و مہ سے اس کو بھی
حُسن میں خود رفتگی ہے تو نہیں مانع حجاب
وُہ ہی اپنی چال ہے کوئی مرے کوئی جیے

پھول کملایا ہوا ہے کچھ گُلِ رخسار کا
صاعقہ حصّہ ہے پہلا طالبِ دیدار کا
ماہِ کنعاں سے ہے شُہرہ مصر کے بازار کا
کون عالم ہے ہمارے دیدۂ بیدار کا
بُوے گُل کو پھاندنا کیا باغ کی دیوار کا
لے اُڑے سارا چلن تم چرخ کجرفتار کا

ناخنِ شمشیرِ قاتل کو دُعا دیتے ہیں ہم
عُقدہ کھولا خُوب انور مردنِ دشوار کا

کس رنگ پر ہے اس تپشِ دل کو دیکھنا
وقتِ نویدِ قتل ذرا دل کو دیکھنا
یہاں تو کبھی جگر کو کبھی دل کو دیکھنا
خنجر بکف وُہ اور طلب بوسہ واہ واہ
کیا جانے کیا سوال ہے اس خونِ گرفتہ کا
اللہ رے فرطِ شوقِ اسیری کہ شوق میں
وہاں دل میں عُقدہ اور گرہ یہاں زبانِ عذر
دم سینہ میں گرہ ہے تمنّائے دید پر
عادت ہے ساتھ تادمِ آخر کہ دیکھ لے

رنگ اُڑ گیا ہے صُورتِ قاتل کو دیکھنا
قاتل کو گاہ خنجرِ قاتل کو دیکھنا
ہے وُہ کس اضطراب میں قاتل کو دیکھنا
حیراں ہوں جرأتِ لبِ سائل کو دیکھنا
کس طرح دیکھتے ہیں وُہ سائل کو دیکھنا
پھروں اُٹھا اُٹھا کے سلاسل کو دیکھنا
مشکل غضب کی ہے مری مشکل کو دیکھنا
دستِ کشادہ ہے مری مشکل کو دیکھنا
خنجر گلے پہ اور ترے بسمل کو دیکھنا

سر چڑھ رہا ہے خُون کسی مستِ عشق کا
لغزش قدم قدم پہ ہے قاتل کو دیکھنا

اُٹھی ہے اُسکے صفحۂ رُخ سے کہیں نقاب
اُلٹا ہوا ورق سا ہے محفل کو دیکھنا

تُو اور عدو سے گرمئ ہنگامہ ہائے ہائے
میں اور یاس سے تری محفل کو دیکھنا

نادان و خود پسند و حسین و تنک مزاج
وہ اور آئینہ میں مقابل کو دیکھنا

صیّاد خندہ زن نہ گل و غنچہ نالہ کش
کیا بے نمک ہے شورِ عنادل کو دیکھنا

انور یہ ایک قہر ہے اس خود پسند کو
یوں آئینہ میں عکسِ مقابل کو دیکھنا

ہر ایک مُوئے مژگاں اُس شوخ پُر جفا کا
یا خنجرِ اجل ہے یا تیر ہے قضا کا

دِل زُلف کا ہے مائل یا چشمِ سُرمہ سا کا
وُہ تیرہ بخت مارا ہے اک نہ اک بلا کا

وُہ غمزہ ہے تو دِلکش وُہ عشوہ ہے تو جادو
دِل کیوں نہ ہو پھر اپنا بسمل تری ادا کا

آ اے دِلِ پریشاں آج اُس سے چلکے اُلجھیں
یا بال بنرا نکالا یا کاکلِ دوتا کا

سامانِ صد کدورت بیٹھے ہیں دل میں بھر کر
کس کس کی خاک کا وُہ دیکھیں اڑائیں خاکا

تقلیدِ خاکساری ہوتی ہے خاک ہو کر
مِٹ مِٹ کے ہم نے سیکھا اندازِ نقشِ پا کا

قاتل جفا پہ مائل عشاق خوں گرفتہ
بازار آج کل ہے چمکا ہوا قضا کا

ہر ہر سخن پہ لغزش ہر بات پر ہے لکنت
اور اُس پہ ہم کو دعویٰ اظہارِ مدعا کا

کس کس کا رشک کیجے کس کس کا شکوہ انور
مفتون اک جہاں ہے اُس کی ادا ادا کا

مبتدا انتہا ہے منزل کا — چلنے والا ہوں وادئ دل کا

دیکھنا اضطراب بسمل کا — دشنہ رک رک گیا ہے قاتل کا

کیوں کہ کہدوں کہ کچھ نہیں ہے لگاؤ — زخم کاری ہے تیغ قاتل کا

ہے انا الحق سراپا کیوں بیداد — گر نہیں ہے رواج باطل کا

وصل سو فصل ہے کہ رنجشِ دل — کام کرتی ہے حد فاصل کا

عقدۂ دل زباں پہ آتا ہے — نام کیا لیجے حل مشکل کا

عالم آشوب ہے نظر تو معاف — کون طالب ہے فیض شامل کا

بے نیازی پہ ناز کتنا ہے — جاں نثاری ہے جرم مائل کا

دل بنا ہے جو حجاب اٹھا — وہ ہی پردہ ہے چشم غافل کا

پرتوہ آب کا سراب میں دیکھ — سایہ دریا میں دیکھ ساحل کا

دورِ ساغر ہے زندگی اپنی — حال گرداب میں ہے ساحل کا

جزو ذاتِ حبیب ہے عاشق — نام دریا ہے نام ساحل کا

میں اور الجھاؤ دل کی وحشت میں — حکم رکھتے ہیں سو سلاسل کا

آئینہ دیکھتے ہو عکس کہاں — منہ کہاں ہے کسی مقابل کا

نہ سہی دیر کعبہ ہو کے چلو
پھیر ہے انور ایک منزل کا

ہے سہارا حجاب حائل کا — جذب دیکھا نہیں مرے دل کا

رُوئے عاشق ہیں دیکھ غمِ دل کا
حالِ بسمل سے پُوچھ بسمل کا

نہ کھلی آنکھ تا کہ کچھ دیکھے
خواب ہے ہر خیال غافل کا

ہے فغاں ہیں مرے ستم مخفی
گُل سے دِل پھٹ گیا عنادل کا

حق تو یوں ہے کہ حق ہے صولتِ حُسن
ہے یقیں اُنکے قول باطل کا

حشر کو مانتا ہوں بے دیکھے
ہائے ہنگامہ اُس کی محفل کا

تنگ یہ زندگی سے ہوں کہ اجل
نام ہے یہاں شفائے عاجل کا

چشم میں اشک کیوں اٹکتا ہے
ہے کوئی مُدعا مرے دِل کا

آسماں پر ہے فرقِ ناز و غرور
تیرے کُوچے کے پائے زرگِل کا

کشمکش ہے کہ کچھ کہوں نہ کہوں
یہ ہے مشکل میں عُقدہ مشکل کا

ارنی سنجے کلیم اللہ
دِل بڑھاتی ہے تیرے مائل کا

کتنے دِل خوش ہیں تیرے زندانی
شور ہے دِل نشیں سلاسل کا

قیس اک مُشتِ خاک اور یہ عزم
لیگیا ساتھ ساتھ محمل کا

اِک ذرا اور ظلم اے شبِ ہجر
وقت ہے وقت حل مشکل کا

بند در بند ہوں کہ ہوں پابند
اس گرفتاری سلاسل کا

سدِّ رہ گرچہ تھی صعوبتِ راہ
لے اُڑا اشتیاق منزل کا

کم نگاہی کا پردہ کیا کم ہے
کیوں ہے پردہ حجاب حائل کا

سر سے راہِ وفا میں جو گذرا
اُس سے پُوچھو نہ حال منزل کا

ہیں کہاں آپ شوخئے دل سے | رنگ جمتا نہیں ہے محفل کا
خاک ہے زندگی سہارے کی | حُکم ہے ایک بحر و ساحل کا

اسکو سُننا بھی جہل ہے انور
پند ناصح سخن ہے جاہل کا

کچھ خوشی کچھ ہے خوف بسمل کا | رنگ اُڑنے لگا ہے قاتل کا
دِل کو دیکر مزا لیا دِل کا | کھو کے پایا سُراغ منزل کا
کب نکلتا ہے بل ترے دل کا | ایک عُقدہ ہے لاکھ مشکل کا
گرچہ بے اصل ہوں مگر دِل پر | نقش ہے وعدہ ہائے باطل کا
اور ہے لُطف دست و پا زدنی | کیوں تکے مُنہ غریق ساحل کا
جان نکلی نہ کیوں فغاں کے ساتھ | حوصلہ تنگ ہے عنادل کا
خلوت آرائی رقیب نے پوچھ | گُل ہوا ہے چراغ محفل کا
طبع دِقّت پسند ہے دمِ قتل | مُدعا سوچتا ہوں قاتل کا
حُسن وُہ خودنما وُہ جذبۂ عشق | جادہ اِک راہبر ہے منزل کا
ہمنفس سے نہ ضد نہ میں بےصبر | کیوں کہوں قصہ اپنی مشکل کا
مجھ پہ بے دانشی کا احساں ہے | کہتے ہیں دشمن اسکو عاقل کا
تمکو حق سے کہیں نہ مانگ اُٹھے | حوصلہ بڑھ گیا ہے سائل کا
مُشکلیں یہ پڑیں کہ ہوش نہیں | سہل پڑھتا ہوں لفظ مشکل کا

کھل گیا منھ پہ راز سوختۂ قتل
دیکھنا رنگ میرے قاتل کا

آخر آغوش ہم بھی رکھتے ہیں
رشک ہے ربط بحر و ساحل کا

چشم سوئے فلک ہے سوزِ وصال
منتظر ہوں بلائے نازل کا

ناتوانی کے صدقے ہوں کہ نہیں
فکر پابندیٔ سلاسل کا

نعش اُٹھوائیگا میری تم سے
یہ نہ اُٹھنا حجاب حائل کا

حُسنِ عالم فروز کو دیکھو
کیا تماشا ہے ماہ کامل کا

چھپ رہا حشر آتے آتے کہیں
شور سُنکر مری سلاسل کا

سادہ دِل ہیں عدو کی بات سُنی
چل گیا نقش نقشِ باطل کا

آئینہ دیکھنا کہ غش آنا
حال پوچھو ذرا مقابل کا

چونک اُٹھے فتنہ ہائے خفتۂ حشر
غل سا غل ہے مری سلاسل کا

ایک قدم ہمت اور بھی انور
ے پُچکے ہیں سواد منزل کا

شوق تھا ناتمام بسمل کا
ہاتھ اوچھا پڑا ہے قاتل کا

صاعقہ ہے نفس نفس دِل کا
آپ دشمن ہوں اپنی حاصل کا

زیست ہے شغل بیقراریٔ دل
کام کرتی ہے موج ساحل کا

یہ غلط جسپہ آئے وہی سہے
حشر ہے مجھ پہ آفتِ دِل کا

پہلے حسرت کے آئینسے گذرا
دشنہ کتنا رواں ہے قاتل کا

تھی غضب طرزِ پرسش ہمدرد
لب تک آیا ہے مُدعا دل کا

اپنی اک آرزو پہ جیتا ہوں
کہ بھروسا ہے عشق کامل کا

عام کتنی ہوئی حلاوتِ درد
بوالہوس اور شکر قاتل کا

یار بے درد چارہ گر نومشق
کسکو سونپوں معاملہ دل کا

سب کو مقصود ہے مرا جلنا
بیگناہ ہوں چراغ محفل کا

ہم ہی بیخود تھے ورنہ سو سو بار
پردہ اُٹھ اُٹھ گیا ہے محمل کا

وہم قتل عدو سے مرتا ہوں
ہاتھ جھوٹا پڑا ہے قاتل کا

واجب القتل ضبط آہ سے ہوں
خون سر پر ہے حسرت دل کا

خضر اک راہبر سہی لیکن
میں نشاں پوچھتا ہوں منزل کا

برق گرنے لگی ہے مجنوں پر
پردہ اُٹھنے لگا ہے محمل کا

کیا شب وعدہ شاد بیٹھا ہوں
کیا بھروسا ہے جذب کامل کا

اک نظارہ پہ منحصر ہے مرگ
سہل مشکل ہے چارہ مشکل کا

فصلِ گل ہے بندھا خیال شکست
انکو دل کا مجھے سلاسل کا

غرق وہاں ہوں جہاں لگا تو نہیں
کشتی و بادبان و ساحل کا

تیری نیرنگ نے مٹایا رنگ
قیس و لیلی و نجد و محمل کا

لفظ مشکل پہ لب بھی کھل نہ سکا
ذکر کیسا کشاد مشکل کا

پائے ہرزہ خرام کو توڑا
مجھ پہ احسان ہے سلاسل کا

کچھ تو ہو مُزدِ رنجشِ بازو ‌‌ ‌ کچھ تماشا تو دیکھ بسمل کا

ہم چلے اپنے ہاتھ سے انور
اثر اُلٹا ہے جذبۂ دِل کا

اللہ رے زور شور نسیمِ بہار کا ‌ دُنیا میں غلغلہ ہے شکستِ خمار کا

دِل نذر کیوں نہ ہو صفِ مژگانِ یار کا ‌ آخر لڑا ہوا ہے مقدر ہزار کا

حد سے گذر گیا ہے قلق انتظار کا ‌ کُھلتا ہے آج پردہ ترے پردہ دار کا

ہے رشک یا اثر ہے یہ کچھ ہجرِ یار کا ‌ مِلتا نہیں مزاج مرے رازدار کا

سچ سچ کہینگے گرچہ ترا شکوہ ہو تو ہو ‌ یہ سامنا ہے داورِ روزِ شمار کا

چندے شکستِ خاطرِ دشمن کی مشق ہو ‌ ہے توڑنا مرے دِلِ اُمیدوار کا

آیا ہے بہرِ فاتحہ وُہ مہروش کہیں ‌ بے نُور ہے چراغ ہماری مزار کا

کیا جانے کس کے دم سے ہے آباد میکدہ ‌ ساقی وظیفہ بند نہ کر بادہ خوار کا

مِلتے ہی آنکھ اُس سے حواس اپنے اُڑ گئے ‌ آغاز نام ہے مرے انجام کار کا

تھوڑی رہی ہے کشمکشِ یاس و آرزو ‌ اب کیا پتہ ہے دِل میں شکیب و قرار کا

کیا تجھ پہ اور مجھ پہ بنیگی بروزِ حشر ‌ دامن پہ تیرے ہاتھ پڑیگا ہزار کا

اب کہتے ہو کہ غیر کے ہم آشنا نہیں ‌ جب بھید کُھل گیا مژۂ اشکبار کا

تم اور سوچ سوچ کے کہنا کہ ہاں درست ‌ مَیں اور چبا چبا کے گِلا روزگار کا

مخفی نشاں مٹانیکو آتے ہیں شکوہ وُہ ‌ روشن رہے چراغ ہماری مزار کا

ہر شے کو انتہا ہے یقیں ہے کہ وصل ہو
عرصہ بہت کھنچا ہے مری انتظار کا

نالہ سے جورِ چرخ کا دیتا نہیں جواب
اللہ رے دماغ ترے خاکسار کا

وہاں دل پہ مان لوں کہ کدورت نہیں مگر
اُلجھا ہوا ہے ہاتھ ہمارے غُبار کا

بگڑا ہے تُو کسی سے عدو آہمیں ہو کہ ہیں
کچھ مُنہہ بنا ہوا ہے مرے رازدار کا

سُوجھی تو اب سے بات نہ پُوچھے رقیب کی
تیرا ہی تو گلا ہے گلا روزگار کا

انور نہ بیٹھ یوں غمِ عصیاں میں بند بند
دروازہ وا ہے رحمتِ پروردگار کا

میں نے کہا کہ غیر سے پردہ نہیں ہوا
کہنے لگے کہ آپ کو پھر کیا نہیں ہوا

پہنچینگے اُڑ کے باغ میں یہ طائرِ ضعیف
پروا نہیں گر ایک بھی پر وا نہیں ہوا

ہمراز ہیں رقیب تنک ظرف خود نما
کیونکر تمہاری بات کا چرچا نہیں ہوا

وُہ یوں ہنسے عدو سے کہ گویا نہیں ہنسے
یہاں ظُلم وُہ ہوا ہے کہ گویا نہیں ہوا

یوں وہم ہو مگر خبرِ وصل ہے دروغ
اخلاص انکو غیر سے ایسا نہیں ہوا

ٹھہرا ہے اُس سے بوسہ پہ یہاں اُنکا لین دین
چھو توں بھی جو کہ ہاتھ کا سُچا نہیں ہوا

سجدے کئے رقیب کو کہنے سے یار کے
کیا کچھ مرے نصیب کا لکھا نہیں ہوا

اتنا تو ہم بھی جانتے ہیں او ستم شعار
زخمی تری نگاہ کا اچھا نہیں ہوا

گر مرتے گرتے آ بھی پڑے تیری بزم میں
آنکھیں پڑیں یہ ہم پہ کہ اُٹھنا نہیں ہوا

سو باتیں چُھپکے چُھپکے ہوئیں میرے قتل کی
کہنے کو اُنکا غنچۂ لب وا نہیں ہوا

کیا سخت بیحیا ہے کہ پھر قصد ہے وہیں
انورؔ کل اُسکے کوچے میں کیا کیا نہیں ہؤا

ہؤا ہوں بارِ خاطر اک جہاں کا — یہ ثمرہ ہے مری آہ و فغاں کا
سہا اس پیچ میں ظلم آسماں کا — کہ یہ بھی ناز ہے اُس دلستاں کا
قدم اُٹھتا نہیں اس در سے اپنا — ستم یہاں تک اُٹھایا پاسباں کا
نہ بولیں آپ سب دعوے ہیں باطل — کھُلا عقدہ لبِ گوہر فشاں کا
گرا پڑتا ہے اک اک سانس کے ساتھ — یہ عالم ہے تمہارے ناتواں کا
تماشے پر فقط اب زندگی ہے — کہ ہے آنکھوں میں دم اس نیمجاں کا
نکالا تیر نے حسرت کو دل سے — مکاں مہماں نے چھینا میزباں کا
کہی بُلبُل سے گُل چیں کی حکایت — نیا رنگ ستم ہے باغباں کا
کسی کا فریہ مرتے اور نہ مرتے — یہ ہے اک لطف عمرِ جاوداں کا
تری رفتار نے چکرا دیا ہے — زمیں کرنے لگی کام آسماں کا
سُنا ئیں بختِ خوابیدہ کو پہلے — اثر اُلٹا ہے اپنی داستاں کا
یہ کلفت خیز ہے فریادِ بُلبُل — کہ فصلِ گُل میں عالم ہے خزاں کا
چھپایا زخمِ دل کو چارہ گر سے — خُدا حافظ ہے ہم سے بدگماں کا
مَیں ان بانکی اداؤں کے تصدق — کہ پل میں بل نکالا آسماں کا
چھُری ہوتی ہے اُنکی تیز ہم پر — مگر یہاں حال ہے سنگِ فساں کا

مسیحائی کرو مرتے ہیں تم پر
خلاصہ ہے یہ اپنی داستاں کا

وہ ہیں بیچین اپنی نازکی سے
اٹھانا بار ہے خوابِ گراں کا

ہوا غنچہ گلِ عارض حیا سے
سخن میں گل ہوا غنچہ دہاں کا

وہ آئے ہیں تماشے کو لبِ بام
ستارہ ہے بلندی پر فغاں کا

یہ کس حیرت فزا سے خلوتی ہوں
کہ عالم ہے مکاں میں لامکاں کا

ثباتِ فصلِ گل پر زعمِ بلبل
ہوا پر باندھنا ہے آشیاں کا

نظر اس شوخ سے ملتی تھی انور
کہ برسا ایک مینہہ تیر و سناں کا

نہ توڑنا کبھی پیماں یہاں نہ آنیکا
ہمیں بھی ولولہ ہے صبر آزمانیکا

چمن میں قصد ہوا بھی جو انکو آنیکا
تو غنچہ آپ میں پھولا نہیں سمانیکا

عدو کو حوصلہ تیرے ستم اٹھانیکا
بدل گیا ہے مگر رنگ ہی زمانیکا

یہ زلف و رخ کی تو آرائشیں نہیں خالی
خیال دل میں ہے آیا کہیں کے جانیکا

عدو کے گھر میں چلے ہو تو پھر رہو گے کہاں
خوشی سے آپ وہ گھر میں نہیں سمانیکا

جراحت دل عاشق سے پوچھیے غنچہ دہن
یہ لطف ہونٹوں ہی ہونٹوں میں مسکرانیکا

وہ عندلیب اسیری پسند ہوں کہ مجھے
قفس میں بھول گیا نام آشیانے کا

ادھر یہ شوق کہ اک غم کی داستاں کہیے
ادھر یہ ضد کہ نہیں حکم لب ہلانیکا

تمھارے آنیکے وعدے پہ کون جاتا ہے
یہاں خیال نہیں خواب میں بھی آنیکا

یونہیں دموں میں شبِ وصل کی سحر آخر — وہ کافر ایک ہی دمباز ہے زمانیکا

مزاج شوخ سہی پر کچھ ایسے کھل کھیلے — کہ بات بات پہ عالم ہے لوٹ جانیکا

ہوا بھی دینگے نہ ہم دل کی بھولکر تم کو — مآل سوچ گئے ہیں نظر چرانے کا

کیا جو ضبط فغاں تو ٹپک پڑے آنسو — یہ کون ڈھنگ ہوا راز دل چھپانیکا

خدنگ ناز سے بچتا ہے کوئی دل میرا — بندھا ہوا ہے یہ صید آپ کے نشانیکا

وہ لطف وائے ستم کچھ اشارے آنکھوں میں — مزا وہ ہائے رے شرما کے سر جھکانیکا

خدا نہ کردہ وہ دلسوز غیر کیوں ہوویں — یہ رنگ ڈھنگ ہے سارا مرے جلانیکا

صفائی طبع سے آپ اپنے گھر کا دشمن ہوں — نظر میں خار ہے خاشاک آشیانے کا

مری نمود سے پیدا ہے رنگ ناکامی — پسا ہوا ہوں کسی کے حنا لگانے کا

جہاں کو سر پہ اٹھالیں یہ پائمال ترے — ذرا بھی پائیں جو مقدور سر اٹھانیکا

یہ کوہکن سے نہیں کم وصال شیریں میں — پہاڑ اٹھایا ہے خسرو نے ناز اٹھانیکا

بلائے درد کو دل پر خوشی خوشی لیجے — بڑا گناہ ہے الفت میں دل چرانے کا

نفس نفس میں یہاں تیرے ظلم کی فریاد — سخن سخن میں عیاں شکر ہے ستانیکا

یہ وقت رحم ہے اے سخت جانئے عاشق — یہ پہلا وار ہے تیغ انکے آزمانے کا

تمہارے آگے یہ ہستی پہ اپنی ہنستا ہے — عجب ہے کیوں تمہیں غنچہ کے مسکرانیکا

ہوا بندھی یہ دم شعلہ بار کی اپنے — چمن میں فکر ہے بلبل کو آشیانیکا

الٰہی اور نہ تھی کیا مرے گنہ کی سزا — کہ انتظار دیا ہے کسی کے آنے کا

کسی اشارۂ مژگاں کا وار کھایا ہے
ہے اپنا زخم جگر چارہ گر چھپانے کا

چمن میں جاتی ہے لیکر شمیم گیسوئے یار
صبا کو فکر ہے پھر کوئی گل کھلانیکا

خدا اٹھائے کسی کو نہ پاس انور کے
یہ ایک رند ہے بگڑا شراب خانے کا

حشر میں کون مرے حال کا پرساں ہوگا
یہاں کچھ انصاف ہوا ہے کہ جو کچھ وہاں ہوگا

ہائے کیا کیا نہ وہ اس گریہ پہ نازاں ہوگا
جسکی آنکھوں پہ ترا گوشۂ داماں ہوگا

اور مجھ سا نہ جہاں میں کوئی انساں ہوگا
گریہ آئیگا تو سر پر مرے احساں ہوگا

بزم احباب جنوں کا مرے درماں ہوگا
ناصح آئینگے دماغ اور پریشاں ہوگا

ہوں میں ایذا طلب ایذا ہی سے درماں ہوگا
تم بھی ہر زخم پہ چھڑکو گے تو احساں ہوگا

بے نقاب اسکا مگر عارض تاباں ہوگا
پھر بھی اک چراغ تہ داماں ہوگا

ابتو اک بوسہ پہ پورا مرا ارماں ہوگا
حسرتیں بڑھ گئیں لو اور بھی ارماں ہوگا

قد قیامت ترا اور اسپہ خراماں ہوگا
جدھر آجائیگا اک حشر کا ساماں ہوگا

ہم بھی ہونگے یہی خنجر مژگاں ہوگا
آج پر کیوں نہ ہو کل ہم پہ جو ایجاں ہوگا

آتشیں داغ سے تن سرو چراغاں ہوگا
سوز الفت ہے بہر رنگ نمایاں ہوگا

ہائے تو غیر کے گھر شب کو جو مہماں ہوگا
دل میں کافر نے نہ چھوڑا کوئی ارماں ہوگا

ہائے زیست مجھے موت کا ساماں ہوگا
ہر نفس سینہ میں تجھ بن مجھے پیکاں ہوگا

اسپہ مرتے ہیں کہ کیوں تو نے جہاں کو مارا
ہاتھ کس کس کے ترا حشر کو داماں ہوگا

مجھ کو زنداں میں نہ لیجاؤ کہ نالہ میرا
اور زندانیوں کا سلسلہ جنباں ہوگا

لالہ ہے داغ بدل زخمی ہے گل غنچہ خموش
کچھ کرشمہ ترا اے نرگس فتاں ہوگا

بت پرستی ہے یہ اک کفر ہے کیسی الفت
دل نہ دیگا جو کوئی صاحب ایماں ہوگا

گو کہ ہے آپ گلا کاٹنا اپنا مشکل
کاٹنے سے شب فرقت کے تو آساں ہوگا

حسرتیں اپنی تو نکلیں نگہہ قاتل سے
رہگیا دل میں کسی کے کوئی ارماں ہوگا

زیست ہے یوں ہی ترے ہاتھ سے مرنا ہمکو
مرتے اس پہ ہیں کہ پھر کوئی پشیماں ہوگا

کیسا زنداں کہ ہمیں سقف فلک میں ہے کلام
دیکھنا جو دم فریاد اسیراں ہوگا

ترے جھگڑے تو چلے جائینگے تا روز شمار
فیصلہ اپنا بھی کچھ اے شب ہجراں ہوگا

آئینہ ہاتھ میں کیا لیتے ہو خنجر ہی نہ لو
آخرش قتل کا عالم ہی کے ارماں ہوگا

وسعت سینہ کم اور ایک سے یہاں ایک عزیز
اب جگر ہوگا کہ دل ہوگا کہ پیکاں ہوگا

کچھ کہے یا نہ کہے آپ کا دنبالہ چشم
اپنی آنکھوں میں تو اک خنجر براں ہوگا

تم نہ آؤگے تو کیا رات ہی کٹنے کی نہیں
کیا نہ پہلو میں کوئی خنجر براں ہوگا

نہیں بیوجہ یہ خوننابہ فشانی انور
لہو ہو ہو کے نکلتا کوئی ارماں ہوگا

دامن وسیع دیکھ کے عفو الہ کا
ارماں ہے بیگناہ کے دل میں گناہ کا

پرہیز شیخ کو ہے تو رندوں کو ہے ضد
گذرے گماں نہ میکدہ پر خانقاہ کا

خوش ہوں اگر رقیب کی جانب نظر ہے
ہے صاعقہ بھی نام تمھاری نگاہ کا

ہمت بھی ہم سے دور ہے منزل کی طرح ہی
قطعِ نظر بھی راہ سے ہے قطعِ راہ کا

ہے بسکہ شوق ذلت و خواری سناں گزار
سینہ میں خوں ہوا ہوسِ عز و جاہ کا

پہلے ظہورِ جلوہ سے آتی ہیں حسرتیں
بڑھتا ہے پاؤں شاہ سے آگے سپاہ کا

چلنے سے پاؤں کٹ گئے منزل کٹی گئی کیا
تیغِ دو دم ہے مجھکو خطِ جادہ راہ کا

قربان ایسے حسنِ تجلی فروز کے
دھوکا شبِ وصال دیا صبحگاہ کا

جائے نگاہ آہ نکلتی ہے آنکھ سے
دل میں ہجوم ہے یہ غمِ صبر کاہ کا

بیٹھے ہیں داغ رشکِ عدو صورتِ عدو
بے رنگ میرے دل میں تری نیمگاہ کا

عاشق کے آنکھ دیکھنے میں گو نہ کچھ کہے
آئینہ حیرتی ہے کسی رشکِ ماہ کا

منزل رسی یہ ہے کہ جہاں بازگشت ہو
ہے نعل واژگونہ نشاں اسکی راہ کا

وہ ہے کہ نقش ہے دل و جان رقیب پر
عالم نہ پوچھئے مرے حالِ تباہ کا

اب اور کس کو دیکھئے اور کس کو دیکھئے
بیٹھا ہے نقش آنکھوں میں اس نیمگاہ کا

بے صرفہ ہم لٹاتے ہیں انور دُرِ سرشک
گو ہیں فقیر دل سے ہے مگر بادشاہ کا

گریہ سے غصہ انکا مٹایا نہ جائیگا
شعلہ بھڑک اٹھا ہے بجھایا نہ جائیگا

مرجائینگے جو درد اٹھایا نہ جائیگا
الفت کے مرتبہ کو گھٹایا نہ جائیگا

وقفِ صلائے لطف و غضب صرفِ دورباش
اس کشمکش میں دل کو پھنسایا نہ جائیگا

ظلمِ نگاہ لطف سوئے غیر یاد ہے
سو حشر تک بھی دل سے بھلایا نہ جائیگا

بیشک کہ جاؤں دیر سے اور آؤں طور پر
ذوق نظر تو بار خدایا نہ جائیگا

چتون ہی کچھ بنیگی جو آنکھیں جھکی رہیں
تمکیں سے شوخیوں کو دبایا نہ جائیگا

کیا پُوچھتے ہو دِل میں جو ہے ماجرائے شب
سو رشک سے زبان پہ لایا نہ جائیگا

نالہ نہ آئے ضعف سے گو تا بہ لب آئے
کیا آسمان کو بھی جلایا نہ جائیگا

کچھ سوزِ عشق لائیے کچھ برق اضطرار
دِل سرد مہریوں سے جلایا نہ جائیگا

ہُوں خاک اُنکے کُوچہ میں ہموں گراں نشیں
میرا غبار اُن سے اُڑایا نہ جائیگا

دِل ہے کہاں کہ کھوئیں جسے بات بات پر
سچ ہے تمھاری بات کو پایا نہ جائیگا

شکلِ وفا جفا سے نہ باز آئیں وُہ کہیں
کچھ اُن کو حال زار سُنایا نہ جائیگا

اغیار کی نشست ہے واں یہاں شکستہ پا
ہم سے تمھاری بزم میں جایا نہ جائیگا

ان سب کو خُون کرکے نکالینگے آنکھ سے
سینہ میں حسرتوں کو بٹھایا نہ جائیگا

انور طلب کرینگے ہم اک قُلزم شراب
ساقی کے حوصلہ کو گھٹایا نہ جائیگا

ردیف با

اشک بیتاب و نگہ بیباک و چشمِ تر خراب
چشم بینا سے اگر دیکھو تو گھر کا گھر خراب

گریہ بے تاثیر و فریادِ دلِ مُضطر خراب
کارِ عشق و عاشقی ناقص تمام اکثر خراب

اِک ہمارا نام جو پہنچے نہ تیری بزم تک
اِک ہماری خاک ہے جو پھرتی ہے در در خراب

ہے ادب سے نُطق بند اب کیا بیاں ہو مُدعا
پہلے ہی یہاں ہو چکا گفتار کا دفتر خراب

دل خراب اور سب ہوا و حرصِ دل بیکار ہے
ہے فضائے دہر میں حالِ بُت و بُت گر خراب

جان ہی جاتی ہے گفتار شکر آلود پر
بوالہوس سے نیت عاشق ہے کچھ بڑھکر خراب

شب عدو کے ساتھ وہ انکو مجھسے چھپتے پھرتے تو
الغرض پھرتے ہو یوں ہی رات بھر دن بھر خراب

دل خراباتِ مُغاں سے ہم اُٹھا سکتے نہیں
ہو گئے اس خاکداں میں چار دن رہکر خراب

پھوڑنا سر کا ہی ٹھہرا تو لاکھوں سنگ ہیں
کیجئے کیوں آستانِ یار کا پتھر خراب

جو مقابل ہیں بلا آئے وہ موجود اس میں ہے
دل ہوا اپنا صفا سے آئینہ بنکر خراب

اِک صنم کے ہاتھ بک جاتا نہ پھرتا در بدر
بُت فروشی سے ہوا ہے کسقدر آزر خراب

لُطفِ ساقی عام تھا پر وائے بختِ عندلیب
جامِ گُل بیکار نکلا ساغرِ عبہر خراب

میرے دِل میں ایک دم آئے نہیں مثلِ مراد
ہو گئے اغیار کی آنکھوں میں تم رہکر خراب

تم کسی وعدے سے پھر جاؤ کہ ہو جاؤں تمام
ہو اگر پھرنے میں میرے حلق پر خنجر خراب

منحرف ہم دیکھتے ہیں کچھ نگاہِ تیز تیز
کس رگِ جاں سے ہوا ہے یہ سرِ نشتر خراب

آرزوئے قتل بر آئی تو کیا بر آئی خاک
کچھ یہاں قسمت بُری کچھ واں دمِ خنجر خراب

یوں خراباتِ مُغاں بھی ہے خرابِ روزگار
لیکن اُس سے بھی ہے کچھ تیرہ دلِ انور خراب

ردیف تا

دل سینہ میں ہے معرکہ آرائے قیامت
آئینہ ہے ہنگامہ صحرائے قیامت

کس دھج سے چلے آتے ہیں وہ ہائے قیامت — کہدو کسی گوشہ میں سرک جائے قیامت

قامت ہی لکھا ہم نے سدا جائے قیامت — قامت نے بھلایا ترے املائے قیامت

واعظ کو دکھائینگے تماشائے قیامت — گر پڑ گیا سایہ ترا بالائے قیامت

آئی بھی تو ہمراہ عدو ہائے قیامت — اک اور بھی ساتھ اپنے لگا لائی قیامت

ہیں داد طلب ایک ستم ایجاد کی یارب — ہو اور قیامت پس فردائے قیامت

سچ ہے تو بر آئیں ترے بسمل کی مرادیں — سنتے تو ہیں کچھ وسعت صحرائے قیامت

اڑتی سی جو دیدار کی سن لی ہے تو دلمیں — اللہ رے اللہ تمنائے قیامت

تو اور ستم اُف رے کرم ہائے ترحم — میں اور گلہ ہائے غضب وائے قیامت

گریہ کو کیا ضبط نکلنے لگے نالے — طوفان کا اٹھا ہوا اخفائے قیامت

خود دوڑ کے خنجر پہ گلا رکھ دیا میں نے — قاتل نے کچھ انداز وہ دکھلائے قیامت

تم آج ہی چل پھر کے مٹا دو نہ یہ جھگڑا — کیوں کل پہ رکھو شورش و غوغائے قیامت

آتے ہیں نہ وہ تاب یہاں ضبط فغاں کی — گر آج ہی آجائے تو آجائے قیامت

کیا آئے کہ یہ دل کی تمنا ہے وہ کافر — سو طرح حنا بستہ کرے پائے قیامت

تم بات کے پورے ہو نہ آؤ شب وعدہ — تم آج ہی دیکھو نہ تماشائے قیامت

کیا بات ہے کیا بات ہے اے طول شب ہجر — ہاں آج سحر ہوتے تک آجائے قیامت

توبہ ہے کہ پھیلی یہ سیہ کاری انور
ہو روز قیامت شب یلدائے قیامت

نظر آئے کیا مجھ سے فانی کی صورت — کہ پنہاں ہوں درد نہانی کی صورت

بنا ہوں وہ میں ناتوانی کی صورت — غضب ہے کھچی بے نشانی کی صورت

خموشی جو ہے اقتضائے طبیعت — تو انکو ملی بے دہانی کی صورت

نظر آئے کیا جلوۂ حسن باقی — کہ پردہ ہے دنیائے فانی کی صورت

تم اور ذکر اغیار پر چپ رہو گے — کہے دیتی ہے بے دہانی کی صورت

ہمارے گلے پر تو چلتی دکھاؤ — کہاں تیغ میں ہے روانی کی صورت

قیام اپنا اس کوچہ میں پا بگل ہے — ملے خاک میں ہم تو پانی کی صورت

گداز دل تشنہ کاماں غضب ہے — وہ خنجر نہ بہ جائے پانی کی صورت

برابر ہے یہاں بود و نابود اپنی — نشاں ہے مرا بے نشانی کی صورت

عرق شرم سے خاکساری میں ہو نہیں — ہوا خاک بھی میں تو پانی کی صورت

جو پوچھو تو اس چشم کا دیکھنا ہے — وہ ہے گردش آسمانی کی صورت

ڈبویا مجھے آب میں شرم سے وہ — کھڑے ہیں مرے سر پہ پانی کی صورت

نمود اپنی واقع میں کچھ بھی نہیں ہے — یہاں خواب ہے زندگانی کی صورت

وہ دل رونمائی میں لیتے ہیں پہلے — دکھاتے ہیں جب جانستانی کی صورت

مجھے کشتہ دیکھا تو قاتل نے پوچھا — یقیں ہے یہاں بدگمانی کی صورت

پڑے مر کے مٹنے کو ہم ٹھوکروں میں — مگر کٹ گئی زندگانی کی صورت

زباں پر ہے قاصد کی اپنی رسائی — ہوا ہوں پیام زبانی کی صورت

مجسم ہی موہوم آتے ہیں اُن کے — نظر آتی ہے زندگانی کی صُورت

ترے وعدے پر زیست ہے مرگ اپنی — بہت ہی بڑھی ناتوانی کی صُورت

وُہ اِس شکل سے میری بالیں پہ آئے — کہ اِک آفت آسمانی کی صُورت

نظر بن کے پھرتی ہے آنکھوں میں اپنی — کسی عالم نوجوانی کی صورت

نہ ہو رشک تو کیجیے وہاں مدح دشمن — کہ ہے یار کی رازدانی کی صُورت

مجھے دیکھو اور اُسکے وعدے پہ جینا — یہ ہے زندۂ جاودانی کی صُورت

وہاں بدگمانی کی تعریف کیا ہو — یقیں ہو جہاں بدگمانی کی صُورت

نظرسوز وُہ رُخ وُہ انکار بیجا — مگر ہیں وُہ اِک لن ترانی کی صُورت

دکھاتے ہیں وُہ رُخ سے یوں ناز پنہاں — کہ الفاظ جیسے معانی کی صُورت

یہاں کیا سمائی دمِ تیغ قاتل — کہ نظروں میں ہے سخت جانی کی صُورت

جو نقش فنا ہوں تو وہ دل پہ انور
کھنچی اور اِک بدگمانی کی صُورت

ردیف ثاء

غم میں دل شاد ہے اے کون و مکاں کے باعث — تجھ سے فریاد ہے اے کون و مکاں کے باعث

تری امداد ہے اے کون و مکاں کے باعث — کہ مجھے یاد ہے اے کون و مکاں کے باعث

روز و شب ارض و سما عالم ایجاد سے ہیں — تجھ سے ایجاد ہے اے کون و مکاں کے باعث

مرنے جینے کا سہارا خوش و ناخوش کی مراد — اک تری یاد ہے اے کون و مکاں کے باعث

جسکا ہوگا کوئی اُس سے ہی کریگا فریاد — جرخ جلاد ہے اے کون و مکاں کے باعث

غنچۂ دل کو کھلاتی ہے مگر یثرب کے — خاک ہے یاد اے کون و مکاں کے باعث

آج بن آئی بہار طرب افروزی کی — صبح میلاد ہے اے کون و مکاں کے باعث

سب پہ احساں ہے ترا نُور قدم سے ترے — ناز اجداد ہے اے کون و مکاں کے باعث

نُور حق صبح ازل میں قدم سے ترے — وقت میلاد ہے اے کون و مکاں کے باعث

کاخ ہستی ہے جو دیرینہ و مضبوط بنا — تجھ سے بنیاد ہے اے کون و مکاں کے باعث

اصل میلاد تری اور ہی تھی پر یہ ظہور — شرح میلاد ہے اے کون و مکاں کے باعث

سبب خلق ہے تو ذات مقدس تری — شان اجداد ہے اے کون و مکاں کے باعث

آپ جس باغ ہیں میں ایک گل رعنا اس کا — رنگ ایجاد ہے اے کون و مکاں کے باعث

یہاں تو بھولے ہی نہیں حشر میں کیوں بھولوگے — ہاں سری یاد ہے اے کون و مکاں کے باعث

کس و لی نعمت سابق سے مجھے حشر میں رجوع — دل مرا شاد ہے اے کون و مکاں کے باعث

کوئی وہاں تھا سبق آموز بلیٰ روزِ الست — خوب سا یاد ہے اے کون و مکاں کے باعث

یادِ اک لُطف قدیمی کی ستاتی ہے مجھے — شوق کی داد ہے اے کون و مکاں کے باعث

تھے وہاں عُقدہ کشایاں بھی دم رنج و بلا — چشم امداد ہے اے کون و مکاں کے باعث

اپنی آغاز میں مخلوق کی فکر انجام — وُہ کرم یاد ہے اے کون و مکاں کے باعث

چمن قدس و گلستان جہاں دونوں میں — تو ہی شمشاد ہے اے کون و مکاں کے باعث

یہ کریمی یہ رحیمی کہ یہاں بھی وہاں بھی
بذل امداد ہے اے کون مکاں کے باعث

یہاں ذرا جذب محبت نے ٹھہرنے نہ دیا
وہاں بھی کیا یاد ہے اے کون و مکاں کے باعث

جو وہاں نور میں شامل ہے یہاں بھی ہے وہی
یہ خدا داد ہے اے کون و مکاں کے باعث

واقعی قائمۂ عرش ہے کتنا مضبوط
کس سے بنیاد ہے اے کون و مکاں کے باعث

اپنے ہم خیل کا شکوہ مجھے کرنا ہی پڑا
چرخ جلاد ہے اے کون و مکاں کے باعث

حصر اجسام پہ کیا حلقۂ اجرام میں بھی
ذکر امداد ہے اے کون و مکاں کے باعث

دل میں اک لمعۂ مہر ازل رکھتی ہے
خاک دلشاد ہے اے کون و مکاں کے باعث

ہم غلاموں میں ہیں کسدن کے ہمارا حق ہے
سہو بھی یاد ہے اے کون و مکاں کے باعث

وہاں سے آنے میں دیر اور یہاں جانے میں شتاب
شوق ناشاد ہے اے کون و مکاں کے باعث

یہ عنایت یہ تفقد یہ تلطف یہ کرم
جو ہے ایجاد ہے اے کون و مکاں کے باعث

ہو چکی بیع سلم پہلے ہی سب سے سب کی
کون آزاد ہے اے کون و مکاں کے باعث

عالم قدس سے بیرنگ کوئی نقش نہیں
کیا یہ ایجاد ہے اے کون و مکاں کے باعث

بیطلب کے وہ سفارش یہ شفاعت بے غرض
لطف ایجاد ہے اے کون و مکاں کے باعث

مجمع کل ہے وہاں بزم جہاں سے بڑھکر
عدم آباد ہے اے کون و مکاں کے باعث

ہو گیا آپ سے بےمثل کا پہلے ہی اسیر
عشق آزاد ہے اے کون و مکاں کے باعث

مرقد پاک سے معمور جہان ارواح
خاک آباد ہے اے کون و مکاں کے باعث

دیکھکر بندہ نوازی تری کیونکر نہ کہوں
خاک برباد ہے اے کون و مکاں کے باعث

کس تقدم کو دکھایا ہے کہ سب سے ملک
سب سے آزاد ہے اے کون و مکاں کے باعث

منحصر حشر پہ ہے غم کے اسیروں کی نجات
کیا یہ میعاد ہے اے کون و مکاں کے باعث

غنچہ کچھ دیکھ کے چپ چپ ہے وگرنہ ہمہ تن
لب فریاد ہے اے کون و مکاں کے باعث

کچھ دل زار میں کچھ طور پہ کچھ یہاں کچھ وہاں
کس کی روداد ہے اے کون و مکاں کے باعث

عشق کے وار ہی چلنے لگے ایک عالم پر
صید صیاد ہے اے کون و مکاں کے باعث

نکتۂ منتخب نسخۂ حق ہے تری ذات
مہر اک صاد ہے اے کون و مکاں کے باعث

تجھ سے پہلے تجھے سب جان گئے جان گئے
تو وہ اُستاد ہے اے کون و مکاں کے باعث

ایک زمانے کے ستم ٹوٹ پڑے انور پر
داد بیداد ہے اے کون و مکاں کے باعث

ردیف جیم

ہر ہفت ہو کے جان و دلِ یک جہاں ہو آج
گویا ہمارے حال پہ تم مہرباں ہو آج

ہر نالہ اپنا اس شب غم میں ہے نارسا
اُس کوچے کی زمیں نہ کہیں آسماں ہو آج

دِل میں سمائی یہ طرب روز وصل جھوٹ
ڈر ہے عدو ہمرا نہ کہیں رازداں ہو آج

صُبح شب وِصال علامت ہے حشر کی
دیکھیں کہ آفتاب کدھر سے عیاں ہو آج

گذرا ہے حد سے اب شب وعدہ میں انتظار
اغلب ہے یہ کہ وصل شب دِلستاں ہے آج

مقصود کاش وعدۂ فردا سے حشر ہو
پھر کیا بعید ہے کہ نہ ضبط فغاں ہو آج

ہے بہر عذر حسن ادائے بیاں ضرور
تم شب کو جان غیر تھے میری زباں ہو آج

ہے روز ہجر قہر ہے بیداد نا تمام
اے کاش میرے سر پہ عدو آسماں ہو آج

دل کش نگاہ میں ہے تری رنگ انقلاب
جو یہاں نہاں ہے سینہ میں شاید عیاں ہو آج

یہانتک عدو کے شک سے تم آئے ہو جلوہ ریز
دیکھو تو غور سے کہ کہاں سے کہاں ہو آج

کیا قتل سے ڈراتے ہو کشتہ ازل سے ہوں
زندہ ہوں کونسا کہ مجھے بیم جاں ہو آج

تزئیں کچھ اور کہتی ہے دیکھو تو آئینہ
میں کیا کہ آپ اپنے سے تم بدگماں ہو آج

یہ روز غم بھی شب ہو جو ہو یہ دعا قبول
یا رب نئی زمین ہو نیا آسماں ہو آج

حال شکر لبی تو کھلیگا وصال میں
وعدے سے ہاں سمجھتے ہیں شیریں زباں ہو آج

کیا کچھ سبک نہیں ہوئے شب بزم غیر میں
انصاف ہو تو اپنے بھی دل پر گراں ہو آج

تغیر حال اس شب غم میں ضرور ہے
دل مضطرب نہیں ہے تو برق تپاں ہو آج

وہ دن گئے کہ مصر کو پہنچا کوئی بخیر
تم ورنہ آفت رہ صد کارواں ہو آج

ہاں روئداد بزم عدو کیوں کہو مگر
یہ تو کہو کہ شب کو کہاں تھے کہاں ہو آج

میں اور انتظار قیامت سے بحث کیا
کیوں مجھ کو کل کے وعدے پہ مرنا گراں ہو آج

سونپا ہے اپنی بزم کا دشمن کو اہتمام
مطلب یہ ہے کہ اور کے گھر میہماں ہو آج

انور یہ خلوت غم و یارائے سوز و درد
شایاں ہے گر دماغ سر لامکاں ہو آج

ردیف را

میں ہوں زندہ سو بلائے آسمانی دیکھکر
موت کا منہہ پھر گیا یہ سخت جانی دیکھکر

مر مٹے ہم تو یہ رمز دل ستانی دیکھکر
مسکرا کر دیکھنا آنکھیں جھکانی دیکھکر

مہر و انجم کا تقابل عاشق و جاناں میں ہے
بے نشاں ہیں یار کی پرتو فشانی دیکھکر

اک حجاب اسکے تغافل کا جلا سکتا نہیں
آگ لگتی ہے مجھے آتش بیانی دیکھکر

قہر جب اٹھتا نہیں تو بار احساں کیا اٹھے
لطف بھی کیجے تو میری ناتوانی دیکھکر

نشہ اترا سامنے آتے ہی مست شوق کا
اف رے کافر تیوری تیری چڑھانی دیکھکر

بے حلاوت ایکدم کی زیست ہے جی کو عذاب
ہم تو مرتے ہیں خضر کی زندگانی دیکھکر

شوق یہ ہمت بندھاتا ہے کہ ہے کوئے یار
چھوٹتا ہے دل پہ اپنی ناتوانی دیکھکر

نذر طرز جاں ستانی اب کہاں سے لائیں ہم
جان دے بیٹھے ادائے دل ستانی دیکھکر

رنگ یک رنگی نظر میں چھا گیا اچھا ہوا
شاد ہوں مژگاں کو وقف خونفشانی دیکھکر

کام اک ذرہ نہ دیکھا جز غبار ناکسی
عرصۂ عالم کی ہم نے خاک چھانی دیکھکر

عکس چشم ساقیٔ ہوش ہو ساری میکشی
نشۂ مے میں پلا دے گردہ پانی دیکھکر

رنگ خون توبہ و تقوی نظر میں جم گیا
جلوہ موج شراب ارغوانی دیکھکر

چشم حسرت سے کس فنا کس کے ایک ایک جائے فرش
یاد رکھ مر جائے تو اے یار جانی دیکھکر

دیکھتا ہوں انور اپنے ساقی رہبر کو خضر + کھل گئیں آنکھیں شراب ارغوانی دیکھکر

یوں اشاروں میں تمھاری بات مانی دیکھکر
آفریں کیجئے ہماری نکتہ دانی دیکھکر

مرگئے ہم رُخ ترا اے یار جانی دیکھکر
موت بھی آئی تو شکلِ زندگانی دیکھکر

کیا کہونگا اور مجھ سے حشر میں پوچھینگے کیا
مرگیا ہوں اک ادائے بیدہانی دیکھکر

کام لذت یاب ہو پائے نظر بھی آب و رنگ
چاہیئے پینی شراب ارغوانی دیکھکر

ہوں ازل سے بسکہ میں پروردۂ آغوش غم
خواب میں ڈرتا ہوں روئے شادمانی دیکھکر

ہے تری صورت کشی کا خلق کو اس پر گماں
نقش حیرت ہو گیا ہوں شکل مانی دیکھکر

قطع سر سے دم نہ نکلا اُف رے حیرت کا ہجوم
رُک گیا دم اسکی خنجر کی روانی دیکھکر

وُہ مِرا غم ہے کہ دلمیں آکے جاتا ہی نہیں
غیر کو دیجے پیامِ مہمانی دیکھکر

داغ دل سالم جو دیکھا یہاں تو حیرت آگئی
دیکھتے ہیں مجھ کو وُہ اپنی نشانی دیکھکر

دیچکے ہیں وُہ کسی وعدے پہ دشمن کو زباں
پاگئے ہم بات اُنکی بے زبانی دیکھکر

ہیں عزیزِ دِل وہاں نیرنگ سازی سے رقیب
خاک ہوتا ہوں میں اُنکی قدردانی دیکھکر

اِس نگاہِ یاس سے دیکھا کہ واں رحم آگیا
ہم نے حکمت سے کیا آتش کو پانی دیکھکر

اُسکے نظارہ سے کہیئے کیا کہ یہاں کیا بنگئی
جو نہ آئے دھیان میں یہاں دل میں ٹھانی دیکھکر

بے عدو ہے سیر عالم خوار اور حیلہ ہے یہ
دیکھتے ہیں کس کو ہم اپنی جوانی دیکھکر

غش ہوں اس اُلٹی سمجھ پر میں کہ وُہ اغیار کو
مہرباں ہیں قابل نامہربانی دیکھکر

دیکھکر جلوہ ترا ہے اِسلئے دِل پر نظر
دل سے ہر شکلِ خیالی ہے ہٹانی دیکھکر

مانتا ہوں اس نزاکت کو کہ استعجاب سے
آگیا غش اُسکو میری ناتوانی دیکھکر

ہم سراپا ہو گئے نظارہ فرطِ شوق سے
اُس بُتِ خود بین کو صرف لن ترانی دیکھکر

سر یہ عالم کا اُٹھانا ضعف مین یہاں فرض ہے
اِس نزاکت پر تمھاری سرگرانی دیکھکر

اُسکے تیر دلنشیں کو دل سمجھتا ہی نہ تھا
ظلم وُہ کرتے ہیں میری قدردانی دیکھکر

انور اس مہمان عالم کی طلب میں خوار ہُوں
ہر جگہ اک رسم و طرزِ میزبانی دیکھکر

ردیفِ کاف

کوئی تڑپے نہ کیوں تاب و تواں تک
نہ پُوچھینگے نہ دیکھینگے کہاں تک

نہ آئے وُہ نہ آئیگے فغاں تک
فغاں کا زور ہے آخر کہاں تک

جو پہنچے مر کے اس جانِ جہاں تک
کوئی کیوں لے حیات جاوداں تک

رسائی کو رسائی بھی کہاں تک
کہ پہنچ جائے تمھاری آستاں تک

مدد اے خفتہ بختی اور یہاں تک
کہ سو جائے کسی کا پاسباں تک

نظر ہو تو دو عالم میں وُہ دیکھو
وُہی ہے اور وُہ یہاں سے وہاں تک

غمِ دُنیا سے ہیں آزاد آزاد
یہ سب جھگڑے جہاں کے ہیں جہاں تک

ملیں وُہ کیا کہ وحشت کے اثر سے
نہیں ملتا مزاج پاسباں تک

جہاں دیکھیں جہاں سمجھیں وُہیں ہیں ہو
مکاں ہی تو مکاں ہے لامکاں تک

نہ یہاں ہے اور نہ وہاں اور سب کہیں ہے
کہاں ہو جستجو اس کی کہاں تک

یہیں ہو اور نہیں کھلتا کہاں ہو
کہیں ہو اور نہیں ملتا نشاں تک

کسی کی آمد و شد کا ہو کیا رشک
گذر سکتا نہیں وہاں تو گماں تک

ہمارا ہاتھ اور دامن تمھارا
دعا کا ہاتھ پہنچا ہے کہاں تک

ہمارا حالِ دل سنتے ہی سنئے
بہت مشکل سے لائے ہیں زباں تک

وفا کا امتحاں پر فیصلہ ہے
کسی کا فیصلہ ہے امتحاں تک

گرینگے آنکھ سے بن بن کے آنسو
امیدیں حسرتیں دل کی کہاں تک

مزا ہے جان دینے کا کسی پر
نہ لے عاشق حیاتِ جاوداں تک

کہیں ہوں فرطِ حسرت سے وہیں ہوں
نظر پہنچی ہوئی ہے گلستاں تک

لپٹتا ہے غبار اُڑ کر کسی کا
بچائیگا کوئی دامن کہاں تک

اسیری میں مقدر سے بنی بات
قفس میں کھینچ کے آیا گلستاں تک

چلے کیوں بوالہوس عاشق کی چالیں
کہ آخر نوبت آئی امتحاں تک

قدم اُٹھیں نہ اُٹھیں شوق تو ہے
تڑپتے لوٹتے جائینگے واں تک

کسے ہم ڈھونڈتے ہیں کس نظر سے
نظر کیا آئیگا وہاں سے یہاں تک

جہاں تم ہو وہیں تو ہیں طلبگار
طلب کی حد بھی ہے کیا لامکاں تک

نہیں یاں جز غبارِ نیستی کچھ
یہی خاک اڑ رہی ہے آسماں تک

نہ رکئے منزلِ الفت میں انور
جہاں تک ہو سکے چلئے وہاں تک

ردیف نون

ان سے ہم لو لگائے بیٹھے ہیں ۔ آگ دِل میں دبائے بیٹھے ہیں

وہ جو گردن جھکائے بیٹھے ہیں ۔ حشر کیا کیا اٹھائے بیٹھے ہیں

تیرے کوچے کے بیٹھنے والے ۔ اپنی ہستی مٹائے بیٹھے ہیں

زور بل اف رے اس نزاکت پر ۔ خلق کا دِل دکھائے بیٹھے ہیں

کیوں اٹھیں انکی بزم سے اغیار ۔ رنگ اپنا جمائے بیٹھے ہیں

کچھ نہیں خاک دشتِ الفت میں ۔ ہم بہت خاک اڑائے بیٹھے ہیں

ہم نہیں آپ ہیں خوشی سے کہ وہ ۔ گھر میں مہمان آئے بیٹھے ہیں

کیوں نہ پھیلائیں پانوں بزم میں غیر ۔ آپ کے سر چڑھائے بیٹھے ہیں

جنگجو وہ ملاپ میں بھی رہے ۔ مجھ سے آنکھیں لڑائے بیٹھے ہیں

دِل کے کھوٹے ہیں سب یہ سیم اندام ۔ خوب ہم آزمائے بیٹھے ہیں

حسن نظارہ سوز ہے پردہ ۔ گو وہ پردہ اٹھائے بیٹھے ہیں

اسکی عارض سے رو کشی کیسی ۔ گل پہ ہم خار کھائے بیٹھے ہیں

جیتے ہیں نام کو وگرنہ ہم ۔ عشق میں جی کھپائے بیٹھے ہیں

بار دیکھا بھی خونِ عاشق کا ۔ آپ اور سر جھکائے بیٹھے ہیں

کیوں کہ بگڑا ہوا انہیں کہئے ۔ بگڑے اور منہہ بنائے بیٹھے ہیں

جی چرانا اور اُس پہ ہائے ستم
آپ آنکھیں چرائے بیٹھے ہیں

شرم بھی اِک طرح کی چوری ہے
وُہ بدن کو چرائے بیٹھے ہیں

جو کہ بیٹھے ہیں اُنکی پیشِ نگاہ
موت آنیکی جائے بیٹھے ہیں

دیکھ ساقی کو اپنے دریا دِل
ظرف میکش بڑھائے بیٹھے ہیں

اُسکے در سے لگا کے مقتل تک
جاں فدا جائے جائے بیٹھے ہیں

غیر باتوں سے اور ہم آنکھوں سے
ایک طوفاں اُٹھائے بیٹھے ہیں

تجھ سے دِل کا غبار مِٹ نہ سکا
اپنے کو ہم مٹائے بیٹھے ہیں

ہے یہ روشن کہ ہے حجاب میں چاند
آپ کیا مُنھہ چھپائے بیٹھے ہیں

اِس خوشی میں حنا لگاتے ہیں
کہ مرا خُوں بہائے بیٹھے ہیں

جانتا ہُوں کہ قتل پر میرے
آپ بیڑا اُٹھائے بیٹھے ہیں

میرے دل سوز بنکے یار مرے
مُفت جی کو جلائے بیٹھے ہیں

کیا سکھائیگا انکو ظلم فلک
خود وہ سیکھے سکھائے بیٹھے ہیں

ہے جہاں اُس سے فیضیاب انور
جسکے در پر ہم آئے بیٹھے ہیں

محفل میں تم کو آنکھ چرانی روا نہیں
دِل کو خُدا نخواستہ میں پُوچھتا نہیں

دو ایک بوسہ لب لعلیں سوا نہیں
صاحب زکوٰۃ حُسن ہے یہ اسمیں کیا نہیں

بوسے کی بار بار طلب ہے تو کہتے ہیں
کچھ میرے پاس آپ نے رکھوا دیا نہیں

بیٹھا وہاں رقیب تو میں رشک سے اُٹھا
کمبخت دل بھی تھام کے بیٹھا گیا نہیں

مَیں دُور ہوں تو پاس مرے فرطِ شوق سے
تو شب کو تھا بغل میں تو جیسے کہ تھا نہیں

اے کاش غیر کو انہیں آنکھوں سے دیکھ لو
مجھ کو مزا ملا ہے جو اُس کو مِلا نہیں

کھولو تو ہاتھ دیکھیں کہ کیوں مُٹھی بند ہے
دِل لیگیا اُڑا کے جو دُزدِ حنا نہیں

اپنے خدا سے وصلِ صنم مانگتا ہوں میں
ناصح نہ مر کہ تجھ سے تو کچھ مانگتا نہیں

کھوئے ہیں ایسے ہوش کسی کی تلاش میں
دِل کوئی لے بھی جائے تو میں ڈھونڈھتا نہیں

گردش میں رات دن ہے شب و روز چرخ کیا
اُس گردشِ نگاہ نے تو چکرا دیا نہیں

اچھا تم اور آنکھیں دکھاؤ رقیب کو
تم دِل میں چاہتے ہو کہ میں چاہتا نہیں

ہنسکر نمک چھڑکتے ہیں وہ دیکھ کے زخم
سچ ہے کہ زخم کھانے برابر مزا نہیں

تو ابتدا سے ہم کہیں اب داستانِ عشق
آخر شبِ فراق کی تو انتہا نہیں

دیکھو نہ بیٹھو غیر کے پہلو میں ناز سے
نازک ہو بار طعنہ اُٹھیگا ذرا نہیں

اِنساں تو کیا فرشتے بھی اس چاہِ عشق میں
اندھے ہی بنکے گرتے ہیں کچھ سُوجھتا نہیں

انور کسے دکھائیں یہ لختِ دِل و جگر
ہمدم کوئی نہیں کوئی دردآشنا نہیں

گو سب رہا ہوئے کوئی قیدی رہا نہیں
ہوں وہ اسیرِ شوق کہ دِل چھوڑتا نہیں

پامال اِک جہاں ہے ادھر بھی جفا نہیں
کھلتے ہی کچھ یہ معنے ناز و ادا نہیں

آنکھیں جھکائے جاتے ہو آتی حیا نہیں
تُم نے حیا کے پردے میں کیا کچھ کیا نہیں

کی صرف جذبِ دل کے بھروسوں میں زندگی
اور ایک دن بھی آ کے وہ یہاں تک پھرا نہیں

بھٹکے ہے کیوں ندیم سر سے منہ کو ہائے ہائے
میری خموشیوں نے تو کچھ کہہ دیا نہیں

یہاں بھی وہ آئینگے جو گئے ہیں عدو کے گھر
شوخی سے ٹھہرتے وہ کہیں ایک جا نہیں

خنجر کی تیزیوں سے مرا دم اُلٹ گیا
نظارہ تھا فزوں پر کہ یہاں کچھ بھی تھا نہیں

تعریف ہے کہ ہمتِ فرہاد دیکھنا
اے آرزوئے وصل سُنا یا سُنا نہیں

نادان خود پسند ہو نازک مزاج ہو
آئینہ دیکھنا تمہیں ہرگز روا نہیں

دیوانگی کے پردے میں رکھا ہے چاکِ دل
اپنا کسی پہ رازِ محبت کھلا نہیں

بل بے نیازِ عشق اور اللہ رے نازِ حُسن
اُس بُت کو پُوجتا ہوں کہ وہ پوچھتا نہیں

یہاں ہے وہی ثباتِ قدم راہِ عشق میں
اُنکے شکستِ عہد سے دل ٹوٹتا نہیں

کیا مر رہا ہے حسرتِ نظارہ میں رقیب
ناداں نے ذکرِ طُور و تجلّی سُنا نہیں

دونوں ہیں دل کو ایک نے مارا ہے کوئی ہو
انداز کا ہے کُشتہ اگر ناز کا نہیں

مجھ کو نکالیے تو مری حسرتوں کے ساتھ
آخر سمجھتے ہو کہ یہاں دل میں کیا نہیں

اب سات پردوں میں بھی چھپو تو نظر میں ہو
دامن کے چاک نے کوئی پردہ رکھا نہیں

بدلا یہ ہے کہ اور کوئی جور دل پسند
عذرِ جفا تلافیِ جور و جفا نہیں

قاصد تو نامہ لیتے ہی اک برق بن گیا
مضمونِ اضطراب تو کچھ لکھ دیا نہیں

نخوت سے کیا ادھر ہی چلے کوئے غیر میں
میں دیکھتا زمیں پہ کہیں نقشِ پا نہیں

دوزخ پہ کیوں لکھی ہے سزائے صنم پرست
گرمی بتوں کے حُسن میں کیا ابتدا نہیں

قاتل بھی لوٹنے پہ مرے لوٹنے لگا
شاید ادا شناس ہے ظلم آشنا نہیں

صدقے ترے کن آنکھوں سے دیکھا رقیب کو
برقِ بلا مگر نگہ فتنہ زا نہیں

آخر بتوں سے دِل کا اُٹھانا تو بار ہے
میں ضُعف میں جہاں سے خود اُٹھ سکا نہیں

کس حسرتی کی آنکھ سے کیں اشک مالیاں
کچھ دیکھتا ہوں شوخیٔ رنگِ حنا نہیں

مایوسیاں یہ شام سے یہاں آکے چھا گئیں
گھر میں شبِ فراق کے آئینگی جا نہیں

واعظ کسی خرام کی محشر پہ لا دلیل
دعوٰی بلا دلیل تو مَیں مانتا نہیں

اُلفت کی رہ میں پاؤں اُٹھائے چلے بھی اَور
انور خُدا ہی جانے کہ پھر کیا ہی کیا نہیں

شوخی سے تری ہجر کا کھٹکا گیا نہیں
ہے وصل بھی تو وصل کی شادی ذرا نہیں

بیٹھے ہو بند کھولنے بندِ قبا نہیں
اللہ رے طلسمِ حیا ٹوٹتا نہیں

اِک بُوئے رشک آتی ہے خط کی نورد سے
ہے ہے کہیں عدو سے تو لکھوا دیا نہیں

جان و جگر میں رہنے کو آئے خدنگِ یار
جانیکو یہاں جو آئے تو آنے کو جا نہیں

کرتے ہیں جمع حوصلۂ ضبط رنگ رنگ
آخر سمجھ چکے ہیں کہ وہاں دلمیں کیا نہیں

دِل ہم نہ دینگے اَور کے دینے کے واسطے
یہ تو نہ ہوگا اور کبھی حاشا ہوا نہیں

تکلیف دست و بازوئے قاتل کا فکر ہے
قاتل سے دعوی دیت و خُوں بہا نہیں

سنبھلو سنبھالو اپنے کو گرتے ہو غیر پر
سچ ہے کہ تم نے ہوش سنبھالا ذرا نہیں

اِس سادگی پہ مرتا ہُوں کیسا گمان وہم
دامن پھٹا ہے اور مری جاں سیا نہیں

بسم اللہ کہکے کود پڑوں بحرِ عشق میں
کشتی و ناخدا نہ سہی کیا خدا نہیں

ہم بھی سنیں بتاؤ تو کیوں آج آئے ہو
کہتے تھے یہاں قبول ہی ہوتی دعا نہیں

دیکھیں ہیں آنکھیں آپکے دزدِ نگاہ کی
چوری سے بوسہ لونگا میں اب مانگتا نہیں

کیا ذبح کرتے ہو نگہ سرمہ گیں سے تم
بسمل کے لب پہ زمزمۂ مرحبا نہیں

میں اور قرار ایک نہیں اور وفا ہزار
تم اور وعدے سیکڑوں اور اک وفا نہیں

اک شوخ شوخ چشم کا نظارہ گی ہوں میں
اے نرگس چمن مجھے آنکھیں دکھا نہیں

اچھا مری طرف نگہ تیز تیز کیوں
اچھا مری جراحتِ دل کی دوا نہیں

تم آنکھیں بند کرکے گرے ہو رقیب پر
یہ بھی قسم بجا ہے کہ چشم آشنا نہیں

کیوں ہائے ہائے حضرت واعظ کو پڑ گئی
ہوں توبہ توڑتا کوئی دل توڑتا نہیں

لے دل ہی دل میں خون ہوئے آرزوئے قتل
وہاں شوق آزمائش بازو رہا نہیں

ہم سے یہ ترچھی ترچھی نگاہیں بھلی نہیں
دشمن سے سیدھی سیدھی یہ ملنا برا نہیں

اک آس تو ہے وعدے پہ انور بندھی ہوئی
گو جاں بلب ہوں پر ابھی مرنا روا نہیں

انکو حالِ دلِ مجروح رقم کرتے ہیں
انگلیاں جائے قلم اپنی قلم کرتے ہیں

قہر کا ظلم قیامت کا ستم کرتے ہیں
وہ خدا سے نہیں ہوتا جو صنم کرتے ہیں

ہم پہ تو ظلم بھی ہے تو بھی کرم کرتے ہیں
کوئی کہدو یہ ستم ہے جو ستم کرتے ہیں

کچھ یہ کرتے ہیں کہ سجدے کو گرے پڑتے ہیں
کیا کہیں کچھ جو ترے نقشِ قدم کرتے ہیں

ہم نہ عاشق نہ وفادار پر آؤ تو ابھی
فرش آنکھیں روشِ نقشِ قدم کرتے ہیں

لینگے عاشق تیری اب جنس گرانمایہ درد
جمع دِل میں درم داغ درم کرتے ہیں

کس و ناکس کو لگا لاتے ہیں ہمسر بنکر
کرتے جو ہیں یہ تیرے نقشِ قدم کرتے ہیں

حشر کیا شئے ہے فقط یہ شئے ہے کہ او فتنہ خرام
ملکے فریاد تیری کُشتۂ غم کرتے ہیں

کوئے اُلفت میں نہ آئے کہ نہ تھا کچھ جھگڑا
گبرو زاہد ہوسِ دَیر و حرم کرتے ہیں

نہ سہی تیغ یہ انداز بھی تو قاتل ہے
گو ہنسی سے ہی وُہ تلوار علم کرتے ہیں

غیر اِک غیر سہی آنکھ ملاتی بھی ادھر
آپ کیوں ہنسکے سرِ ناز کو خم کرتے ہیں

عرش گستاخی باغ اور عدو شان خدا
یہ ہی کہدو نہ کہ جو کرتے ہیں ہم کرتے ہیں

چشمِ بد دُور فلک سے مجھے ڈر ہے انور
آجکل دِل سے وُہ ایجادِ ستم کرتے ہیں

خیالِ رُخ میں ترے جب قمر کو دیکھتے ہیں
تو اِک تفاوتِ شام و سحر کو دیکھتے ہیں

وُہ ترچھی ترچھی نظر سے جدھر کو دیکھتے ہیں
ہم اِک جہان اِدھر کا اُدھر کو دیکھتے ہیں

جو غور کرکے ہم اس چشمِ تر کو دیکھتے ہیں
تو ایک دشت سراپا گہر کو دیکھتے ہیں

زمیں کو یہ سرِ ناز انکے پائے ناز سے ہے
کہ آسماں پہ ہم اُس رہگذر کو دیکھتے ہیں

کیا ہے میں نے لہو پانی ایک اُلفت میں
ہنر پسند مرے اس ہنر کو دیکھتے ہیں

لبوں پہ طعن سے یاروں کے جان ہے اپنی
کہ آپ اُس صنمِ فتنہ گر کو دیکھتے ہیں

طریقِ عشق میں جیتے ہیں ہو کے بے سر و پا
نہ پاؤں کو ترے عاشق نہ سر کو دیکھتے ہیں

فلک کو پاتے ہیں ہم ایک خاک کا تودہ
جب اپنے نالۂ آتش اثر کو دیکھتے ہیں

رقیب روتے ہیں اپنے دل گرفتہ کو
سرے جو خندۂ زخم جگر کو دیکھتے ہیں

یہ اُنکے جلوے نے دیوانہ کر دیا ہم کو
کہ اُنکے سامنے دیوار و در کو دیکھتے ہیں

یہ دیکھتے ہیں کہ اسمیں رہا ہے کیا باقی
وُہ بار بار جو پھر کر ادھر کو دیکھتے ہیں

نیا نیا ہمیں عالم فلک دکھاتا ہے
کبھی جو خواب میں اُس فتنہ گر کو دیکھتے ہیں

قدم قدم پہ برابر ہے فرش دیدہ و دل
نئی روش پہ تیری رہگذر کو دیکھتے ہیں

ہم اک زمانہ کو پاتے ہیں کشتہ اپنا سا
ہم آجکل تری طرز نظر کو دیکھتے ہیں

دل و جگر نہیں دامن میں اب کوئی دم میں
اب اور رنگ پہ ہم چشم تر کو دیکھتے ہیں

میں اس ادا کے تصدق ہزار جان سے گو
خوشی خوشی مری زخم جگر کو دیکھتے ہیں

تم اپنے ناز و تبختر سے اور کھنچ بیٹھو
ہم اپنے جذبۂ دل کے اثر کو دیکھتے ہیں

ہوا جو وصل میسر تو دیکھنا قسمت
ہم اپنی شام سے رنگ سحر کو دیکھتے ہیں

یہ ہم دکھاتے ہیں جو پارہ پاسۂ دل انور
عیاں ہے بینش اہل نظر کو دیکھتے ہیں

حشر تک دیکھئے کیا فتنے بپا کرتے ہیں
فتنے ہر دم تری ٹھوکر سے اُٹھا کرتے ہیں

مَیں اُٹھاتا ہوں جو دشمن پہ جفا کرتے ہیں
میرے جینے کی ہوس کار دعا کرتے ہیں

ناتواں دیکھ کے اسطرح جفا کرتے ہیں
مجھ پہ وُہ لطف و کرم حد سے سوا کرتے ہیں

بے نیازی پہ عبث ناز کیا کرتے ہیں
یاد وُہ مجھکو بے صرف جفا کرتے ہیں

جور پر جور جفا پر وہ جفا کرتے ہیں
اسپہ بھولے ہیں کہ ہم یاد کیا کرتے ہیں

اشک سے نم سر مژگاں ہے تو اب ہاں ہے محیط
مجھپہ طوفان تیری محفل میں اٹھا کرتے ہیں

حال کیا کچھ نہ کھلے چشم خمار آگیں سے
ہے یہی راز چھپانا کہ حیا کرتے ہیں

لطف و بیداد سے کیا بحث غرض ہے انکو
جو مرے حق میں وہ کرتے ہیں بجا کرتے ہیں

جاں ستاں جانتے ہیں وضع ملامت اپنی
یہ جفا کم ہے کہ وہ عذر جفا کرتے ہیں

دور فرقت میں ہے اب وہ دکھائیں منہہ کیا
وصل میں مجھ سے بجا شرم و حیا کرتے ہیں

حشر اٹھوائیے کاش ان سے اٹھا کر انکو
یوں عدو بزم میں بیٹھے ہوئے کیا کرتے ہیں

عجز سے ناز بڑھا شکوہ سے غصہ انکا
وہ بھی سب ہیچ اور اب یہ بھی خطا کرتے ہیں

بھول جاتا ہوں ابھی سب الم درد فراق
کوئی کہدے کہ تمھیں یاد کیا کرتے ہیں

ہے ستم کش میں جو ہمت تو ستم بھی ہے کرم
ناز ہم جانتے ہیں اور وہ جفا کرتے ہیں

کوئے دشمن میں ہیں ملا اس سے کشان رہ دوست
جان ہم نذر نقوش کف پا کرتے ہیں

شرط ہے حسن سلیقہ بھی ستمگاری میں
خوگر جور ہوں وہ عذر جفا کرتے ہیں

ہے تصور کہ وہ یہ بیٹھے ہیں یہیں اغیار
دل میں ہم اپنے یہ ہنگامہ بپا کرتے ہیں

اپنے مٹنے پہ رہ یار میں ہے ناز تو ہم
سجدے کیا کیا سر نقش کف پا کرتے ہیں

موت کیا چیز ہے ہنگام قلق ہم دل پر
جان کو صدقے پے دفع بلا کرتے ہیں

آسماں ضد پہ ہے ہم جانتے ہیں ورنہ وصال
آپ مہمانئے سنبھلئے بلا کرتے ہیں

کاش امید شکستہ پہ ہوں یہاں سایہ فگن
وہ ترے عہد کہ دشمن سے ہوا کرتے ہیں

مجھ سے یوں ملئے کہ ہو راہ دلوں میں وُرنہ
یوں تو دشمن سے بھی ملنے کو ملا کرتے ہیں

رشک دشمن پہ بھی چُپ رہنے کا موقع نہ رہا
کہ وُہ کہتے ہیں کہ اظہارِ وفا کرتے ہیں

کچھ نہیں ہے سرِ پرخاش فلک کو ہم سے
شاد ہیں دِل میں کہ ناشاد رہا کرتے ہیں

ہم پہ آتی ہے قیامت کوئی دن جاتا ہے
مشورے دِل سے شب و روز رہا کرتے ہیں

چُپ یوں ہی بیٹھے ہیں ہم کچھ نہ گلہ ہے طلب
اِمتحاں اثرِ جذبِ وفا کرتے ہیں

کاش یوں ہو کہ اسی پردہ میں کچھ اپنی کہوں
کہتے ہیں قصۂ دشمن وُہ سُنا کرتے ہیں

کم کم اس دیکھنے کو اُنکے بہت کچھ سمجھو
اب کوئی دِن ہے کہ وُہ ترک حیا کرتے ہیں

ذوق تقریرِ غمِ یار میں شرکت کیسی
آپ ہم کہتے ہیں اور آپ سُنا کرتے ہیں

یوں مری نعش پہ وُہ نوحہ کناں کیوں ہیں مگر
ظُلم جو رہ گئے اب اُنکو ادا کرتے ہیں

نہیں غافل دِلِ آزار طلب سے ہم بھی
اِک ستم سہتے ہیں اور لاکھ دُعا کرتے ہیں

ہم بھی اسرارِ محبّت سے ہیں واقف اتنے
کچھ اشارے ہیں کہ آنکھوں میں ہوا کرتے ہیں

آنے میں میری دمِ نزع تو مقصد ہے کہ ہم
تا دمِ آخر عشاق وفا کرتے ہیں

فکر ہے پرسشِ فردائے قیامت کی مگر
کہ ستم ناز کے پردے میں کیا کرتے ہیں

غم سے سینے میں گھٹے دِل تو فغاں کر انور
درد ہوتا ہے تو کچھ اُس کی دَوا کرتے ہیں

یہ مستیوں کا رنگ ہے جوشِ شباب میں
گویا کہ وُہ نہائے ہوئے ہیں شراب میں

شکوے کئے یہ اُنسے کہ چپ ہیں جواب میں
اپنے کو آپ بھول گیا اضطراب میں

میں حشر تک شمار کئے جاؤں یوں ستم
اچھا ہے بھول تو نہ پڑیگی حساب میں

یہاں اُنکی ضد سے سوز محبت ہوا نصیب
واعظ وہاں شریک ہے میرے ثواب میں

کیا غم دراز دستیٔ نا سعید کا
دامن کو لے چلا ہوں بھگو کر شراب میں

آنکھوں میں ہو سمائی ہوئی دل میں ہو یہاں
تم بے حجابیوں سے ہو سو سو حجاب میں

ہے کشمکش میں جان کہ ابرو میں ہے شکن
دل پیچ میں ہے یا ترے گیسو ہیں تاب میں

لائے ہیں میرے قتل پہ تم کو کشاں کشاں
گستاخ ہیں رقیب تمہاری جناب میں

ساقی نہ پوچھ وارِدِ افسردہ خاطری
آتش ملا دی آب کے بدلے شراب میں

بگڑے ہوئے مزاج پہ چتون بنی ہوئی
شوخی بھری ہوئی نگہ پُر حجاب میں

اب بھی جو ہو وصال تو یہ چھیڑئیے کیا
ہے ہے بگڑ بگڑ کے وہ اٹھنا عتاب میں

تعبیر ہے کہ مضطربانہ جیوں سدا
لعلِ نمک فشاں ترے دیکھے ہیں خواب میں

کیا کیا سہیں رقیب کی نازک مزاجیاں
ضد سے مرے پڑے ہیں وہ کیا کیا عذاب میں

عشقِ صنم عذاب جہنم ہے پر قبول
واعظ کی ضد سے جان کو ڈالوں عذاب میں

زور آزما وہ شوخی و شرم اور وہ نازکی
دم چڑھ گیا کشاکشِ بندِ نقاب میں

قدموں پہ گر پڑوں کہ وہ تنہا ادھر گریں
گرتے ہیں ایک ایک پہ جوشِ شباب میں

منظور ہے کہ خواب پہ ملزم کریں مجھے
ورنہ وہ مجھ سے ملنے کو آئے تھے خواب میں

انور بس اب تو بیٹھ کہیں تھک کے ایک جا
تھوڑی اُڑائی خاک زمانِ شباب میں

کچھ کچھ وُہ چھیڑ لطف کے کم کم عتاب میں
جی ہے اُمید و یاس سے کس کس عذاب میں

ہیں وقت شکوہ گاہ خجل گہ عتاب میں
سو سو سوال رد کیے اِک اِک جواب میں

دریائے جرم ہو تو سکھاوے ہوائے عفو
تردامنی مری ہے وہاں کس حساب میں

کیا شکر کیجے ساقئ دریا نوال کا
ڈُوبا ہوا ہوں سر سے قدم تک سراب میں

دیکھیگا جو رہیگا زمانے کے انقلاب
مرتا ہوں اُس نگاہ کے اِک انقلاب میں

یارب وفائے وعدہ کی فردا ہے انتہا
اِک روز اور بھی ہے ابھی میرے حساب میں

اوّل ہے ناز سلسلہ جنبان نیاز کا
یُوسف گئے ہیں پہلے زلیخا کے خواب میں

ناصح نہ ہٹ کے کوئی نہ ہوگا مرا حریف
کہتا ہے مجھ سے قطع محبت کے باب میں

پڑتی ہے اپنی آنکھ تو دشمن کی آنکھ پر
دلدوزیاں سی ہیں نگہ کامیاب میں

سُنتا ہے اُن سے جوش غضب میں عدو کا حال
لاتا ہے چھیڑ چھیڑ کے اُنکو عتاب میں

ہے دل کشی نگاہ میں اور دل کی ہے طلب
حیران ہُوں کہ اُنسے کہوں کیا جواب میں

دشمن سے چار ہو کے ملے مجھ سے کس طرح
جو آنکھ پشت پا سے نہ اُٹھی حجاب میں

گھبرا گئے رقیب کے اُٹھتے ہی بزم سے
اِک اِک سے بات بات کہی اضطراب میں

اب کچھ ہوئے ہیں غیر سے پیمان اتحاد
اب کہتے مجھ سے قطع محبت کے باب میں

ہیں پردہ میں تو شرم سے ملتی نہیں نظر
گویا چھپے ہوئے ہیں نگہ کے حجاب میں

جینا ہے حشر تک مجھے بیداد اُٹھانے کو
کیوں فرق آئے اُنکے شمار و حساب میں

میرے پہ کاش پر تو صورت پڑی نہ ہو
کچھ اور بنگئے وُہ بگڑ کر عتاب میں

مضطر ہے جلوہ بہر نمائش دکھا ہی دو
کیوں کر چھپیگی برق تجلی نقاب میں

کہتا ہوں بعد عرض طلب غیر سے ملو
وہی کہو جو پہلے کہا تھا جواب میں

پائی نجات خوب ہی واعظ کے ہاتھ سے
دامن ہے غرق تا گریباں شراب میں

ارسال نامہ سے نہ تسلی ہوئی تو ہم
قاصد کے ساتھ ساتھ چلے اضطراب میں

دیکھو تو میری بات کا نکلا نہیں جواب
سوچو تو ہے سخن دہن لاجواب میں

کچھ اپنے دن پھریں تو کہیں ورنہ کیا کہیں
گردش میں ہے فلک کہ جہاں انقلاب میں

بیکار ہم ہیں اور اسے کہتے ہیں خاکداں
جی بھر کے خاک اڑائیں جہان خراب میں

ساقی کی آنکھ پر رہے انور سدا نظر
جیکو گھلا نہ فکر عذاب و ثواب میں

خونفشانی میری داخل میرے نقصاں میں نہیں
ابتو دامن میں ہے وہ کچھ جو بدخشاں میں نہیں

کیا ہے اے دست جنوں تار جو داماں میں نہیں
فرق ایسا بھی تو ناصح کے گریباں میں نہیں

سچ ہے کیونکر نہ رہے برہمی زلف کا ہوش
تم نے دیکھا ہی مجھے حال پریشاں میں نہیں

لیگئی کیا کسی مجروح کی پہلی قسمت
کہ ذرا شورِ تبسم لبِ خنداں میں نہیں

جوشِ دل کے مرے لے ڈوبے مرے مطلب کو
کہ شکائت کے سوا بات کی عنوان میں نہیں

نکہتِ گیسوئے مشکیں نے بگاڑا ہے دماغ
اب دوائے دلِ مجروح نمکداں میں نہیں

حوصلے تو نے بڑھائے ہیں دِکھا کر جلوے
کچھ سماتا نظرِ صاحبِ عرفاں میں نہیں

چارہ گر نیشِ محبت کی کھٹک کیا جانے
کہ تری نشترِ دل دوز رگِ جاں میں نہیں

تھا مری عرضِ تمنا کا جو بیکار جواب
لکھ دیا پہلے ہی مکتوب کے عنواں میں نہیں

ایک نہیں تو نہیں مجروح کی قسمت میں شریک
ورنہ کیا کچھ ترے حُسنِ نمک افشاں میں نہیں

وسعتِ حوصلہ سے یاس ہے اُمید اپنی
مرے دل میں وہ کچھ آیا ہے جو امکاں میں نہیں

سطوتِ عشق کو مانا کہ زلیخا کی طرح
چین کچھ حضرتِ یوسف کو بھی زنداں میں نہیں

نالہ ہائے سپے ہم کتنی تنگ ظرفی ہے

ٹھہرتا کچھ بھی دلِ عاشق نالاں میں نہیں
ایک یہ ہے کہ شہادت نہیں دعوے پہ مرے
مصلحت کیونکر ترے عشوۂ پنہاں میں نہیں

طپش ہے میری خوشی میں مگر انور میں نے
ورد چھوڑا ہی دلِ گبر و مسلماں میں نہیں

کون ہمدم ہے کہ وہ دشمنی جاں میں نہیں
بے رگِ برق نفس سینۂ سوزاں میں نہیں
مجھ سا دیوانہ وہشیار ہو امکاں میں نہیں
خاک اڑاتا ہوں مگر کوچۂ جاناں میں نہیں
صرف دلجوئی اغیار نہ ہوتی کیا کیا
خوش ہوں یوں ہی کہ صفا خاطرِ جاناں میں نہیں
چاکِ دل سینے کو ہے رشتۂ جاں مدنظر
تار دامن میں نہیں جیب و گریباں میں نہیں
خود ہی تکرار ہے جلوے میں تو یہاں بس کیا ہے
گرچہ کچھ تابِ نظر دیدۂ حیراں میں نہیں
کوئی جا ہو دلِ بیتاب ٹھہر جائے کہیں
کیا گلستاں میں رکھا ہے کہ بیاباں میں نہیں

بیٹھنا نجد میں کیا جب قدم اُٹھے اُٹھے
اپنے کاشانہ میں ہے قیس بیابان میں نہیں

اب جو سینے سے یہ نکلی بھی تو کس کام آئی
اب خلش ہی مرے دل میں ترے پیکاں میں نہیں

جو کہے سچ ہے نہ مے پی نہ کہیں دل اٹکا
گفتگو کچھ سخن ناصح ناداں میں نہیں

جب چلے ہیں تو بصد شوق سر نشتر تیز
دامن اُلجھا ہی کبھی خار مغیلاں میں نہیں

دستِ بیداد سے کافر کے ہوں اتنا دِل تنگ
بددعا دِل سے نکلتی حق درباں میں نہیں

ہے تذبذب کہ انہیں دیکھ کے کچھ کہہ نہ اُٹھوں
گرچہ اب تک کوئی لغزش مرے ایماں میں نہیں

آسماں کیا مرے مطلب پہ نہیں پھر سکتا
یہ کرشمہ ہی تری نرگس فتاں میں نہیں

دی جنوں نے مری ہمت کے موافق تکلیف
میں بیاباں میں ہوں وہ تنگ کہ زنداں میں نہیں

برملا غیر سے کیوں ملکے مجھے قتل کیا

کچھ کمی تو ستم غمزۂ پنہاں میں نہیں

عمر کرتا ہوں بسر بخیبر انہ انور ؎
جان کچھ کشمکش مشکل و امکاں میں نہیں

کرے ریشہ دوانی اب ہما کا پر پرستاں میں ؎
قلم صرف رقم ہے وصف شاہ شیر یزداں میں
وہ ہے ذات یداللہ ہی میں جو ہے بند امکاں میں
یداللہ ہے وہ اور کیا کچھ نہیں ہے دست یزداں میں
فشار جذب دل یار کف پا ہے بیاباں میں ؎
خلش باقی نہیں چھوڑی کسی خار مغیلاں میں
مگر زاہد اڑے گا اب پری بنکر پرستاں میں ؎
اڑا دی آدمیت سب ہوائے باغ رضواں میں
محبت فرق کچھ رکھتی نہیں عشاق و جاناں میں
بسی ہے بوئے پیراہن قبائے پیر کنعاں میں
لگایا دل ٹھکانے یہاں خیال زلف پیچاں میں
ملی جمعیت خاطر مجھے خواب پریشاں میں ؎
یہ کچھ آرائشیں ہیں کس کی مہمانی کے ساماں میں
کہ سو سو رنگ ہیں یہاں دیدۂ خونناب افشاں میں

نہیں انجم یہ رو رو کر کسی کے یاد دنداں میں
بھرے ہیں ہم نے موتی دامن شب ہائے ہجراں میں
ہر اک جانب سے ہے نقش عن المطلوب عکس آرا
دل اک آئینہ خانہ ہے تجلی گاہ عرفاں میں
تری الفت میں جو سوئے گریباں ہاتھ جاتا ہے
سماتا ہی نہیں اک تار شادی سے گریباں میں
نظر کیا فرقت یوسف میں کرتی حال پر اپنے
کہ تھی چشم زلیخا روزن دیوار زنداں میں
ہوا دم بند اپنا کثرت صحرا نوردی سے
مجھے ان پاؤں کے ہاتھوں ملا زندان بیاباں میں
اگر مدِّ نظر ہے زینت بزم فراموشی
لگا دو نقش یاد مدعی تم طاق نسیاں میں
اگر تصویر میں بھی ہے تو وہ پرواز شوخی سے
ملاتا ہی نہیں صورت کسی صورت سے انساں میں
یہ بھولے ہوش صدموں سے کہ سب کچھ یک قلم بھولے
مگر ہاں جان دینی یاد آئی روز ہجراں میں
اڑاتا خاک ہی ہوں جس قدر ہے دشت پیمائی

کھلے ہیں ہاتھ بھی پانوں کے ساتھ اپنے بیاباں میں

اگر دیکھو تو اب اک بات ہے دلجوئے عاشق
کہ دل خوں ہو کے آیا دیدۂ خونابہ افشاں میں

طریقِ راستی مجھ کو ملا برگشتہ راہی سے
خدا یاد آگیا یادِ بُتِ برگشتہ مژگاں میں

ہُوا مجبُور ایسا اُس ادائے کافرانہ سے
کہ زاہد چھوڑ بیٹھا دل خیالِ حفظ ایماں میں

عدو سے راز کا اخفا نمائش ہم سے اُلفت کی
کنائے سیکڑوں ہیں وہاں اشارتہائے پنہاں میں

جُدا اک دم گریباں سے نہیں ہوتا نہیں ہوتا
جنوں نے ہاتھ میرا ہی دیا شائد گریباں میں

چُراتے ہیں وُہ مجھ سے آنکھ اور میں جان دیتا ہوں
کہ اپنی زیست ہے اُس کی ادائے چشم فتاں میں

مرا اور اس بُت مخمُور کا ہے ایک سا عالم
جو وہاں لغزش قدم میں ہے تو یہاں ہے پائے ایماں میں

کہاں پست و بلندِ سیرِ عالم اور کہاں یُوسف
مگر ہونا تھا ماہ مصر گرنا چاہ کنعاں میں ؎

چمکتا دیکھتا ہوں نجم بخت مدعی اس میں
نظر آتا ہے کیا کچھ تیری پیشانی کے افشاں میں
یہ قطرات عرق سے کیوں عرق آلودہ خجلت ہے
مگر مرتا ہے کچھ پانی معتبر اُس زنخداں میں
وُہ چشمِ مُدعا بین سکندر پہ ہوئی پردہ
اُڑائی خاک جتنی جستجوے آب حیوان میں
بڑھے جو شوق کے ہاتوں وُہ ناکامی سے ہٹ آئے
قدم اک کشمکش میں پڑگئے ہیں کوُے جاناں میں
خضر ذوقِ حیاتِ جاوداں پر جان دیتے ہیں
مگر زہرِ ہلاکت تھا حجابِ آبِ حیواں میں
ثباتِ سرمدی ہے خاک راہِ یار میں ہونا
کیا ہے سعی کو مٹّی تلاشِ آبِ حیواں میں
جھلک جاتے ہیں تارے دِن کو پیش چشم صدمے سے
بھلا کیا فرق ہے شام وصال و صبح ہجراں میں
اگر یہاں آستیں ہے پردہ دار جوششِ طوفاں
چھپا رکھا ہے تم نے شورِ محشر دورِ داماں میں
اُلجھے رشک میں کس کس سے کس سے دِل میں بل رکھے

جہاں اُلجھا ہوا ہے اُس خمِ گیسوئے پیچاں میں
حجابِ رُخ اُٹھا کر یہ حیا سے چشم پوشی کی
کہ سونکتے نکالے ہیں فروغِ ماہ تاباں میں
ہوئیں پیش از نظارہ بند آنکھیں ایک پرتو سے
کہیں کیا ہم تجلّی ہے تمھارے روئے حیراں میں
اُٹھا ہوں خوابِ سنگین عدم سے یا صنم کہکر
پڑی یہاں طرزِ مسماری بنائے قصرِ ایماں میں
ہوا یہاں اک نظارہ سے کلیم و طور کا عالم
سمائی ہے تجلّی کس طرح اُس روئے تاباں میں
دُعا سے بند یہاں بہائے زخم اور وہ نمک افشاں
مگر قندِ مکرّر بھر دیا اُس نے نمک داں میں
لگائے تیر اُس نے یا نگاہ قہر آلودہ
لگایا اور اک پیکان زہر آلود پیکاں میں

نظر ہو تو نظر آتی ہے کیفیت دو عالم کی
چلو انور تماشا دیکھ آئیں بزمِ رنداں میں

کیا کہئے ذوقِ سعی میں ہوں گام زن کہاں
دِل ہے تو ساتھ دِل کے ہے سامانِ صد شکست

ہُوں میں جہاں وہاں سرِ سایہ فگن کہاں
جاتی ہے یادِ زلف شکن در شکن کہاں

کچھ اُس سے فرطِ شوق ستم کا گلا نہیں ہے آپ میں وُہ دلبرِ بیداد فن کہاں
پیر بزرگ پیکر و فرتوت سال ہے جائیگا ہم سے بچکے سپہرِ کہن کہاں
بل اس میں آگئے ہیں تمھاری مزاج کے پائیں مزاج جعد سراپا شکن کہاں
اِک بات تلخکامیٔ فرہاد تھی اُسے شیریں تھی نام کے لئے شیریں دہن کہاں
تم چشم پوشیاں نہ کرو مجھ کو دیکھکر پوشش برائے نام کہاں اپنا تن کہاں
دلچسپ لب ہیں بات سے معذور کیوں نہوں جائے تو اُس کے لب سے نکلکر سخن کہاں
ہے بخت و اتفاق کہ بجھ جائے جند سوز ورنہ کہاں ہیں اور تمھارے چلن کہاں
ہے اضطراب و وحشتِ دل بعد مرگ بھی یعنے ہماری نعش کو دفن و کفن کہاں
دِل سوزِ غم سے خاک ہے اور وُہ ہی پیچ و تاب جاتا ہے جلکے بھی خم و تابِ رسن کہاں
قُربِ عدم ہے دُور ہوں ہستی سے جسقدر چھوڑوں وطن کو میں مجھے چھوڑے وطن کہاں

انور شکایتِ ستمِ یار خیر ہے
سوچیں تو دلمیں آپ کہ پہنچا سخن کہاں

سب خوبیاں ہیں آپ میں جائے سخن کہاں پر اسمیں کیا کہو گے جو کہئے دہن کہاں
بیداد دوست ہوں مجھے تابِ سخن کہاں دم ہے تو ہو مگر نفس دم زدن کہاں
فرحت یہاں نصیبِ دلِ پر حزن کہاں کُنجِ قفس میں آئے فضائے چمن کہاں
پیچھے پڑی ہے اُسکے شبِ وصل مدعی وہاں پُشت پر ہے جعد سراپا شکن کہاں
حسرت میں صید ہونیکے ہوں ایک سے ہزار جائیگا مجھ سے بچکے وُہ ناوک فگن کہاں

جرم اسلئے کیا کہ سنیں اُسکے منہہ سے کچھہ ہم تو زباں دراز ہیں پر وہاں سخن کہاں

شیریں کے بدلے تلخئی جاں کھچکے آگئی پہنچا ہے زور جذب دل کوہکن کہاں

مجبور چند بیٹھے ہیں اک بُت کے سامنے واقع میں انجمن ہے تری انجمن کہاں

ہے زندگی میں تن پہ گراں تار پیرہن مرکر اُٹھیگا نعش سے بار کفن کہاں

مستانہ ایک ایک پہ گرتی ہی دیکھہ لو جاتی ہے آپ سے نگہ سحر فن کہاں

ہر پھر کے یہ ہی گھر ہے کہ گذری ہے ایک عمر جائے تو دل سے سوزش داغ کہن کہاں

سر پھوڑنے پہ قطع رہ عشق کا مدار پڑتا ہے پاؤں دیکھہ تو اے کوہکن کہاں

کہتا ہے اپنی اپنی ہر اک درد ناشناس یارب ہے ایک جلوۂ بیخود فگن کہاں

راہِ وفا پہ آئے وہ یہ بھی نہیں قبول پُرخار ہے طریق وہ گل پیرہن کہاں

منصور اور سیاست افشائے راز خیر چھوٹا ہے پر مقدر دار و رسن کہاں

انور اک آفتاب قیامت سے خوف تھا
جائے گا سایۂ علم پنجتن کہاں

دِل پہ یہ کوہ غم اور حلق پہ تلوار نہیں یعنے انساں ہوں مجبور ہوں مختار نہیں

مانع وصل بجز پردۂ پندار نہیں ہے تو ہے پاس نہیں تو کہیں وہ یار نہیں

زندگی ضعف سے ہے بار پہ نہار نہیں ہوں تصور سے میں اُس در پہ جہاں بار نہیں

چونک اُٹھے طالع خوابیدہ تو دشوار نہیں چین دیتی ہی کبھی کو تری رفتار نہیں

نظر اس خوف سے اب اُس سے ملاتا نہیں غیر جانتا ہے کہ پناہ نگہ یار نہیں

وہ تبسم نہ نمک ریز نہ مشک افشاں زلف
کچھ بھی درمانِ دل و سینۂ افگار نہیں

نہیں ممکن کہ نہیں دل میں ترے الفتِ غیر
دل ملانا ہی ترے دل سے سزاوار نہیں

دم ہے آنکھوں میں تو ہو دل اسی امید میں ہے
اور دو دم کوئی کھینچ جائیں تو دشوار نہیں

دل گرفتہ ہوں کہ شاید نہیں میں قابلِ صید
کہ گرفتارِ خمِ طرۂ طرار نہیں

سخن مصلحت آمیز ہے انکار انکا
لطفِ اقرار ہی کیا ہے اگر انکار نہیں

فکر یہ ہے کہ نہ پوچھیں وہ نشانی اپنی
مجھ کو منظور علاجِ دلِ افگار نہیں

سعی بیجد سے ہدایت ہوئی غائب اتنو
اور ابھی شوق یہ کہتا ہے کہ جی ہار نہیں

خار بھی ہوں تو ہوں بے رنج رسائی سے نفور
کہ دلِ بلبل و گلچیں میں فراخار نہیں

ناز یہاں رہنے کا ہے رکھے زمیں پر کیوں پانو
تیرے کوچے میں کہیں سایۂ دیوار نہیں

دیکھکر غیر کو ہم کیوں نہ بگڑتے ضد سے
برہمی آپکی محفل میں سزاوار نہیں

کاش دیوار ترے گھر کی مرے سر پہ گرے
نہ سہی غیر کا گر سایۂ دیوار نہیں

حصر ایک دل پہ ہے کیا حشر اُٹھانیکے لئے
آج کل دیکھتا ہوں شوخئ رفتار نہیں

یوں مدارا ہو مری لاگ سے تو غیر سے ہو
پر مروت تو تری چشم میں زنہار نہیں

جادہ اک شعلہ سرکش ہو پر انکو منظور
امتحانِ اثرِ گرمئ رفتار نہیں

پہلے کچھ حوصلہ و ضبط تو پیدا کریں
جب کہیں یہ کہ دکھاتے ہمیں دیدار نہیں

دستیار ایک نہ ایک ہے پئے قتلِ عاشق
ہاتھ میں وہاں دلِ دشمن ہے جو تلوار نہیں

زیست یہاں انکی محبت ہے تو میرے غمِ قتل
آپکو کھینچتے ہیں کھینچتے تلوار نہیں

اس تغافل منشی پہ تیرے عالم قرباں
سرد مہری تو کہیں گرمی بازار نہیں

ضد کے بندہ ہیں وہ اور یہاں طلب وصل انور
یوں کہو اُن سے کہ ہم طالب دیدار نہیں

بات ہم سے ہے تو جز پرسش اغیار نہیں
تم دہن رکھتے ہو پر یہاں لب اظہار نہیں

ہاں جو بھولے سے ہے اک بار تو سو بار نہیں
لفظ اقرار مگر داخل گفتار نہیں

تم کو بھی یوں ہی نظر جانب اغیار نہیں
ہم کہیں جیسے کہ کچھ تم سے سروکار نہیں

قتل کرتا ہے تو پھر آج سے فردا کیوں ہو
جاں ستانی ہے کوئی وعدہ دیدار نہیں

خوش ہوں کیا میں کہ ترے ہاتھ میں دل آئے
ورنہ تو اور سر دعوی اغیار نہیں

تلخی کوہکن و عمر خضر دی مجھ کو
نہیں ملنا انہیں منظور اور انکار نہیں

دل ہے بیدرد تو سالم ہی نہیں ذوق نظر
ایک آزار ہے یہ بھی کہ کچھ آزار نہیں

وہ عیادت کو گئے ہیں جو عدو ہے بیمار
ہم ہیں اس فکر میں بیمار کہ بیمار نہیں

یہ ہی کام آئیگا اک دن دم پیغام رقیب
بات اچھی ہے کہ وہ جانتے اقرار نہیں

زیست ممکن نہیں پر جیتے ہیں تم پر مر کر
ہمکو دشوار سا دشوار بھی دشوار نہیں

دم پیغام جو ہاں کی تو نہیں کچھ تسکیں
ایک یہ بھی تری شوخی ہے کچھ اقرار نہیں

گو تمہیں ہو مگر ایک تشکل مقابل تو ہے
آئینہ دیکھتے ہو شرم نہیں عار نہیں

گو بلا ہے مگر ایک مونس تنہائی تو ہے
مجھ کو لیلی کے برابر ہے شب تار نہیں

کیا عجب گرمی غمخانہ کا گل ہو نہ چراغ
کہ مجھے نام سے نزہت کے سروکار نہیں

آنکھ پھرنیکا زمانے کی ہے کیوں مجھ پہ مدار — گردشِ چشم میں کچھ نقطۂ پرکار نہیں

زیرِ ایواں ترے اک اور بلا مجھ کو قریب — چشمِ عاشق ہے مگر روزنِ دیوار نہیں

بات میں چال وہ چلتے ہیں کہ رفتار کہوں — چال میں بات وہ جو قابلِ گفتار نہیں

دیکھنے میں انہیں تو دیکھتے کیا کیا نہیں ہم — نظر آتے نہیں تو زیست کے آثار نہیں

کاش اقرار نہ کرنا تری عادت ہوتا — قہر یہ ہے کہ کہیں ہے کہیں اقرار نہیں

قابلِ رشک ہے یہاں انکی گرانقدریِ حسن — بے بہا ہیں تو کوئی انکا خریدار نہیں

یہ تو کچھ اور ہیں واعظ نہ الجھنا ان سے — گرچہ اپنے ہی میں رندانِ قدح خوار نہیں

گھر میں ہے دشت کا سامان مجھے وحشت کے سبب — ہاتھ دامن سے الجھتا ہے اگر خار نہیں

تیغ وہاں ہاتھ میں ہے دل میں غمِ پرسشِ حشر — میں خطاوار سہی گرچہ خطاوار نہیں

عالم آشوب ہے نیرنگِ نگاہِ مخمور — مست تو مست ہے ہشیار بھی ہشیار نہیں

واجب الرحم ہوئے جرم و خطا سے اغیار — میں خطاوار ہوں اس میں کہ خطاوار نہیں

اپنے اس کثرتِ نظارہ نے سب بند کیے — دیکھتا ہوں کہ کوئی روزنِ دیوار نہیں

بندۂ بت ہوئے کچھ یاد نہیں ریو و فریب
اب نئے سر سے تو انور کوئی اقرار نہیں

سیج تو ہے جو طرف یار ہے گو یار نہیں — بزمِ عاشق ہے کچھ آغوشِ ہوس کار نہیں

کیا سبک دوش ہوں الفت میں کہ سربار نہیں — سر نہیں یہاں جو سرِ مصلحت کار نہیں

جلوہ دکھلانے سے وہاں مطلب انکار نہیں — ہم بھی کہتے ہیں کہ ہم طالبِ دیدار نہیں

خار ہوں زار ہوں پر اسکی نظر میں بھی نہیں
کیونکہ کہدوں کہ پناہ نگہ یار نہیں

لے ہی بیٹھے گا کبھی گریۂ گستاخ اپنا
ہے فلک کچھ ترے کاشانہ کی دیوار نہیں

طلب وصل پہ خاموش ہیں اور ہیں کم گو
یہ بھی اقرار ہے انکا کہ کچھ اقرار نہیں

جان دیتے ہیں بس اب اہل ہوس بھی تجھ پر
گرچہ مرتا ہوں یہ مرنا بھی سزاوار نہیں

سینہ میں جان کا ہو جائیگا رہنا مشکل
دل کا لانا تو تری بزم سے دشوار نہیں

محفل غیر سے اس چال سے لاویں اسکو
کہ قیامت کے برابر تری رفتار نہیں

برق و محشر کہوں کچھ سوچ کے گر کچھ دم لے
ٹھہری دل میں تو وہ شوخیٔ رفتار نہیں

مدعا صاعقۂ جلوہ سے جل جاتا ہے
میں تو موسیٰ کی طرح طالب دیدار نہیں

یہ نزاکت نہیں ضد ہے کہ مرے قتل پہ تم
ہاتھ اٹھا لیتے ہو تلوار سے تلوار نہیں

لاکھ پھرتا ہوں پر آغاز اور انجام ہے ایک
حاصل کار بجز گردش پرکار نہیں

آشیاں اپنا سراپا ہے اگر خار تو کیا
آنکھ میں برق کی کھٹکا کرے وہ خار نہیں

اک غزل اور کہ آخر یہ سخن ہے انور
سخن اک بات ہے اور بات تو دشوار نہیں

وصل اغیار سے گر مطلب انکار نہیں
ہم بھی کہتے ہیں کہ ہم طالب دیدار نہیں

ایک یہ بھی تری شوخی ہے کہ اقرار نہیں
مجھ کو بھی کچھ خلش عاقبت کار نہیں

گر یہی دورۂ اغیار ہے مثل پرکار
آپ پھر کیا ہیں اگر نقطۂ پرکار نہیں

کیا ہوا ہو گیا گرتا نہیں سر پہ مرے
آسماں پر تو کہیں سایۂ دیوار نہیں

عشق میں بلبے درستئ شکستِ بازار
جنس غم مفت ہے اور کوئی خریدار نہیں

شائد آجاؤں کفِ پا میں ترے اسلیے میں
ناتوانی سے ترے راہ میں ہوا خار نہیں

ہم فغاں کرتے ہیں ایما ہے کہ ہو ایک نگاہ
ہاتھ وہ کانوں پہ رکھتے ہیں خبردار نہیں

دیگر

سینے میں دل سے لگاتا یہ جگر کچھ بھی نہیں
تری مہمانی کو اے تیر نظر کچھ بھی نہیں

کہتے ہو پاس عدو مد نظر کچھ بھی نہیں
کیا یہ چشمک یہ اشارے ہیں اگر کچھ بھی نہیں

کیا یہ کہتے ہو محبت میں اثر کچھ بھی نہیں
انور اللہ کی قدرت پہ نظر کچھ بھی نہیں

دل کو کیا جانتے ہو دل کی خبر کچھ بھی نہیں
کچھ قیامت سے سوا ہے یہ اگر کچھ بھی نہیں

دل ہے یک قطرۂ خوں سینہ میں سو کام کا ہے
بس ترے رونیکو اے دیدۂ تر کچھ بھی نہیں

دم کے دم ٹھہرے تو مرنے ہی کی تدبیر کروں
کچھ تو مہلت دے مجھے دردِ جگر کچھ بھی نہیں

ٹیڑھی ترچھی کوئی پڑ جائے تو دیکھے واعظ
اور یوں کہنے کو تو برق نظر کچھ بھی نہیں

کچھ کہیں کیا کہ اسی میں ہے نہاں کچھ اسرار
نظر آتا ہے تو مضمون کمر کچھ بھی نہیں

ہے جو اک مہر جبیں جلوہ فروز لب بام
تو سماتا مری نظروں میں قمر کچھ بھی نہیں

بارشِ تیر جفا بارشِ باراں ہی سہی
پر سمجھتی یہ تری سینہ سپر کچھ بھی نہیں

مژدہ اے بخت عدو واں ہے نمائش پہ نظر
حسرت اے جذبۂ دل تجھ میں اثر کچھ بھی نہیں

تیوری چڑھنے لگی عرضِ تمنا کیا ہو
خیر کچھ بھی نہیں اے عربدہ گر کچھ بھی نہیں

نہ مری جان کی خواہش نہ مرے دل کی طلب
دل میں کیا کچھ ہے کہ منظور نظر کچھ بھی نہیں

یہ چلن کیا یہ روش کیا یہ طریقہ کیا
ابھی طوفاں ابھی اے دیدۂ تر کچھ بھی نہیں

زندگی چند نفس اور ہوا میں سرشار — اک حباب لب دریا ہے بشر کچھ بھی نہیں

دل ہوا خون جگر آب ہوا جان ہوا — کچھ کا کچھ یہاں تو ہوا آپکو خبر کچھ بھی نہیں

گریہ بے رنگ مرا نالہ مرا بے تاثیر — ہوں میں کہنے کو ہنر مند ہنر کچھ بھی نہیں

تو اور ایک حسن کہ عالم کی نظر میں کیا کچھ — میں اور ایک جاں کہ بھرتی ہی نظر کچھ بھی نہیں

تیری رفتار ہے اثبات قیامت پہ دلیل — کہ یہ پھر شعبدہ کیا ہے وہ اگر کچھ بھی نہیں

دھوم ہے دھوم کہ یوں ہوگا اگر یوں ہوگا — بس بس اے نالۂ ناکام اثر کچھ بھی نہیں

مجھ کو کچھ کچھ نظر آتا ہے یہ کیونکر کہدوں — آئینہ پیش نظر مد نظر کچھ بھی نہیں

تیغ و خنجر کی عبث فکر ہے عاشق کے لئے — ہے کمر تیغ اگر زیب کمر کچھ بھی نہیں

ہیں مرے سینہ میں جان و جگر و دل باقی — حضرت عشق کے آثار مگر کچھ بھی نہیں

کفر توڑا نہ برہمن کا نہ کعبہ زاہد — ہاں سلیقہ تجھے اے شعبدہ گر کچھ بھی نہیں

قتل کرتا ہے دم غصہ یہ کہنا تیرا — ہائے کیا کیجے کہ یہاں زیب کمر کچھ بھی نہیں

وہاں تبسم اور ادھر وصل کے سامان کیا کچھ — یہاں تمنا اور ادھر مد نظر کچھ بھی نہیں

نہ تو سینہ مرا دھویا نہ غبار دل یار — تو جو سب کچھ ہے تو اے دیدۂ تر کچھ بھی نہیں

دیکھ تو کون ہے آشوب تجلی منظور — پاک اے دیدۂ بے باک نظر کچھ بھی نہیں

غیر سے یہ بھی ہے اک گھات کہ جر کا مارا — ہے شرارت کہ نظر میں تری شر کچھ بھی نہیں

دل تو ایک کاہش جان جان ہے اک آفت دل — روز آغاز ملا مجھ کو مگر کچھ بھی نہیں

بات تو یہ ہے کہ کچھ کھوی کے کچھ پلتے ہیں — جائے گر عشق میں دل جائے ضرر کچھ بھی نہیں

دوڑ کر صید سے اب آپ لپٹ جا آخر
اجلِ پائے شکستہ کا عصا ہی ہوتا
تم تو یوں محوِ ستم ہو کہ مگر پیش خدا
ڈالئے دانہ تو ہوتا ہے کچھ انور حاصل

تیری ترکش میں کماندار اگر کچھ بھی نہیں
ہائے یہ نالۂ گم کردہ اثر کچھ بھی نہیں
اجلِ فریادِ دلِ ودرد و جگر کچھ بھی نہیں
کیوں کہوں اشک فشانی کا ثمر کچھ بھی نہیں

اس شبِ غم میں نہ بچے ہیں نہ بچینگے انور
جم گئی شام سے دل پر کہ سحر کچھ بھی نہیں

ردیف واؤ

رہبری کیا رہروانِ منزلِ تسلیم کو
خاک ہو کر بھی نہ چھوڑا عزت و تکریم کو
چھیڑنا ہے ہم کو ذکرِ طولِ شبہائے فراق
کیا کہوں کہتے ہی ہیں ساقئ ریا دل نہیں
جب تواضع سے جھکے خجلت سے دشمن کٹ گیا
رنگ بدلا وہاں طبیعت نے ہوائے غیر میں
کچھ کا کچھ کرتی ہے دم میں گردشِ چشمِ نم
دشمنِ ہمسر تجھے جانا تو لے بالا بلند
وہ ادھر سے آئینگے ادھر ادھر سے داد خواہ
جو بلا اتری فلک سے جھک گئی گردن مری

جادہ جادہ خضر ہے اس راہ کی تعلیم کو
خود بگولہ بنکے اٹھے اپنی ہم تعظیم کو
دیکھنا ہے ایک دن روزِ امید و بیم کو
ورنہ واعظ یہاں دکھا دوں کوثر و تسنیم کو
تیغ کا خم جانتے ہیں ہم خمِ تسلیم کو
آج وہ محفل میں کیوں اٹھے مری تعظیم کو
اے منجم پھونکدے تو سال کی تقویم کو
آسماں پہلے ہی سے خم ہو گیا تسلیم کو
بن پڑیگی کیا انھیں روزِ امید و بیم کو
جو اٹھا فتنہ زمیں سے میں اٹھا تعظیم کو

ظرفِ عالی رکھتے ہیں ساقی ترے تفتیدہ دل
ایک چسکی میں اُڑا دیں کوثر و تسنیم کو

طالع بد اپنا سو گردش میں وہ ہی بد رہا
میم ہی گویا کہ میم آیا جب اُلٹا میم کو

کون آتا ہے سرِ بالیں یہ ہمدم دیکھنا
درد اُٹھ اُٹھ کر اُٹھاتا ہے مجھے تعظیم کو

برق کیونکر ہو نہ وہ قاتل کہ خود شوخی پرست
اور روز اک تازہ بسمل کی تڑپ تعلیم کو

ایک دِل ہو اور فزوں تر دے حصہ موئے مژہ
ہاں اب اے تیغِ نگہ دیکھیں تری تقسیم کو

رسم و راہِ آدمیت میں نہ جو کے ہم کہیں
دردِ دل اُٹھا تو یہاں اُٹھنا ہو تعظیم کو

جادہ خاموشی ہے اور بانگِ شکستِ آرزو
اِک جرس ہے کاروانِ منزلِ تسلیم کو

سادہ دل وہ ہوں کہ میں سمجھا نہ وقتِ قتل بھی
ہاتھ اُٹھایا قتل کو قاتل نے یا تسلیم کو

دِل میں تیرے اے صنم گر تھا خدائی کا خیال
توڑنا تھا اپنی جانب پہلے ابراہیم کو

زاہد اپنی فکر کر اور یہاں تو وقتِ بازپرس
کہہ اُٹھینگے کچھ نہ کچھ روزِ امید و بیم کو

ایسی قربانی کے صدقے دوست سے نسبت ملے
ہیں ذبیح اللہ کہتے ابن ابراہیم کو

ہم سبق خوانِ یکی ہیں کیا تو و من کا ہے ذکر
اپنی ابجد سے نکالا ہم نے تا و میم کو

حق تو یوں ہے حشر تک بیٹھتے نہیں آدابِ عشق
وہ لحد پر آئیں اور اُٹھیں نہ ہم تعظیم کو

دِل میں بحرِ الفت ساقی ہے انور موج زن
جانتا ہوں ایک قطرہ کوثر و تسنیم کو

محبت ہو تو برقِ جسم و جاں ہو
نہیں ہو اور پھر کہنے کو یہاں ہو

وہ آتش کیا کہ سینہ میں نہاں ہو
حریفِ بدگماں کے ہم گماں ہو

تحیر فرطِ شوقِ دید سے ہوں
وہیں مجھکو بھی دیکھو تم جہاں ہو

سُنی جاتی ہو جب محشر میں رودادُ
تو اپنی ختم کیونکر داستاں ہو

وہ مستغنی سہی پر دل گیا ہے
جو پھر ہو تو انہیں پر کچھ گماں ہو

جو سچ ہو وعدۂ دیدار اُن کا
تو باتوں میں قلیت کیوں عیاں ہو

مجھے سر پھوڑنے میں عذر کیا ہے
مگر اُنکا ہی سنگِ آستاں ہو

تمھیں وہ پردہ یہاں ہے پردہ داری
مرے دل میں نہیں تو پھر کہاں ہو

رُکا جاتا ہے دم سینہ میں کیا کیا
گلے پر کاش خنجر ہی رواں ہو

چھپائے تم سے کیا کیا راز اپنے
اگر کوئی ہمارا رازداں ہو

رہے کیوں تلخیٔ فرہاد کا ذکر
اگر شیریں کی شیریں داستاں ہو

زلیخا پر نہ ہو کیوں نازشِ عشق
کہ جب یوسف متاعِ کارواں ہو

عدو خوش خوش ہے کچھ کہکر سنا ہے
نہ مانوں گا کبھی تم بے دہاں ہو

بلا ہے بیٹھے رہنے کا سہارا
جہاں ہو اور تمھارا آستاں ہو

اسی میں فیصلہ سمجھا ہوں دل کا
کہاں تک دیکھیے ضبطِ فغاں ہو

یہاں بیٹھے ہو پر کچھ اُکھڑے اُکھڑے
نظر ملتی نہیں دل سے کہاں ہو

سراپا سوز ہے اُلفت میں انور
عجب کیا ہے اگر آتش زباں ہو

ملینگے تم سے یہ کیونکر گماں ہو
گماں جس جا نہ پہنچے تم وہاں ہو

یہیں ہیں اور کہتے ہو کہاں ہو
مگر تم بھی مجھی سے بدگماں ہو

شکایت دل سے لب تک بھر رہی ہے
کہوں کیا کچھ جو کہنے میں زباں ہو

یہی چپ ہے تو اپنا رازِ اُلفت
نہاں ہے سب سے اور سب پر عیاں ہو

کسی پردہ میں ہو گو سامنے ہو
کہیں ہو پر تصوّر سے یہاں ہو

یہ حسرت خوں نہ ہو دلمیں تو ہو کیا
کہ میرا سر اور اُنکا آستاں ہو

ہوا مرنا ستم عرضِ وفا پر
نہ اُنکو بیوفائی کا گماں ہو

نظر میں فرطِ مستوری سے ہو تم
نہاں جتنے ہو اتنے ہی عیاں ہو

نظر بنکر ملا ہے مجھ سے دشمن
کہ تم آنکھوں میں کافر کی نہاں ہو

چلو واعظ کو بزمِ اُنکی دکھائیں
کہ روزِ حشر میرا ہمزباں ہو

کبھی کا دوست تھا درباں بھی ورنہ
ہمارا سر اور اُنکا آستاں ہو

چمن میں ہے غرض مسکن سے اتنی
کہ نذرِ جورِ صیّاد آشیاں ہو

مذاقِ عشق وہاں پہنچا کہ مجھکو
حدیثِ تلخِ دشمن نوشِ جاں ہو

نہ اُٹھے پہلوئے دشمن سے ہرگز
سبک ہو کس قدر کتنے گراں ہو

نہ ملنے کا نیا یہ عذر دیکھو
وہ مجھ سے ملکے کہتے ہیں کہاں ہو

لحد میں یاس سے دیکھینگے کسکو
کوئی زیرِ زمیں بھی آسماں ہو

یہ از خود رفتگی اتنی لئے ہے
کہ تم مجھ سے کبھی پوچھو کہاں ہو

سہے یوں ذکر خاموشی میں اُنکا
کہ دل سے جاری اور ساکت زباں ہو

قباحت امتحاں کی اور مجھے ہل
محبت کا سری کیا امتحاں ہو

کوئی سمجھے کہیں یوں اپنے دل سے
وگرنہ تم اسی جا ہو جہاں ہو

نگاہوں سے مجھے کیونکر گرایا
نزاکت میں جو یکتائے جہاں ہو

تم اور خلوت میں آئینہ سے کیا کام
کوئی دیکھے تو کیا کچھ بدگماں ہو

خمارِ مے کا پردہ ہے وگرنہ
حقیقت میں مجھی سے سرگراں ہو

بجز اسکے کہ ہے خلوت میں ہر دم
وفائے غیر کا کچھ تو بیاں ہو

حدیثِ شوق کام جانِ دل ہے
رہی کچھ دلمیں پنہاں کچھ عیاں ہو

مگر درباں مزاحمت سا ہے
کہ سر میرا اور انکا آستاں ہو

ملے اے دردِ دل اتنی تو فرصت
کہ دل خوں ہو کے آنکھوں سے رواں ہو

یہ تھوڑا ہے کہ جو چپ چپ ہے انور
خدا ناکردہ جو گرمِ فغاں ہو

ہو گئی آتش بیانی قہر مجھ دلگیر کو
کان رکھکر وہ نہیں سنتے مری تقریر کو

قابلِ تحسیں کیا ہے لطفِ زخمِ تیر کو
لوٹنے کا حوصلہ دونا ہوا نخچیر کو

ہر صدا اسکی ہلاتی ہے سپہرِ پیر کو
نالۂ دل سے بنایا ہے مری زنجیر کو

لائے ہیں فانوس سے یہاں اس عالمِ تصویر کو
وسعتیں دیں ہیں غضب کی شوخیٔ تقریر کو

دل مرا اور توڑے عزمِ دشت گردی حیف حیف
توڑ دے اے دستِ وحشت پاؤں کی زنجیر کو

غیر اس سے دم چرائے اور یہاں سامان نیست
ہم تو اپنا دم سمجھتے ہیں دمِ شمشیر کو

کیا مٹائینگے ہم اسکے دل سے نقش یاد غیر
جب مٹا سکتے نہیں اپنے خط تقدیر کو

گر فلک سے ہم بگڑ بیٹھیں تو کہئے کیا بنے
تم تو آخر جانتے ہو نالۂ شبگیر کو

گو بظاہر ہے حریف سرشکن پیاں میں
ایک ربط معنوی ہے شمع سے گلگیر کو

کہتے ہو وقت سوال وصل کئیں ہرگز نہیں
پڑھ لیا ہے تم نے کیا میرے خط تقدیر کو

ہم سے انور کوہکن کو عشق میں سبقت نہیں
کون مانے عہد کی تقدیم اور تاخیر کو

ضعف میں کہئے رہائی قید کی تدبیر کو
وسعتوں سے بھر دیا ہے خانۂ زنجیر کو

تاب نظارہ نہیں خود عاشق دلگیر کو
بے نقاب اس نے رکھا ہے روئے پرتنویر کو

وہ اور آنکھوں سے لگائے غیر کی تصویر کو
دیکھتا ہوں زور کلک کاتب تقدیر کو

پلۂ الفت درمیاں ہے گو جنوں کا زور ہے
کوئی خالی چھوڑتا ہوں خانۂ زنجیر کو

دیکھکر منھ فق ہوا کہتے ہیں وہ کیا رنگ ہے
رنگ رخ سمجھا ہوں اپنے رنگ کی تغییر کو

وہم یہ گذرا کہ صورت آشنا ہوگا جہاں
ہم نے اک عالم میں جب دیکھا تری تصویر کو

وصل کی شب صبح ہونیکی خوشی اللہ رے
دل سے سنتا ہے اذان صبح کی تکبیر کو

اک تری پاس نزاکت سے دوئی وحشت میں ہے
دل نے چھوڑا آہ کو اور آہ نے تاثیر کو

اے دعائے صبحگاہی مجھکو اب بھی دیکھنا
بے اثر سمجھا ہوا ہوں نالۂ شبگیر کو

دل بھر آتا ہے اس صیاد نو آموز کا
یارب اک دل کے عوض سو دل ملیں نخچیر کو

کیا وہ اک پروانہ کا مرنا کہ ہو جسکا قصاص
آپڑی ہے لاگ ہی پر شمع سے گلگیر کو

غیر کی تقدیر میں جو کچھ کہ چاہا لکھدیا
داوری ہے کیا کہوں میں کاتب تقدیر کو

کاوشوں ہی کاوشوں سے سر بسر لبریز ہے
دل سے لایا ہے مگر فرہاد جوئے شیر کو

وہاں سکھائی بے نیازی یہاں تباہی راہ توفیق
پیر و مرشد جانتا ہوں آسمان پیر کو

ربط پیوستہ اسے اور جذبہ حسرت اُسے
ہے بہت مشکل تری چٹکی سے چھٹنا تیر کو

اک غزل ہو اور بھی کچھ قول ناصح تو نہیں
انور اس تطویل میں کیا دخل ہے تقصیر کو

مجھکو دیکھو اور پیام وصل کی تقریر کو
اک جہان ظلم لازم ہے مری تقصیر کو

اور جرم رہزنی پر ہو سزا نخچیر کو
دل مرا اُڑ کر لپٹ جاتا ہے اُسکے تیر کو

کیا کہوں فکر کشاد خاطر دلگیر کو
شست دشمن میں بحسرت دیکھتا ہوں تیر کو

ناز اُسکے ناز پر ہے غیر پر تقصیر کو
کھینچتے کھینچتے اک قیامت چاہئے شمشیر کو

حال میرا غیر ہے جو برسر بازی ہیں وہ
انقلاب دہر کہئے رنگ کی تغییر کو

میرے جذب دل سے اور میری نظر سے ہے مجال
چھپکے جانا آپ کو اور بچکے چلنا تیر کو

اے تصور آخرش اک صورت عالم ہے تو
تو ہی لے آ کھینچکر اُس عالم تصویر کو

ہم سے کیئوں دامن بچائے ہو کہ حفظ وضع سے
پہلے ہی یہاں توڑ بیٹھے دست دامنگیر کو

شورش محشر کہاں ہے اب کہ قسمت ہو گئی
کچھ وہاں نظروں کو کچھ یہاں نالۂ شبگیر کو

گر لکھا ہے نام دشمن ہی تو مٹ سکتا نہیں
جانتے ہیں ہم خط تقدیر اُس تحریر کو

زیست کا باعث ہے اور فکر خیال قطع سے
ہم رگ جاں کہہ نہیں سکتے تری شمشیر کو

نام زور بازوے فرہاد اس سے ہی تو ہے
شمع بزم خود نمائی کہئے جوئے شیر کو

سر ہے اُس کافر کا او تکیہ ہے وہ ناتوے یا
پڑھ لیا ہم نے جبین غیر کی تحریر کو

کوئی ایسی لمعہ فرزی ہوئے تیز نگہ عشق
اُن پہ ہم پروانہ دیکھیں شمع ساں گلگیر کو

صدمۂ فرقت نہیں اُٹھتا تو کس کس ایں سے
دیکھتا ہے مجھ کو دل اور میں سپہر پیر کو

پند واعظ پر نہ پوچھ انور کہ کس کس فکر میں
دیکھتا ہوں دمبدم دست گریباں گیر کو

عشق ہے عشق محبت کی ادا سے مجھ کو
ہوش آتا ہے نوا ہائے درا سے مجھ کو

کُشتۂ عشق ہوں کیا کام فنا سے مجھ کو
اُس نے مارا ہے دم رُوح فزا سے مجھ کو

اب نہ شرمائے کوئی عذر جفا سے مجھ کو
کچھ تو کہنا ہے کسی روز خدا سے مجھ کو

جور سہہ سکے یہ خوش خوش ہو کہ محشر میں مگر
بخشوائینگے جفا کار خدا سے مجھ کو

سجدہ آموز محبت ہے ادا سبحئی شوق
راہ کچھ ٹیڑھ ہوئی راہ نما سے مجھ کو

ہے ستم تو مگر اک لطف سے عوی کیا ہے
اُس نے مارا ہے محبت کی ادا سے مجھ کو

لا کے وہاں چھوڑ دیا مجھ کو جہاں سے نہ بڑھوں
اب بھی شکوہ ہی رہا راہ نما سے مجھ کو

بندہ مجرم و بیمار و اسیر اسکا ہوں
کچھ تعلق سے تعلق ہے خدا سے مجھ کو

ڈال دوں زیر قدم دلکو جو ملتا ہو نصیب
اُس کی منزل کے کیسی آبلہ پا سے مجھ کو

اسکو بھی راہ بھلا دے مری بینائی نے
راہ منزل نہ ملی راہ نما سے مجھ کو

وہاں وہ دامن ہی نہیں جسکو کوئی ہاتھ بڑھے
فائدہ کیا ہے مرے دست دعا سے مجھ کو

سُن سکوگے کہ ہر اک شخص کہیگا اِک دن
اِس نے مارا ستم آمیز ادا سے مجھ کو

جو نہ کام آئے یہاں کام ہے پھر کیا انسے
کیا قیامت کو ملائینگے خدا سے مجھ کو

دِل کے اُلجھاؤ کر اسرار نہاں جنسے کھلے
ہاتھ آئے ہیں کسی زلف دوتا سے مجھ کو

کچھ نہیں ہستیٔ موہوم میں جز گرد فنا
یہ سبق یاد ہے تعلیم فنا سے مجھ کو

اُسکے در پر صفت نقش نگین بیٹھا ہوں
کہیں ٹلنا کہیں اُٹھنا نہیں جا سے مجھ کو

دھیان یہ ہے کہ محبت کی نباہوں رسمیں
آگہی ہے نہ جفا سے نہ وفا سے مجھ کو

حشر کو واسطۂ قرب ہے بیداد کشتی
بات کرنے کی ہوئی آس خدا سے مجھ کو

انکی مٹی میں مگر آب بقا ساری ہے
زندگی مل گئی خاک شہدا سے مجھ کو

آنکھ ملتی نہیں اور آپ ملے جاتے ہیں
آزماتے ہیں جفاؤں پہ وفا سے مجھ کو

تو نے شرما کے نہ کی ایک گنہ کی پرسش
ہے بڑی آس تیرے حلم وحیا سے مجھ کو

غم عصیاں میں جو مضطر مجھے دیکھا انور
اُس کی رحمت نے دئے لاکھ دلاسے مجھ کو

یاس کیوں ہو غم فرقت کی دوا سے مجھکو
اور کو آس ہے بندے سے خدا سے مجھکو

اب جو صحت ہو تو دشمن کی دعا سے مجھکو
اُنس ہے درد سے نفرت ہے دوا سے مجھکو

مجھ سے نفرت ہے انہیں بس کہ دوا سے مجھکو
چارہ فرما نظر آتے ہیں خفا سے مجھ کو

راہ وہ جسکی تمنا ہے سدا سے مجھ کو
لگ گئی طوف مزار شہدا سے مجھ کو

کام کیا درد محبت میں دوا سے مجھ کو
اُنس ہے غیر کو نفرت ہے شفا سے مجھکو

دیکھ سکتا نہیں آزاد دعا سے مجھ کو
ہاتھ اٹھانا ہے تمنائے دعا سے مجھ کو

جو نہیں ہو طلب اسکی ہے خدا سے مجھ کو
یاس سے یاس ہے تائید دعا سے مجھ کو

ہجر کا رنج کہ افزوں ہے قضا سے مجھ کو
اک نہ اک روز ملا دیگا خدا سے مجھ کو

باب رحمت نہ کھلے یوں تو یہ ہے بات ہی اور
ہے توقع تو بہت آہ رسا سے مجھ کو

کیا خبر ہے کہ نگہ اس کی ادھر کو ہی ہے
کیا ڈراتا ہے کوئی روز جزا سے مجھ کو

میں کہیں اور رہوں سامان تعلق کہیں اور
مجھ سے نفرت ہے فنا کو تو فنا سے مجھ کو

مجھ سے ملنا نہیں اور یوں الگ آنا جانا
ہے لڑائی تیرے کوچے کی ہوا سے مجھکو

مر کے ہمسایہ ترا زندہ جاوید رہا
چھیڑ سی چھیڑ ہے ہر وقت قضا سے مجھ کو

ہے تو دل کے لئے اک گونہ جلیش ہی منظور
ورنہ کیا کام کسی شوخ ادا سے مجھ کو

ہو کے آزاد بھی چھٹنے یوں ہی رہنا ہے اسیر
ربط تھا کس قدر اک زلف دوتا سے مجھ کو

چرخ کجباز نے دنیا کے دکھا کر نیرنگ
میں ڈالا ستم لطف نما سے مجھ کو

سختیاں کھینچکے ثابت قدم عشق رہا
کھل گیا رنگ وفا طرز جفا سے مجھ کو

عشق کا نام برا عشق کے سب کام خراب
لوگ ناکام بتاتے ہیں وفا سے مجھ کو

میں گنہ کر کے گنہگار تمہارا ٹھہرا
نسبت خاص لگی ہاتھ خطا سے مجھ کو

شوق کامل سے نکل آئی جدا راہ وصول
کچھ تعلق نہ رہا راہ نما سے مجھ کو

جو گنہ مجھ سے ہوا عفو کیا ٹال دیا
حوصلہ اور ہوا انکی حیا سے مجھ کو

سو کہی اور پتے کی نہ کہی ایک کبھی
لاگ ہے بلبل آشفتہ نوا سے مجھ کو

اک محبت میں بسر کی ہے سو وہ بھی کیسکے
خوف کیا پرسشِ ہنگامِ جزا سے مجھ کو

دلِ آسودہ بھی دُنیا میں کہیں ہے انور
غیرت آتی ہے مری آہ و بکا سے مجھ کو

ردیف ہا

ترچھی ادائیں رکھتے ہیں سیدھے چلن کے ساتھ
اِک بانکپن کے چلتے ہیں وہ بانکپن کے ساتھ

جاتا ہوں بزمِ غیر میں اُس سیمتن کے ساتھ
اپنی ہر ایک چال ہے دیوانہ پن کے ساتھ

گردن بندھی ہے زلف شکن در شکن کے ساتھ
وابستہ اک جہاں ہے ترے اس رسن کے ساتھ

ناز و ادا و غمزہ و شوخی و فن کے ساتھ
آئے وہ انجمن میں تو اک انجمن کے ساتھ

ڈالا ہے وحشتوں نے نئے چرخ میں مجھے
پھرتا ہوں ایک پانوں سپہرِ کہن کے ساتھ

ہوں بعد مرگ حسرتِ مُردہ کا سوگوار
اِک ماتمی لباس ہو میرے کفن کے ساتھ

اللہ رے اپنی خوبیٔ گفتار کا خیال
آپے سے نکلے جاتے ہیں اپنے سخن کے ساتھ

مے پی کے لوٹتے ہیں درِ خانقاہ پر
تقویٰ کی ایک چھیڑ ہے مستانہ پن کے ساتھ

حکمت ہے وقتِ قتل مرے خامشی تری
عاشق میں جان آتی ہے ہر ہر سخن کے ساتھ

روتا ہوں یار کے لب و دنداں کی یاد میں
دُرِّ عدن برستے ہیں لعلِ یمن کے ساتھ

ہے ضعف دستگیر تو کوچہ میں یار کے
اِک دن لپٹ چلینگے بہارِ چمن کے ساتھ

انصاف اپنا روزِ قیامت بھی ہو چکا
کُشتوں کا حشر ہوگا اُسی تیغ زن کے ساتھ

زخمی تمھاری تیغ کے ایذا پسند ہیں
قیمت نمک کی تیز ہے مشکِ ختن کے ساتھ

مُردہ سا ہوں فراقِ وطن میں پڑا ہوا
شاید کہ رُوح کو ہے تعلق وطن کے ساتھ

اُلفت میں تیرے قد کی مجھے لاگ ڈانٹ ہے
ایک ایک سرو باغ و نہال و چمن کے ساتھ

مرتا ہوں ایک شوخ کے رنگِ صبیح پر
آتی ہے جان بُوئے گل یاسمن کے ساتھ

پھرتے ہیں تازہ فتنے اُٹھانیکی فکر میں
چکر میں آپ بھی ہیں سپہرِ کہن کے ساتھ

ناکامیٔ وصال کا پیغام ہے مجھے
شیریں کا ذکر بھی نہ کرو کوہکن کے ساتھ

جَور و جفا و ناز سے کرتے ہیں پائمال
چلتے ہیں ایک چال کو سو سو چلن کے ساتھ

آیا ہے میرے مرنیکی سُنکر وُہ بدگماں
کوئی لپیٹ دو مجھے زندہ کفن کے ساتھ

انور جو ضد پہ آئیں تو کیا اصل چرخ ہے
اب پھونک دیتے ہیں نفسِ شعلہ زن کے ساتھ

فتنے قدم قدم پہ ہوئے سایہ بنکے ساتھ
محشر لگا ہوا ہے تمھارے چلن کے ساتھ

ہے بند یہاں زبان بھی دلِ پُرحزن کے ساتھ
اچھی نبھیگی اُس صنمِ کم سخن کے ساتھ

بیخود ہوں ایک جلوۂ حیرت فگن کے ساتھ
بُت بنگیا ہوں اس بُتِ گل پیرہن کے ساتھ

جلتا ہوں تیری بزم میں ہم فن کو دیکھکر
ہے لاگ ہوگئی مجھے شمعِ لگن کے ساتھ

ترکِ وطن میں رُوح نہ قالب میں ٹھہرتی
پر باندھ کر رکھا ہے خیالِ وطن کے ساتھ

عادت بگڑ گئی ہے نہ سوئینگے قبر میں
برسوں لپٹ کے سوئے ہیں اِک سیمتن کے ساتھ

ہر دم نزولِ آفتِ نو کا ہے انتظار
آنکھیں لگی ہیں سقفِ سپہرِ کہن کے ساتھ

یوں مجھ سے پا شکستہ کو غربت میں چھوڑنا
اے ہمطریق یاد بھی ہیں کچھ وطن کے ساتھ

کس طرح ماہ مصر نکلتے نہ چاہ سے
تھی اک کمند شوق بھی دلو و رسن کے ساتھ

کہتے ہیں مشق جامہ دری زندگی میں ہم
ہاں کچھ کھلینگے ہاتھ ہمارے کفن کے ساتھ

بل بے نزاکت اسکی دمِ غصہ و غضب
کھینچتے ہیں آپ ابروے جادو شکن کے ساتھ

انور دمِ گذارشِ احوال ہائے ہائے
آئی ہے لب پہ جان نکلکر سخن کے ساتھ

کرتے ہیں زندگی شبِ غم میں قضا کے ساتھ
پاس رضاء یار ہے حکمِ خدا کے ساتھ

شوخی لگی رہے نگہ دلربا کے ساتھ
لیجاؤ جاں بھی دل حسرت فزا کے ساتھ

دیدار کی طلب ہے گذر کر کلام سے
ہمت بڑھی کلیم کی لطفِ خدا کے ساتھ

آیا نہ رحم تجھ کو بھی اے چشم اشکبار
اڑتی پھری ہے خاک ہماری صبا کے ساتھ

گویا کہ سب غلط ہیں مری بدگمانیاں
دیکھے تو کوئی شکل تمھاری حیا کے ساتھ

اے جان زار کچھ تو رہے پاس آدمی
لب تک تو آ وصال صنم کی دعا کے ساتھ

منہہ اٹھ گیا جدھر کو وہی ایک راہ ہے
کیا قطع کیجے راہ طلب رہنما کے ساتھ

میری نظر میں آؤ تو کچھ نکلے مدعا
تم دل میں کیا رہے جو رہے مدعا کے ساتھ

عرضِ پیام وصل پہ خنجر اٹھا لیا
انکا کھلا ہے ہاتھ ہماری خطا کے ساتھ

دل کا عجیب حال ہے امید وصل میں
اک دلکشا خوشی ہے غم جانگزا کے ساتھ

کیا کیا ہوئے ہیں درہم و برہم شب اہل بزم
کیا کیا اٹھا ہے حشر عدو کو بٹھا کے ساتھ

پرسش سیاہ کاریٔ انور کی بھی وہاں
ہوگی شب فراق بھی روز جزا کے ساتھ

دشمن کے ناز اُٹھاتے ہیں اُنکی جفا کے ساتھ
آخر نبھائی ہے دلِ مُبتلا کے ساتھ

بدنامیاں مٹاتے ہیں عرضِ وفا کے ساتھ
چلتے ہیں نعش کشتۂ جور و جفا کے ساتھ

کیونکر نبھائیے دلِ رشک آشنا کے ساتھ
مرتا ہے ایک ایک قتیلِ ادا کے ساتھ

ہر ہر قدم پہ بیٹھتا آتا ہے راہ میں
لایا ہوں کس کی بزم سے دل کو لگا کے ساتھ

بھُولے ہیں کس خیال پہ زہاد و پارسا
رشتہ نہیں ہے داور روز جزا کے ساتھ

ہیں بیخبر دانِ یارِ خُدائی سے بیخبر
کیا جانئے معاملہ کیا ہے خُدا کے ساتھ

لیتے ہیں لمحہ لمحہ مرے دِل میں چٹکیاں
شوخی وہ بات بات میں کچھ کچھ حیا کے ساتھ

ضِد سے مری ہے وُہ مخالف سے متفق
سیدھے سدا چلے فلک کج ادا کے ساتھ

بیداد میں بھی لُطف کا دھوکا بنا رہا
دیتے ہیں مجھ کو زہر ملا کر دوا کے ساتھ

ہیں نقشِ دل میں غیر کی جادو بیانیاں
باتوں میں لیگیا انہیں گھر تک لگا کے ساتھ

بیٹھو نہ آکے بزم میں بے شرم و بیحجاب
مجھ کو اُٹھا دو پردۂ شرم و حیا کے ساتھ

چلتا ہوں رہگذار طریقت میں بیخبر
گُم کردہ راہ بھی ہوں تبع ہوں رہنما کے ساتھ

کم التفاتیوں کا سبب کچھ نہیں مگر
بڑھتے ہیں اُنکے ناز مری التجا کے ساتھ

ملنے لگی ہے اپنی نظر سے تری نظر
تقدیر جا لڑی ہے ہماری قضا کے ساتھ

یہ سوچ ہے کہ ہو نہ تکلف وصال میں
اُلجھا ہُوا ہوں یار کے بندِ قبا کے ساتھ

ہنس ہنس کے قتل کرتے ہیں عاشق کو بے گناہ
ہے لطف بے محل ستم ناروا کے ساتھ

ترک حجاب کرتے ہیں کیا کیا خوشی خوشی
مطلب جو غیر کا ہے بسر ہے مدعا کے ساتھ

پایا ہے میں نے حاصل سعی کلیم و خضر
آتش ملی ہے طور کی آب بقا کے ساتھ

ہے جوش دل میں یہ طلب وصل یار کا
جان آ گئی ہے میری لبوں پر دعا کے ساتھ

گر ضعف و پائے شوق مددگار ہے تو ہم
پہنچے ہوا سے پہلے وہاں پا ہوا کے ساتھ

رو رو دیا ہے حال مرا غیر دیکھ کر
کیا کیا خجل ہوئے ہیں وہ دشمن کو لا کے ساتھ

ہر گام پر کہیں دل عاشق ہے سر راہ
کتنے سنبھل کے چلتے ہیں ناز و ادا کے ساتھ

اُٹھتی ہے ایک ہیچکی کھٹک ساتھ سانس کے
پہلو میں کون ہے دل حسرت فزا کے ساتھ

کچھ ضبط کا خیال ہے کچھ چارہ گر کا پاس
سہتا ہوں درد عشق کے صدمے دوا کے ساتھ

کچھ بے حمیتی ہو تو بنتی ہے بات اب
در تک تو اُس کے آ گئے بخت رسا کے ساتھ

ہر بار کیا ڈراتے ہو بیداد جور سے
اک آپ ہی سہی فلک فتنہ زا کے ساتھ

مجھ سے زباں ملاتے ہو ایما غیر پہ
پیتا ہوں گھونٹ خون کے آب بقا کے ساتھ

جاتا ہے جو اُدھر کو اُسی سے بگاڑ ہے
ہم بھی اُلجھتے پھرتے ہیں چلتی ہوا کے ساتھ

شرمائے اور عدو کے نہ پہلو سے اُٹھ سکے
تمکین نے اور حشر اُٹھایا حیا کے ساتھ

دیوانگی کی حد بھی ہے اب کے بہار میں
بڑھتا جنوں ہے جنبش موج صبا کے ساتھ

ہیں واعظوں کے حد سے ارادے بڑھے ہوئے
توڑینگے توبہ اُسکی طلسم حیا کے ساتھ

کیسا ہنر میں تم نے چھپایا ہے عیب کو
دل میں کدورتیں ہیں تو رخ کی حیا کے ساتھ

انور وہ قتل کرتے ہیں دیتا ہوں میں دعا
اک ربط بھی ہے اپنے وفا کو جفا کے ساتھ

آنکھیں دکھائیں غیر کو میری خطا کے ساتھ
مطلب ادا وہ کرتے ہیں اور کس ادا کے ساتھ

شوخی نگہ کے ساتھ تغافل جفا کے ساتھ
عشاق پر ہجوم بلا ہے بلا کے ساتھ

آخر ہوا نہ ضبط شب وصل مدعی
نالہ نکل گیا مری لب سے دعا کے ساتھ

تیرے ستم سے مجھ کو ملا منصب کلیم
اک وجہ گفتگو نکل آئی خدا کے ساتھ

تیرا حجاب اٹھتے ہی آیا وہ ناگہاں
دشمن کے پاؤں کھل گئے بند قبا کے ساتھ

میں کیا کہ دشمنوں کی بھی قسمت الٹ گئی
ترچھی ادائیں اور تری بانکی ادا کے ساتھ

راہ طلب میں شوق کی منظور ہے نمود
مٹتے قدم قدم پہ چلے رہنما کے ساتھ

یارب غلط ہو فہم کج اندیش کا گماں
کچھ کہہ رہا ہے ان سے عدو التجا کے ساتھ

دیتے نہیں کسی کو پتہ اپنے حال کا
بیگانہ بنکے چلتے ہیں ہر آشنا کے ساتھ

مے بے طلب ملی تو ہوئی یار کی طلب
بندوں کے ناز بھی ہیں نرالے خدا کے ساتھ

جوش قلق میں دیکھئے کیا مانگتا ہوں میں
یاروں کے دم نکلتے ہیں میری دعا کے ساتھ

گھر سے مجھے نکالتے رہئے پر اس طرح
گر مدعی کے ساتھ گئے مدعا کے ساتھ

کیوں شوق میں گرائیے ساتھ اپنے شان عشق
اغماض بھی ضرور ہے کچھ التجا کے ساتھ

کہتا ہوں یہ نصیب نہ دشمن کو ہو فراق
آمیں وہ کہتے جاتے ہیں میری دعا کے ساتھ

لیلیٰ کا نام زندہ ہے ابتک جہان میں
تم بھی نباہ دو کسی اہل وفا کے ساتھ

پھرتے ہی اسکی آنکھ کے وابستہ تر ہوا
میں دل کے ساتھ دل نگہ فتنہ زا کے ساتھ

ہم عالم خیال میں کچھ بھی نہ خوش ہوئے
ہے رشک غیر یاد لب جانفزا کے ساتھ

ابتو بڑا خیال نہ تیری رنجشوں کا ہے
محشر میں دیکھ لینگے خدا کی خدا کے ساتھ

کہتا ہے ڈر کے ہاتھ وفا سے اٹھا لیا
دشمن کی بات بنگئی میری دعا کے ساتھ

آتا ہے بوئے دوست میں کافر بسا ہوا
قاصد بھی اک رقیب ہے اپنا صبا کے ساتھ

کیا ڈھونڈتے ہو دہر میں انور جمال دوست
چندے پھرو چلو کسی مرد خدا کے ساتھ

ہے تصور سے تری تصویر پشت آئینہ
بلکہ ہے ایک ماہ پر تنویر پشت آئینہ

دل سے یوں بھاگے مرے کھنچ جائے وہاں نقشہ ترا
ہے مگر اک نقش پر تسخیر پشت آئینہ

دل یہ روشن اونہیں کچھ اپنی قسمت میں فروغ
بنگئی گویا مری تقدیر پشت آئینہ

ہوگئی آئینہ رو یہ انکو دوروئی کی دلیل
کیوں بنی اے مالک تقدیر پشت آئینہ

پڑتی ہے بیطور ہی اسکی نگہ سینہ تو کیا
توڑ دیگا دیکھنا یہ تیر پشت آئینہ

کیوں دم آئینہ داری دو ہوئے ہم اور عکس
ہوگئی کیا ایک دم شمشیر پشت آئینہ

سامنے اسکے ید بیضا متاع روئے دست
ہاتھ پر ہے یہ وہاں توقیر پشت آئینہ

لاؤں دل میں بھی جو اس آئینہ داری کا ملال
شرم سے ہو غنچہ تصویر پشت آئینہ

دیکھئے کیا پشت آئینہ کو تیرے عکس سے
رو تو ہے رو مہر تنویر پشت آئینہ

روئے آئینہ سے کیا ہے یہ حجاب جانبین
پھونک دی اے آہ پر تاثیر پشت آئینہ

اس میں عکس رخ تیرا یہ ہاتھ تیری شرح نور
مصحف آئینہ اور تفسیر پشت آئینہ

بسکہ جو ہے روبرو تیرے کھٹکتا ہے مجھے
آنکھ میں لگتی ہے مثل تیر پشت آئینہ

سامنے افتادہ کیئوں رہتا ہے پرغم ہیں تیرے
لگ گئی بستر سے اے بے پیر پشت آئینہ

ہو نہ عکس افگن جو رخ تیرا تو یہ بے نور ہو
اُس سے بھاگے ڈر کے سو تیر پشت آئینہ

تکیہ اسکا ہے سر زانوئے نازک ہائے ہائے
ہوگئی حق میں مرے شمشیر پشت آئینہ

بے صفا ہے اسلئے انور یہ ہے ناکام دید
کر چکی ہے ورنہ کیا تقصیر پشت آئینہ

ہے کف روشن تری جاگیر پشت آئینہ
اے خوشا قسمت نہ ہے تقدیر پشت آئینہ

بے صفا ازبسکہ تھی تقدیر پشت آئینہ
کچھ نہ صیقلگر نے کی تدبیر پشت آئینہ

نقش جو اُسکا ہوا تصویر پشت آئینہ
رُوح اسکندر ہوئی نخچیر پشت آئینہ

ہے ترے زانو سے پیوستہ اور اس فکر میں
ہوگئی ہے پائے در زنجیر پشت آئینہ

شرم سے ہے پیش روئے یار یہ بے آب و تاب
رُوئے آئینہ ہوا تصویر پشت آئینہ

ہے صفائی رو پہ بسمل دیکھکر رو کی صفا
صیقل رو کا الف ہے تیر پشت آئینہ

عکس افگن ہو اگر وُہ نرگس جادو طراز
مُنہ سے بولے غنچہ تصویر پشت آئینہ

رُوئے آئینہ گریباں گیر عکس روئے یار
دست رشک اپنا ہے دامنگیر پشت آئینہ

اصل میں ہے راست تو بھی دیکھنے میں اُسکو چپ
ہے مری تحریر وہاں تحریر پشت آئینہ

روئے آئینہ ضیا سے ہے تو ہے کار روشناس
روئے اسکندر کو اب تقدیر پشت آئینہ

ہے پس آئینہ جو اللہ اکبر وہاں رقم — میں ہوں کشتہ اور یہ تکبیر پشت آئینہ

متصل زانو سے یہ اور وہ ترے رخ سے جدا — ہے فزوں رخ سے کہیں توقیر پشت آئینہ

دید سے محروم اور شناگی نہ ہو ممکن نہیں — پر کوئی سنتا نہیں تقریر پشت آئینہ

دیکھ ہی سکتا نہیں اپنے سوا شکل مثال — روئے دل میں ہے ترے تاثیر پشت آئینہ

مفت اے صیاد ہے مٹی کی او جھل یہ شکار — ہے جو یہ تصویر میں نخچیر پشت آئینہ

ہے جو اسکی آئینہ داری کی حسرت نقش دل — تیز ہے عشاق پر شمشیر پشت آئینہ

تجھ سے نسبت شمع روشن کی یہ ہے بے ربط محض — جیسے بہر شمع ہو گلگیر پشت آئینہ

خنجر عکس مژہ وہاں روئے آئینہ پہ تیز — اور ادھر مشاطہ پر شمشیر پشت آئینہ

اسکی صورت کیا کھنچی اسپر کہ اک عالم کھنچی — جسنے دیکھا ہو گیا تصویر پشت آئینہ

غورہ جوئی روئے آئینہ کف روشن تری — اور نشست دست آہو گیر پشت آئینہ

ناز ہمدوشی سے اس نقشہ کی اڑ جانیکو تھے — پر ہوئی الفت تری زنجیر پشت آئینہ

مثل مو دام نگاہ یار آخر ہو گئی — تھی یہ رنگیں پیکری تزویر پشت آئینہ

بستر زخمی نہ بنجائے کف رنگیں تری — تیری ہر انگشت ہے شمشیر پشت آئینہ

روئے آئینہ نہیں پر ہے جو زانو پر ترے — ہے فروزاں اختر تقدیر پشت آئینہ

مجھکو آئینہ دکھاتے ہیں دم عرض وصال — جرم ہے میرے ہوئی توقیر پشت آئینہ

کسر شان میری ہے اسکے سامنے یوں جیسے ہو — پیش روئے آئینہ تحقیر پشت آئینہ

اک جہان بیقراری کھینچ لے سیماب کیا — جذب دل ہو گر مرا تسخیر پشت آئینہ

کیوں صفا پائے کہ استعداد کامل ہی نہیں
ہیں یہ سب ناکامیاں تقصیر پشت آئینہ

خوب رو کا عکس بیتابانہ کو ہنگام بزم
سچ تو یہ ہے بن پڑی تدبیر پشت آئینہ

اپنا سینہ دیکھئے اور اپنے دل کو دیکھئے
جب زباں سے کیجئے تحقیر پشت آئینہ

یہ مقابل ہے تو یہ بھی سد راہ عکس ہے
کچھ خطائے رو ہے کچھ تقصیر پشت آئینہ

آپ ہی سے قتل ہو جاتے ہیں ہم اسکے عوض
خود ادا کرتے ہیں ہم تکبیر پشت آئینہ

انور اس روشن بیانی سے تجلی ہے تجمل
دیکھتے ہو عالم تقریر پشت آئینہ

لذت قتل جو حاصل ہوئی شمشیر کے ساتھ
حوصلے جرم کے بڑھتے گئے تعزیر کے ساتھ

وہ جفاکار مزاج اپنا ہے کیا کچھ نازک
نہ نبھیگی نہ نبھیگی فلک پیر کے ساتھ

ابتو زنداں میں فلک پر ہوں کہ ترقی پایا
دیکھئے نالہ سرائی مری زنجیر کے ساتھ

رات آئی ہے بہت نیند بھی آئی ہوگی
سو رہو آج اسی عاشق دلگیر کے ساتھ

کچھ جو عزت ہے تو پھر کوچے میں اسکے ہے کم تو
دو قدم آگے لیجاتی ہے توقیر کے ساتھ

بزم اپنی ہے کوئی دار حکومت تو نہیں
شمع کیوں آئی ہے پروانہ و گلگیر کے ساتھ

مائل ابرو و مژگاں ہیں نہ پوچھ اے ہمدم
زندگی کاٹتے ہیں خنجر و شمشیر کے ساتھ

وصل ہی اسکی نہ ہوتی تو خیالِ دشمن
منزلِ دل میں نہ رہتا تری تصویر کے ساتھ

ناتوانوں کی اسیری بھی تو کتنے دم کی
اب اُڑے اب اُڑے ہم نالۂ زنجیر کے ساتھ

وہ نزاکت میں جو یکتا ہیں تو ہم ضعف میں فرد
اپنی تصویر بھی ہو یار کی تصویر کے ساتھ

ہائے صیاد نے سمجھی ہی نہیں لذتِ قتل
ورنہ خود لوٹتا پھرتا کسی نخچیر کے ساتھ

بات کس طرح وہاں منہ سے نکالوں انور
اشک آنکھوں سے نکل آتے ہیں تقریر کے ساتھ

ردیف یائے

اُلفت انجام میں راحت ہی سہی
عُمر بھر یہاں تو مصیبت ہی سہی

مرگ انجام محبت ہی سہی
عشق مر جانے کی جرأت ہی سہی

میں یہ خوش ہوں کہ علاقہ کچھ ہے
مجھ سے گو دِل میں کدورت ہی سہی

ہے جو منظور تغافل میں کمال
تو تغافل میں بھی غفلت ہی سہی

ڈر قیامت کا بہت ہے واعظ
وُہ ہماری شبِ فرقت ہی سہی

کچھ تو دیگی مجھے صبح شبِ وصل
موت آنے کی بشارت ہی سہی

آپ کرتے ہیں اگر مشقِ ستم
میں سزاوارِ عقوبت ہی سہی

اپنے وعدے سے ہے پھرنا کیسا
ہے نزاکت تو نزاکت ہی سہی

میں نہ جاؤنگا عدو کے ہوتے
کُوچۂ یار میں جنت ہی سہی

میرے گھر آئے کوئی شانِ خُدا
یہ تو مانا کہ وُہ آفت ہی سہی

پھینکئے کیوں مئے ناقص ساقی
شیخ صاحب کی ضیافت ہی سہی

ایک روشن تو رہا دِل میں چراغ
داغِ ناکامیٔ و حسرت ہی سہی

تیغ کا وار ہے اوچھا اوچھا — نگہ ناز کی شرکت ہی سہی

خانۂ دل کو نچھوڑ دھنا لی — میری جانب سے کدورت ہی سہی

اور کیا مانگئے تجھ سے اے چرخ — کوچۂ یار میں رحلت ہی سہی

اُف رے یہ کچھ غضب اور شعلہ مزاج — خیر طینت میں شرارت ہی سہی

انور اُس بزم میں جانا کیا تھا
اب جو ذلت ہے تو ذلت ہی سہی

واعظ اب ترک نصیحت ہی سہی — ہے عنایت تو عنایت ہی سہی

اُنکے یہاں آنے کی حکمت ہی سہی — اپنے مرجانے کی شہرت ہی سہی

آؤ ملجاؤ یہ جھگڑا کیا ہے — تم کو اغیار سے نفرت ہی سہی

شب فرقت کا بسر کرنا ہے — طول گیسو کی حکایت ہی سہی

خاک ہونے کی یہاں ہے تدبیر — دل میں وہاں دخل کدورت ہی سہی

نہیں بیکار عزم ترک وطن — ایک رفیق رہ غربت ہی سہی

باندھ دو سلسلۂ گیسو سے — خیر اچھا مجھے وحشت ہی سہی

صبر سے ہے دل و سینہ لبریز — نگہ یار کی دعوت ہی سہی

آؤ زاہد کو بنائیں کچھ کچھ — بیٹھے بیٹھے کوئی صنعت ہی سہی

فال بد بھی نہ کہوں گا منہ سے — گو تمہیں مجھ سے عداوت ہی سہی

کچھ تو ملجائے لب شیریں سے — زہر کھانے کی اجازت ہی سہی

توڑتے ہیں دِل عاشق کیونکر
گو سراپا وُہ نزاکت ہی سہی

کوئی ہنگامہ تو ہو بایں پر
تُو نہیں شور قیامت ہی سہی

آؤ بازار میں چرچے تو سُنو
غیر سے محفل خلوت ہی سہی

وُہ تو کب آئے یہاں پر یہ خیال
دِل کے بہلانے کی حکمت ہی سہی

ہائے کافر تری بے پروائی
ہے شکایت تو شکایت ہی سہی

مجھ کو اور بادہ کشی سے نسبت
مگر ایک شیخ سے حجت ہی سہی

دل میں یہاں آکے نکلنا کیسا
اے وُہ ارمان شہادت ہی سہی

ایسے مجبور ہوئے کیوں انور
جان کھو دینیکی قدرت ہی سہی

ہے کبھی اور پھر نظر نہیں آتی
دھیان میں وُہ کمر نہیں آتی

مانگتا ہُوں مگر نہیں آتی
یہ اجل وقت پر نہیں آتی

تیرے کشتوں کا روز حشر حساب
غیرت او فتنہ گر نہیں آتی

طبع اپنی بھی ایک آندھی ہے
خاک اُڑانی مگر نہیں آتی

ابر کس کس طرح برستا ہے
شرم اے چشم تر نہیں آتی

تم تو یوں محو ظلم ہو کہ ہمیں
آہ کرنی مگر نہیں آتی

نذر کچھ کرکے دِل کو لے کر یہ جنس
مفت اے مفت بر نہیں آتی

مختصر حال درد دِل یہ ہے
موت اے چارہ گر نہیں آتی

یارب آباد کوئے یار رہے
گر قیامت اُدھر نہیں آتی

نیند کا کام گرچہ آنا ہے
میری آنکھوں میں پر نہیں آتی

بے طرح پڑتی ہے نظر اُن کی
خیر دل کی نظر نہیں آتی

بے پری نے اُڑا رکھا ہے مجھے
حسرت بال و پر نہیں آتی

سب کچھ آتا ہے تو نہیں آتا
گر وفا سیمبر نہیں آتی

اپنی اس آرزو کو کیا کوسوں
آب وہاں تیغ پر نہیں آتی

جان دینی تو ہم کو آتی ہے
دل کو تسکین اگر نہیں آتی

غیر کچھ مانگتا ہے دیکھیں تو
ہے تمہیں کس قدر نہیں آتی

دل کی اپنے جگر پہ یوں لیکن
ایک کی ایک پر نہیں آتی

دشمن اور اک نگہ میں لوٹ بچائے
چوٹ پوری مگر نہیں آتی

تیرا کوچہ ہے مصر نظارہ
گر پلٹ کر نظر نہیں آتی

اُنکا آنا تو ایک آنا ہے
موت بھی وقت پر نہیں آتی

انور اس شب کی دیکھ لو تاخیر
صبح ہوتی نظر نہیں آتی

ماجرا دار و رسن کا خلق میں مشہور ہے
اب کسے تقلید خوش گفتاری منصور ہے

خلق سے عاجز ترا مستغنی و مغرور ہے
جو ترے نزدیک ہے نزدیک اپنے دور ہے

برگ برگ سبزہ قدرت سے تری معمور ہے
جس زباں پر دیکھتا ہوں نغمۂ منصور ہے

اور کچھ دُنیا سے کھنچ جا اور بڑھ جائے سوئے حق
اور کیا ہوگی شہیدانِ محبت کی دیت
کوہ و وادی پر نہیں کچھ حصر طالب تیر رہا ہے
اپنی مجبوری پہ کیا حسرت ہے قربِ غیر کی
نیک ہوں یا بد ہوں تمھارا ہوں تمھیں کو پاس ہے
قد ہے دو ہو جائیگا رہرو سبک رو چاہیے
ایک مخفی سی ادا ہے آپ کی دونوں طرف
اسقدر عشق مجاز و عشق حق میں فرق ہے
ہو مجازی یا حقیقی حُسن کی ہے روشنی
سوز کافر خوئے بدگو شمع دونوں کا ہے دل
ہے ادا و نازِ لیلیٰ اور سراپا عجزِ قیس
ہوں وُہ عاصی جو گنہ میرے نوشتہ میں نہ ہو
گر بہت اُبھرا تو زاہد عیشِ عقبیٰ پر گرا
ربط بڑھ جائے تو حُسن عشق کی ہے شان ایک
جو مرا محبوب ہے وہ ہی مرا مطلوب ہے
عشق ہے اپنے سے جب اپنے سے پھر گیا
نور و ظلمت اوج و پستی مسلکِ عرفان میں

تیر جتنا کھنچ گیا پایہ میں اُتنا دُور ہے
بس تڑپنا لوٹنا مقبول ہے منظور ہے
ہر قدم پر دشتِ ایمن ہر قدم پر طور ہے
اُن سے کتنا پاس ہے جو مجھ سے اتنی دُور ہے
تم نے لکھا ہے مری قسمت میں جو مسطور ہے
جادۂ صحرائے توحید اک دمِ ساطور ہے
وُہ حکایت حضرتِ یُوسف کی جو مشہور ہے
اک چراغِ دیر ہے اور ایک شمعِ طور ہے
وہ چراغِ بتکدہ ہے اور یہ شمعِ طُور ہے
وُہ جگر میں داغ ہے اور دل میں یہ ناسُور ہے
یہ بھی تیری شان ہے اور وُہ بھی ترا نور ہے
وُہ بھی شائد نامۂ اعمال میں مسطور ہے
سعیِ بے غایت گرفتاریِ زلفِ حور ہے
جو نفس ہے سینۂ عاشق میں شمعِ طور ہے
جو مجھے منظور ہے وُہ ہی تجھے منظور ہے
طالب و مطلوب کیا خود ناظر و منظور ہے
یہاں سے نکلے چاہِ بابل وہاں سے اُبھری طور ہے

کاتب اعمال جو چاہیں لکھیں کچھ غم نہیں
ہے نظر اُس پر کہ جس سے قہر کوسوں دُور ہے

وہ گناہ کرتا ہوں اب جی کھولکر جو رہ گئے
جانتا ہوں خیر مجھ سے قہر تجھ سے دُور ہے

بادشاہی مال کچھ ہوتی تو کہتے فی المثال
تیرے دروازہ کا سائل قیصر و فغفور ہے

آپ ہی کو پالیا زاہد نے تو سب کچھ ملا
کہئے کس منہ سے کہ اپنی سعی نامشکور ہے

لوٹنا کیا ہم نوایاں سفر کی یاد میں
خیر ہے انور یہ کچھ دلی نہیں جے پور ہے

حُسن دل آویز و عشقِ پاک کا مذکور ہے
سلسلہ اپنے سخن کا تارِ زلفِ حور ہے

مہر میں کسکا فروغ اور مہ میں کسکا نور ہے
کچھ چھپانا کچھ جتانا ناز کا منظور ہے

حُسن ہیں سو جلوہ ہر جلوہ میں اُسکا نور ہے
اِسقدر پیدائیوں پر کسقدر مستور ہے

آپ جس جا ہیں پہنچنا واں نظر سے دُور ہے
اڑ کے جانا طائرِ بے بال و پر سے دور ہے

سامنے ہے جلوہ اور کوسوں نظر سے دُور ہے
تم کو پانا کس قدر فہم بشر سے دُور ہے

منزلوں مجھ سے جُدا کوسوں نظر سے دُور ہے
راہ اپنی دُور ہے اور دُور تر سے دُور ہے

کیا نمودِ لذتِ دردِ جگر منظور ہے
جو حریفِ عشق ہے دلشاد ہے مسرور ہے

دل میں ہے دل کو مگر پانا نظر سے دور ہے
کسقدر منزل رہِ نزدیکتر سے دُور ہے

راہ وہ چلتا ہوں میں جو راہبر سے دور ہے
رہروی اپنی رہ و رسمِ سفر سے دُور ہے

بے طلب دلمیں وہ اور حدِ بشر سے دُور ہے
پاس سے بھی پاس ہے وہ دُور تر سے دور ہے

عقل وہ ہے جو کسی راہِ طلب میں گم ہوئی
فہم وہ ہے جو کسی ادراک میں معذور ہے

جو اُٹھا پردہ نظر سے وہاں حجاب ہی ہوا — جتنی یہاں آنکھیں کھلیں اتنا ہی وہ مستور ہے

ہے لطافت خیز ذوق مائلِ حسنِ عفیف — آہ سینہ میں مرے تارِ نگاہِ حور ہے

یوں دکھاتا ہے تماشا وہ اُمید و یاس کا — میرے دل کے پاس ہے میری نظر سے دور ہے

پائے بندانِ محبت پر زباں کھولی تو کیا — آپ ہی زاہد اسیرِ نازِ زلفِ حور ہے

رند و زاہد دونوں اصلِ عشق سے لطف میں — یہ شہیدِ مہوشاں ہے وہ قتیلِ حور ہے

عشق واجب ہو گیا روئے تجلّی خیز کا — دلستانی پردہ پردہ میں انہیں منظور ہے

بات ہلکی ہلکی آتی ہے لبِ میخوار پر — حال کچھ وہ ہے کہ لب گویا نہیں معذور ہے

مدعا یہ ہے عبادت سے کہ مل جائے بہشت — زاہدِ سالوس گر زاہد نہیں مزدور ہے

مجھ سے اور بے طاعتی کی پرسش کچھ بات ہے — جانتے ہو تم کہ جو حالِ دلِ رنجور ہے

ہو فنا پر منحصر دیدار اور جیتا رہے — واقعی عاشق مگر ناچار ہے مجبور ہے

حسن ہے دھوکہ ہی دھوکہ ورنہ یہ سمجھائے دہر — سر سے پا تک صورتِ مکر و فریب و زور ہے

ہر ادا میں اہلِ دل پاتے ہیں لطفِ مرگ و زیست — جو صریرِ کلک ہے آہنگِ نفخِ صور ہے

طور پر غش ہیں تو دم دیتے ہیں شمعِ دیر پر — عاشقوں کو کب سرِ تمیزِ نار و نور ہے

مصلحت ہے کچھ کہ کچھ کھلتے نہیں اربابِ ذوق — ورنہ اس حلقہ میں اک اک اہلِ دل منصور ہے

سنگ کاوی تیشہ رانی اور امیدِ وصلِ یار — کوہکن عاشق نہیں اک بیخبر مزدور ہے

دار پر کھنچنا مگر معراج ہے عشاق کی — کس بلندی پر فروزاں اخترِ منصور ہے

وہ بھی کچھ ہے باخبر جو ہے ادھر سے بیخبر — یہاں ہے وہ ہشیار جو وہاں سے نشے میں چور ہے

کچھ نہیں سنتے کسی سے ہم کہ ہے ہاں گم کیا — کیا زبان بندی تمہاری بزم کا دستور ہے

چند ساعت میں جو انکی سیہ مستی کا رنگ — یہ شب عشرت ہے وہ جو صبح تک کافور ہے

چشم بینا دی ہے اور بخشا لب گویا نہیں — سیر ضبط درد عاشق کی انہیں منظور ہے

اور ہے کچھ روئے آتشناک خوباں وقت خشم — دیکھنا اس نار کے پردے میں کیسا نور ہے

قہر ہے دل کی نہ کہنی غیرت تقلید سے — ہر شہید خامشی فریادئ منصور ہے

تجھ کو پانا تجھ سے کتنا سہل اور کیسا قریب — مجھ کو تیرا ڈھونڈ لینا مجھ سے کیا کچھ دور ہے

سامنے ہے اور حقیقت سے تصور بیخبر — وہ نظر میں ہے مری اور میرے دل سے دور ہے

انکو آتی ہے مرے اس عجز بیہم پر حیا — کس قدر دلجوئے مجرم انہیں منظور ہے

اُس مقام لاتعین پر وصول انور کہاں
آکے منزل پر جہاں سُنئے کہ دلّی دُور ہے

تیرے جلوے دم خلوت جو نمودار ہوئے — حیرت آگئیں مرے گھر کے در و دیوار ہوئے

دل نہ اُٹھتا ہے جہاں سے انھیں دل لیئے خیال — مجھ سے مجرم کی طرح یہ بھی گرانبار ہوئے

یہ تو محسوب ہونگے کہ سیہ کاری سے — جو مری عمر کے ایام شب تار ہوئے

صلح کل مشرب و مذہب ہے تو کیا دشمن دوست — دل میں وہ پھول ہوئے آنکھ میں جو خار ہوئے

عمر دو روز کی اچھی کہ بقائے جاوید — ہے یہ حسرت کہ نہ کیوں مرگ پہ مختار ہوئے

کچھ سمجھتے ہیں ترے طالب دیدار کا درد — جو کسی نرگس بیمار کے بیمار ہوئے

صبر بنکر جو کرشمہ دل عاشق میں رہے — تمکنت ہو کے کہیں گرمئ بازار ہوئے

رنی دوست سے ناچار ہیں ورنہ مجبور | بارہا درد سے مرجانے پہ تیار ہوئے

بزہ کاری سے نہ دیکھا ہی کبھی روزِ سفید | عمر کے روز بھی کیا اپنے شبِ تار ہوئے

ا زمعشوق نے پایا ہے تو عاشق نے نیاز | جو ہوئے کار پئے مصلحت کار ہوئے

ہو مجازی کہ حقیقی مگر اس الفت میں | ایک گر یار ہوا سینکڑوں اغیار ہوئے

ہے نظر اور کہیں گر گئے نظروں سے حسیں | پھول جو آنکھ میں تھے دل میں وہ اب خار ہوئے

طاعتِ زاہدِ سالوس پہ ٹھہری جو نگاہ | تار جو سبحہ میں تھے رشتۂ زنار ہوئے

در دیں تا ہو زباں زمزمہ سنج یا رب | تیرے دلباختہ اس شوق میں بیمار ہوئے

کیجئے طاعتِ حق یاد بھی ہے کچھ انور
کیا دمِ صبحِ ازل آپ سے اقرار ہوئے

جیتے رہے تو خاک ترے ناتواں رہے | اپنے بھی دل پہ غم کی طرح سے گراں رہے

وہ مہرباں ہوئے بھی تو ہم بدگماں رہے | ہم سے کوئی چھپے تو بتاؤ کہاں رہے

مہماں رہے وہ غیر کے ہاں میزباں رہے | آئیں مری نظر میں اب ایسے کہاں رہے

دیکھا جو پاس وضع سے کچھ مجھ کو بند بند | کیا کیا وہ چھیڑنے کو مرے سرگراں رہے

آنکھیں بچھا رکھی ہیں ہر اک جائے شوق پہ | میں میزباں رہا ہوں وہ مہماں جہاں رہے

کچھ ہم رکے رکے رہے کچھ وہ کھنچے کھنچے | ارمان جی کے جی ہی میں کیا کیا یہاں رہے

کمبخت کوئی دم تو رہیگا نظر سے دور | خوش ہوں جو انکے در پہ عدو پاسباں رہے

مٹی خراب ہے ترے کوچہ میں ورنہ ہم | ابتک تو جس زمیں پہ رہے آسماں رہے

سر پھوڑنے لگے ہیں اسیری طرح بلا ہیں
اب کس ہوا پہ دیکھئے وہ آشیاں رہے

لائی تھی موت کھینچ کے جائیں تو کیونکر جائیں
اب تیرے آستاں پہ ترے ناتواں رہے

شوخی کی چھیڑ یا ہے وفا میں یہ ہے کہ تو
بیٹھے عدو کے سوگ میں اور شادماں رہے

کن حسرتوں سے خاک ہوا ہوں یقین ہے
انور مرا غبار صبا پر گراں رہے

وہ جسکو بلاتے ہیں پھر آنے نہیں دیتے
منہ دیکھنے والوں کو دکھانے نہیں دیتے

الفت کا تری درد جتانے نہیں دیتے
غیروں کو ذرا ذوق اٹھانے نہیں دیتے

دل قید تعلق سے چھڑانے نہیں دیتے
مجھ کو وہ مرے ہاتھ سے جانے نہیں دیتے

یہاں اپنے سوا کوئی ہو آنے نہیں دیتے
آنکھوں میں وہ عالم کو سمانے نہیں دیتے

بیتابی دل ہاتھ سے جانے نہیں دیتے
آرام سے پہلو میں بھی آنے نہیں دیتے

دل ہی کو بھلاتے ہیں تری یاد میں ہم لوگ
اور دل کو تری یاد بھلانے نہیں دیتے

مرتے ہیں تڑپتے ہیں تری یاد میں ہر دم
بیکار کسی دم کو بھی جانے نہیں دیتے

بیزار ہیں اور ہاتھ نہیں مجھ سے اٹھاتے
سر مجھ کو قدم پر سے اٹھانے نہیں دیتے

کعبہ میں گئے دیر سے کعبہ سے کہیں اور
عاشق کو کہیں پاؤں ٹکانے نہیں دیتے

کہتے ہیں دل اور جان کوئی دے تو غضب ہے
دیتے ہیں غم اور زہر بھی کھانے نہیں دیتے

ہر شوخ کو تمکیں سے بٹھایا ہے کچھ ایسا
سر فتنہ عالم کو اٹھانے نہیں دیتے

اک موت ہے اسکو بھی تو ہاتھ اپنے ہی رکھا
حسرت کوئی عاشق کی بر آنے نہیں دیتے

پرہیز سا پرہیز ہے عشاق سے اُنکو
نقشِ قدم آنکھوں سے لگانے نہیں دیتے

کہتے ہیں جو دل میں تو سمجھتا ہوں کہ میں ہوں
اندیشۂ ہستی بھی مٹانے نہیں دیتے

ملنے کی بھی اُمید نہ ملنے کی بھی ہے یاس
دِل میں وُہ کوئی رنگ جمانے نہیں دیتے

کچھ شان نرالی ہے قتیلانِ وفا کی
مقتل سے وُہ لاشے بھی اُٹھانے نہیں دیتے

ہے دھیان کہ طوفان نہ اُٹھائے کوئی مرکر
جینے سے بھی وُہ ہاتھ اُٹھانے نہیں دیتے

منظور نہیں در پہ مرے ناصیہ سائی
تقدیر کی تحریر مٹانے نہیں دیتے

ہیں بزم نشیں اُنکے نہ بیہوش نہ ہشیار
آنے نہیں دیتے ہمیں جانے نہیں دیتے

کیا جلوۂ پُرتاب دکھایا ہے کہ دیکھو
تسکیں وُہ کسی شکل سے آنے نہیں دیتے

منظور نہیں اہلِ طلب چین سے بیٹھیں
وُہ ہاتھ جہاں سے بھی اُٹھانے نہیں دیتے

وُہ حسن کے انوار وہ انوار کے اُٹھان
کچھ بات ہے ایسی کہ چھپانے نہیں دیتے

کہتے ہیں سدا سوزِ محبت کے فسانے
اس آگ کو سینہ میں دبانے نہیں دیتے

ہر دل میں گرہ ہے صفتِ عقدۂ مطلب
وُہ راز کہ جو دل میں چھپانے نہیں دیتے

انجام کی ہے فکر تو ناکام جہاں ہوں
یاروں سے مجھے ربط بڑھانے نہیں دیتے

اِک ایک نواسنج چمن کا ہے فسانہ
وُہ حرف کہ لب تک جسے آنے نہیں دیتے

آجائے اُسے رحم مگر یار حسد سے
کچھ حالِ غم و درد سنانے نہیں دیتے

راہیں تو بہت دُور کی معلوم ہیں لیکن
مجھ کو مرے وسواس بتانے نہیں دیتے

ہوں تذکرۂ عشق نہ آشفتگیٔ دِل
کیا ہے کہ مجھے بزم میں آنے نہیں دیتے

سنتے ہیں وہ اور درد کی میرے نہیں سنتے
کہتے ہیں وہ اور دل کی سنانے نہیں دیتے

بیزار ہیں اور پھر مجھے آنکھوں سے گرا کر
ہر جا سر تسلیم جھکانے نہیں دیتے

دیدار کہاں کا کہ دکھا کر کوئی پرتو
پہروں بھی تو پھر ہوش میں آنے نہیں دیتے

یہاں دیکھ لو جو طور پہ گذرے ہیں تماشے
جلوہ کو مگر آگ لگانے نہیں دیتے

حسن نظر افروز کے یہ حسن یہ دعوے
عاشق کو کبھی پاس بٹھانے نہیں دیتے

ہے شیفتہ اپنا تو سمجھ کر اسے اپنا
دل کو بھی مجھے ہاتھ لگانے نہیں دیتے

عشاق ہیں اور داغ تمنا مگر انور
کچھ یاد وہ اپنی سے بھلانے نہیں دیتے

جو بت رشک تجلی ہیں یہ ہیں تصویر مٹی کی
اسی مٹی نے تاب مہر تر تنویر مٹی کی

سنبھالی ہوش پر اس طفل نے شمشیر مٹی کی
خلائق حشر کو دیکھی دامنگیر مٹی کی

پسند آئی یہ حق کو عجز کی تقریر مٹی کی
کہ مسجود ملائک بن گئی تصویر مٹی کی

فقط انداز قاتل ہے دم تیغ دو دم کیسا
بتوں کے ہاتھ میں تو ہو فدا شمشیر مٹی کی

نگہ اونچی کرو دیکھو فلک کیا خوب تیرہ رو ہے
جھکا کر چشم کیوں آ جا نگاہ تیر مٹی کی

پٹک دیا نظر سے بس سزا ہے خاکساروں کی
ذرا دامن سے جھٹکا ہو گئی تعذیر مٹی کی

سبک روحوں کو بھی یہ کھینچتی ہے اپنی جانب کو
بگولے سے ہے پائے باد میں زنجیر مٹی کی

وہ ہوں ناکام دیدار بتاں گر دیکھنا چاہو
یقیں ہے صاف منہ کو پھیر لے تصویر مٹی کی

ہوئے ہم خاک تا پہنچیں ترے در تک اسی ڈھب سے
یہ تھا اپنا مقدر آ گئے اب تقدیر مٹی کی

جو دیکھی وسعت میداں تو یہ بسمل تڑپا / کہ خوں سے فلک کے سُرخ سو سو تیر مٹی کی

آہی آبداری خنجرِ قاتل کی چل جائے / کہ دم میں کیسی کیسی حسرت نخچیر مٹی کی

کرے برباد کیا باد حوادث خاکساروں کو / صبا کے دوش پر توقیر ہے تشہیر مٹی کی

نہ تھے ہم صفا اور وُہ کدورت آشنا ہیں / وُہ دِل میں اس کے پہنچے بن پڑی بری مٹی کی

ہمیں اُس کوچہ میں جانا عروجِ آسمانی تھا / موئے ہم یہاں یہ دیکھو جذب کی تاثیر مٹی کی

وہاں جا نہیں از خود رفتگی کا اک وسیلہ تھا / قضا نے مجھ کو مٹی کر کے یہ تدبیر مٹی کی

وصال اس بُت سے ٹھہرا تھا کہ دامن گور سے کھینچا / ہماری حسرتیں ہونگی دامنگیر مٹی کی

مجھے یالیتنی کنت ترابًا یاد آتا ہے / دمِ جولان توسن یُوں بڑھی توقیر مٹی کی

ہوے جس راہ میں ہم خاک تم اُس رہ نہیں چلتے / غضب ہے آرزوئے خاک دامنگیر مٹی کی

بگولہ بنکے چکر میں ہے یہی میں بھی گردش میں / میری تقدیر میں کیا مل گئی تقدیر مٹی کی

اُسے دھوتے تھے پتھر کوہکن نے بے ستوں پایا / اُڑانی خاک تھی ہمکو ملی جاگیر مٹی کی

ہمارا ہاتھ بھی ہے پھر گریباں تک رسائی کو / لپٹنے سے جو دامن کے نہیں تقصیر مٹی کی

پسِ مُردن دی مٹی بھی آ کر قبر تک اُس نے / مگر مٹی ہماری اور بے تقصیر مٹی کی

یہ حسرت ہے کہ دوش باد پر ہو کوچہ بربادی / اُسے کرتی ہے مٹی حسرت توقیر مٹی کی

جہانِ چشم کیونکر لے کے پا انداز کو لاؤں / چلیں وُہ یُوں نہیں پراے خوشا تقدیر مٹی کی

سحر ہم قبر میں سوئے جو شب ہم خواب تھے اس سے / مگر کیا ہم نے اپنی خواب کی تعبیر مٹی کی

کفن یہاں سر سے باندھا ہے تُو ھر تیغ اُس نے کھینچی ہے / مگر ہاں کچھ کشش کر جائے گر تقدیر مٹی کی

جو ملتے خاک میں وہ زندۂ جاوید رہتے ہیں
یہ پیچھے جیکے آنا اور بچ بچکر نکل جانا

مگر تاثیر آب خضر ہے تاثیر مٹی کی
خبر بھی ہے کسی عاشق کی دامنگیر مٹی کی

نہ بل انور نہ مل انور بتوں سے ہم نہ کہتے تھے
نہ آخر تو نے اپنی عزت و توقیر مٹی کی

حنا دست نگاریں میں کسی کے کوئی ملتا ہے
کوئی اندر ہی اندر سینہ کے دل کو مسلتا ہے

سوال بوسہ پر وہاں میاں سے خنجر نکلتا ہے
زباں چلتی ہے گر اپنی تو انکا ہاتھ چلتا ہے

سخن کیسا ہی ناہموار ہو موزوں نکلتا ہے
مگر اُسکے دہان تنگ کے سانچے میں ڈھلتا ہے

معاذاللہ تیرے اس عارض شفاف کا عالم
اٹکتا ہے دل اپنا شیخ کا ایمان پھسلتا ہے

عدو بیٹھا ہے در پر تیرے نقش کالحجر ہو کر
زمیں پکڑی ہے دانتوں سے کب اپنی جا سے ہلتا ہے

تماشا دیکھنے والوں میں ہیں گھر پھونکر ہم بھی
بلا سے ساز و برگ جان و دل سینہ میں جلتا ہے

شب وصل اُس نے جو سرکی لو کشتی کی ہمنے
ہم اپنا رنگ چلتے ہیں وہ اپنی چال چلتا ہے

تڑپ بھی تیغ کی کچھ ساتھ ہی دل میں اتر آئی
کہ میرے زخم دل کا دمبدم پھاہا پھسلتا ہے

قیامت سر پہ گذرے حشر ہو طوفان ہو کچھ ہو
قدم جس جا سے اپنا جم گیا پھر وہاں سے ٹلتا ہے

ہوا کے ہاتھ ہے اس ناتواں کی اب خبر گیری
کوئی جھونکا صبا کا آنکر کروٹ بدلتا ہے

یہ کچھ نازک ہوا ہے صدمہ سہتے سہتے دل اپنا
کہ آواز شکست رنگ سے اب جی دہلتا ہے

اِدھر دل ہاتھ سے چھینا اُدھر پانوں میں مل ڈالا
یہ شوخی اُف رے کیا کچھ ہاتھ چلتا پانو چلتا ہے

مزے مرنے میں بھی ہیں قتل کے اے بوالہوس دیکھا
کہ قاتل خون بسمل سے حنا ہاتھوں میں ملتا ہے

مجھے خود رشک ہے اس مرگ خوش انجام پر اپنی
کہ منکے زانوئے نازک پہ اپنا دم نکلتا ہے

یہ میں اور سر یہ تم اور تیغ بسم اللہ دکھیں تو
جفا سے کون پھرتا ہے وفا سے کون ٹلتا ہے

اُدھر وہ ہاتھ میں خنجر لیے بیتاب آتے ہیں
خوشی سے دل اِدھر سینہ میں دو دو ہاتھ اچھلتا ہے

میں اس جینے پہ مرتا ہوں کہ اس عاشق کی لحد میں
کسی پر جان جاتی ہے کسی پر دم نکلتا ہے

جگر کا دی کو کیوں میں چھوڑ بیٹھے کیوں کوچہ گردی سے
ابھی فضل خدا سے ہاتھ چلتا پاؤں چلتا ہے

جفائے یار ابھی باقی ہے دم لے لے اجل اکدم
عدو کے ساتھ یہاں آنکو وہ گھر سے نکلتا ہے

ادا بیساختہ ہوتی ہے پیدا سو اداؤں سے
ترے مستی کے عالم میں بھی اک عالم نکلتا ہے

ترے دامن سے دامن باندھ دوں اپنی تغافل کا
کہاں تک دیکھیں اس خو درنگی میں ساتھ چلتا ہے

عدو کی گرمجوشی دیکھکر یہاں جل گئے تیور
دھواں آنکھوں سے اپنے جائے نظارہ نکلتا ہے

وہ مجھکو قتل کرتے ہیں عدو نے کیا کیا اسمیں
کہ جو دل میں ہے وہ ہاتھ سے اُنکے نکلتا ہے

تماشے کا تماشا ہے کہا کیوں صرف بیصرفہ
تمہاری بزم میں عاشق بجائے شمع جلتا ہے

ترے ملنے کی کچھ کچھ صورتیں ہیں نقش پا سینہ میں
ان اصنام خیالی سے ہمارا جی بہلتا ہے

کہوں میں سیدھی او نافہم کج رفتار ٹھہرا ہو
چلو تم ٹیڑھی کی اور بانکپن اس ہی نکلتا ہے

تم ایسے کھوئے جاؤ گے کہ دشمن پھر نہ پائیگا
تمھاری بات پانے میں میرا مطلب نکلتا ہے

مری سربازیاں جی ہارتی ہیں غیر خودسر کا
مرا پامال ہونا بوالہوس کا سر کچلتا ہے

جدا ہو کر قدم سے تیرے ہے یوں نقش پا مضطر
کہ طفل آغوش مادر کی جدائی سے مچلتا ہے

تری ہر فتنہ رفتاریں ہے شورش محشر
کہ آغوش محشر میں یہ طفل شوخ پلتا ہے

میری خونابہ افشانی نے یہ کچھ رنگ باندھا ہے
کہ طوفان تماشا آنکھ سے تیری اُبلتا ہے

مجھے دلسوز پر اپنے یقیں ہے تیری اُلفت کا
کسی کی آگ میں سچ ہے وگرنہ کون جلتا ہے

نزاکت نے تیری تجھکو دلایا رحم بسمل پر
کہ گرمیٔ تپش سے اسکی تیرا جی پگھلتا ہے

تڑپتے بھی نہیں ہم آپکی پاس نزاکت سے
کہ ہوں کس طرح بار طبع نازک جی دہلتا ہے

مرے یہ نالہائے گرم گرم اور بیجگر اتنے
عدو کی ایک آہ سرد میں کیوں جی نکلتا ہے

حیا سے دُور کیوں بیٹھے گلے میرے لپٹ جاؤ
کہ وقت برق و باراں ہے تمھارا جی دہلتا ہے

تصور میں کسی کے اُف رے اپنی گرمیٔ خلوت
کہ اندیشہ بھی اشک غیر کا یہاں آکے جلتا ہے

غضب ہیں ساعد و بازو و ساق و گردن و قامت
مگر ہر عضو یار اک نور کے سانچے میں ڈھلتا ہے

بجا ہے گر نہیں کوئے عدو میں نقش پا اسکا
وہ ہے اک چلبلا چلنے میں بھی وہ اُڑکے چلتا ہے

اگر واقع میں یوں ہی ہے تو دل اک چیز ہے اپنا
کہ دل سے وہ کبھی آنکھیں کبھی چتون بدلتا ہے

جسے دل بار ہو اپنا یہ باتیں اُس سے لازم ہیں
میں اپنا دل بدلتا ہوں جو تو آنکھیں بدلتا ہے

مری عین تمنا ہے کہ ہے سر سے بلا ٹلتی
میں اپنا دل بدل لونگا جو وہ چتون بدلتا ہے

چمن میں غنچے پھوٹیں گل کھلیں کیا کام ہے انور
ہمارا دل تو گلرویوں کے غنچے میں بہلتا ہے

نہیں سمجھا نہ آپ آئے کہیں سے
ٹپکتا ہے پسینہ اُس جبیں سے
چلی آتی ہے ہونٹوں پر شکایت

پسینہ پونچھئے اپنی جبیں سے
ستارے جھڑتے ہیں ماہ مبیں سے
ندامت ٹپکی پڑتی ہے جبیں سے

میں اس برہم مزاجی کے تصدق — الجھتے ہیں وہ زلف عنبریں سے

بسر کرتا رہا ہوں زندگانی — نہ تیغ اس نگاہ شرمگیں سے

یہ کس نقش قدم پر جبہ سا ہوں — کہ سر اٹھتا نہیں اپنا زمیں سے

تمھیں ہمخواب دشمن دیکھتا ہوں — اٹھا پردہ یہ چاک آستیں سے

جہاں مدفوں ہیں تیرے کشتہ ناز — یقیں ہے حشر اٹھیگا وہیں سے

نہیں کوئے عدو میں نقش پا تک — مگر وہ اڑ کے چلتے ہیں زمیں سے

جنوں میں اس غضب کی خاک اڑائی — بنایا آسماں ہم نے زمیں سے

گریباں گیر ہے یہاں شوق مردن — وہ خنجر تو نکالیں آستیں سے

کہاں کی دل لگی کیسی محبت — مجھے اک لاگ ہے جان حزیں سے

دو رنگی ایک جا انسے نچھوٹی — مجھے مارا ادائے مہر و کیں سے

الٹ دیگا جہاں بسمل تڑپ کر — سنبھالو دست و پائے نازنیں سے

بجائے شمع جلتے ہیں سراپا — تمھاری بزم روشن ہے ہمیں سے

غضب ہی بیجگر تھا بسمل شوق — کہ جا لپٹا ترے فتراک زیں سے

وہ کچھ بیتابیاں بگڑے سے تیور — لڑائی میں مزا ہے اس حسیں سے

ادھر مارا ادھر مجھ کو جلایا — لب جاں بخش و چشم خشمگیں سے

نہ نکلی اس کے منہ سے آہ تک بھی — جسے مارا نگاہ شرمگیں سے

نہ دل قابو میں اور دل میں نہ اب صبر — کھنچیں کس بل پہ ہم اس خشمگیں سے

اُٹھانے ایک قیامت بیٹھے ہیں وہ
غضب فتنے لگا لائے کہیں سے

کسی کی دست قاتل نے تو بسمل
بڑھائے دست و پائے نازنیں سے

اِدھر لاؤ ذرا دستِ حنائی
پکڑ دیں چور دل کا ہم یہیں سے

اگر سچ ہے حسینوں میں تلّوں
تو ہے اُمید وصل اُنکی نہیں سے

برنگ یوں نکلتے ہیں کرشمے
تمھاری نرگسِ سحر آفریں سے

جہنم ہے مجھے گلزارِ جنت
جُدا ہوں ایک عذارِ آتشیں سے

یہ پردے ہیں بقدرِ شوقِ دیدار
یہ ساری لن ترانی ہے ہمیں سے

جہاں کو جلوہ گاہِ یار دیکھیں
جو نظارہ کریں چشمِ یقیں سے

مجھے کیا غم کہ بارِ الفتِ غیر
نہ اُٹھے گا کبھی اس نازنیں سے

سنا میں چل رہی ہیں جانِ دل پر
نگاہیں لڑ رہی ہیں اِک حسیں سے

وہاں عاشق کُشی ہے عین ایمان
اُنھیں کیا بحث انور کفر و دیں سے

الحذر اس عشق کے آزار سے
موت ڈرتی ہے ترے بیمار سے

اعتبار الفت کا کیا اغیار سے
دم چُراتے ہیں تری تلوار سے

کچھ تو ہی خالی نہیں اغیار سے
رنگ اُڑتا ہے گلِ رخسار سے

ہے فلک تک خاک اور ہی غم رقیب
جل رہا ہوں آہ آتشبار سے

ضعف میں مرنا بھی مشکل ہو گیا
جان اُلجھی ہے نفس کی تار سے

ہو رہینگے اِک نہ اِکدن یہ ہی حشر
فتنے اُٹھ اُٹھ کر تیری رفتار سے

تھر ہیں مستی میں وُہ انگڑائیاں
خالی ہاتوں لڑتے ہیں تلوار سے

گر کہیں جا بیٹھیں ہم تکلیف دوست
سایہ اُڑ جائے تیری دیوار سے

وہاں وُہی طرزِ جفا غفلت شریک
پس گیا جو پس گیا رفتار سے

جمع اپنا خرمنِ دل جب ہوا
بجلیاں ٹوٹیں نگاہِ یار سے

ہے خریدار ایک عالم یار کا
سرد ہوں اِس گرمیٔ بازار سے

تھی جو مطلب کی تو ساری بر ہی
جھٹ اُڑا لی طرۂ طرار سے

مجھ سے گر ضد ہے تو لو کہتا ہوں میں
میرے کہنے سے ملو اغیار سے

واعظِ وقت آج انور سب بنگئے
کل نکلتے تھے درِ خمار سے

نہیں طاقت مجھے ضبطِ فغاں کی
بُرائی سر پہ لینی ہے جہاں کی

پیامِ غیر ہی پر گو کہ ہاں کی
حقیقت تو کھلی اُنکے وہاں کی

تمنا تم سے رکھتا ہوں جہاں کی
میری اِک بات ہے سو داستاں کی

ملے جان ابد کیا گر نہ جانا ؎
کہ کیا مدت سے ہے عمرِ جاوداں کی

کمر باندھی ہے توبہ توڑنے پر
الٰہی خیر عزمِ ناتواں کی

در و دیوار سے حسرت ہے پیدا
مکاں بھی کہہ رہا ہے لامکاں کی

خدا کی بے نیازی مانتا ہوں ؎
ذرا پرستش نہیں نازِ بتاں کی

کسی کافر پہ گر مرتے نہ رہیے ۔ تو کیا لذّت حیاتِ جاوداں کی
تمھارے ہاتھ سے مرنا ہے شاید ۔ کہ گذری ہے شامِ غم اس نیمجاں کی
وہ اپنے دم میں ہیں اس فکر میں ہم ۔ کہ مہمانی کریں کیا مہماں کی
رہا یکساں ہمیشہ بارِ اغیار ۔ وفائیں ہم سے پُوچھو آسماں کی
بغل میں دل یہاں چلتے ہیں واں تیر ۔ جُدائی دیکھتا ہُوں جسم و جاں کی
چلے دشمن کے گھر خود رفتہ ہو کر ۔ طبیعت آگئی ایسی کہاں کی
ستم ہے پند گو کی مہربانی ۔ دُہائی اُس بُتِ نامہرباں کی
تکلف اپنی بزم آرائیوں کا ۔ دکھا دیتا ہے صورت میہماں کی
یہ باتیں سچ یہ قسمیں راست لیکن ۔ یہ کیا کہتی ہے طراری زباں کی
اِدھر ہم اور گراں جانی کے دعوے ۔ اُدھر تم اور صلاحیں امتحاں کی
سُلائیں بختِ بیدارِ عدو کو ۔ کہانی کہکے اُس آرامِ جاں کی
یہ رُعبِ حُسن سے گھبرا گئے ہم ۔ کہ سوجھی بات کچھ اور کچھ بیاں کی
ملیں نظریں تو اب دِل کی نہیں خیر ۔ خبر یہ سود دیتا ہے زیاں کی
شکستِ عہد پہ باندھینگے کس کو ۔ کمر میں ہے جو خاصیت دہاں کی
غم اُنکا دل میں ہے اے نالہ خاموش ۔ کہ نازک ہے طبیعت میہماں کی
چھری ہوتی ہے وہاں عشاق پر تیز ۔ اُنہیں حاجت نہیں سنگِ فساں کی
رہے ناکام باب اس ضعف سے ہم ۔ کہ منت تک نہ اُٹھے پاسباں کی

ہمیں سر پھوڑنے کے ولولے ہیں
نہیں خبر انکے سنگ آستاں کی
یہ سوئے کشتۂ تیغ تغافل
کہ آنکھیں کھل گئیں خواب گراں کی
ستم سے باز آئے بھی تو ایسے
کہ اپنے ناز پر خود الاماں کی

چلے ہیں آج انور میکدہ میں
کرامت دیکھنا پیر مغاں کی ؎

یہاں آرزوئے قتل میں جینا عذاب ہے
یعنے تمہارے ہاتھ سے مرنا ثواب ہے

کیا اسکی ہے خوشی کہ وہ رخ بے نقاب ہے
اک میرے ساتھ چشم جہاں کامیاب ہے

کہتا ہوں شوق وصل یہاں بیحساب ہے
میرا سوال یاں سے میرا جواب ہے

کس دل سے توبہ توڑیے ساقی کے ہاتھ پر
پیمان سے اپنے بڑھکے نزاکت مآب ہے

چشم اپنی اپنی آن کے تماشے سے بند ہے
غفلت ہے اک طرح کی گرانی خواب ہے

وہاں اک نہیں کی بات سوا دوسری نہیں
مثل دہن سخن بھی مگر لاجواب ہے

دیکھی ہے ہم نے ایسی شب تیرہ طالعی
دوراں میں اپنے ساغر مے آفتاب ہے

دشمن کی خاک اڑاتے ہیں وہ تو بھی رشک سے
ان سے زیادہ کچھ مری مٹی خراب ہے

نذر خیال کاکل صد تاب کیا کروں
دل ہے تو وقف کشمکش پیچ و تاب ہے

وہاں اک ستم تو یہاں ہمہ تن ہے زبان شکر
اپنا جدا جہاں سے حساب و کتاب ہے

عرض کشاد زلف پر ابروئے پر شکن
سیدھی ہی بات بھی ہے تو الٹا جواب ہے

ہو عذر گو اک آتش چشم مآل میں
ہے بادہ مہتاب تو کیا اجتناب ہے

قسمت ہے یہاں جو دشمن تسکین جان وقف
روز وصال بھی تری آنکھوں کا خواب ہے

یہ دل پہ لکھ گیا کہ نہیں وہاں شمار ظلم
ورنہ کسے دماغ حساب وکتاب ہے

ہاں سر جھکائے بیٹھے رہو تم کچھ اور بھی
ہم بھی یہ دیکھتے ہیں کہ کب تک حجاب ہے

کیوں اتنی دور ذوق زباں کے لئے گئے
واعظ طہور خلد میں ہے یاں شراب ہے

منہ یک بیک جو کھول دیا ہے تو عشق میں
حسرت ہی اپنی چہرہ پہ اُنکے نقاب ہے

دلشاد اپنے قتل کے وعدے پہ ہوں مگر
اُنکا خیال رنجش باز و عذاب ہے

اُلٹے ہیں سیدھی بات بھی اُلٹی ہی کرتے ہیں
کہتا ہوں اِک نگاہِ کرم ہو عتاب ہے

انور یہ عقدہ پیر خرابات سے کھلا
بگڑا ہوا طریقۂ دیر خراب ہے

کوچہ میں ترے کیا کوئی بیخوف و خطر جائے
ہر گام کا اُٹھنا یہ دکھاتا ہے کہ سر جائے

کیا بچکے مرے دل سے ترا تیر نظر جائے
وہ جائے جدھر سایہ صفت یہ بھی اُدھر جائے

شاید شب غم جوشش وحشت میں گذر جائے
جو دست جنوں تا بگریبان سحر جائے

قاتل ہے جو موہوم تو پھر مطلب دل کیا
دیکھیں کہ کہاں کشتۂ انداز کمر جائے

قابو میں طپش کے ہیں ترے مضطرب الحال
سمجھیں اُسے موت اپنی جو کچھ بھی یہ ٹھہر جائے

یہ قطرۂ آب اور جگر و دل مرے تشنہ
پیکان ترا کہئے کہ اِدھر جائے اُدھر جائے

ہو کچھ تو علاج تف خورشید قیامت
محشر میں کوئی جائے تو با دامن تر جائے

کچھ پاؤں اُلٹ جاتے ہیں وہاں رعب ہے ایسا
اُس کوچہ میں جو جائے زمیں سے وہ اُدھر جائے

دلدوز ہے جانسوز ہے ہر نالۂ بلبل
ڈر ہے کہ دلِ یار میں تاثیر نہ کر جائے

تا کا ہوا اُنکا نہیں جاتا ہے کہ بسمل
اُڑ کر جو بہت جائے تو تا حد نظر جائے

آئے تو مرے سینہ میں دم لے ترا پیکاں
حاضر جگر و دل ہیں اِدھر جائے اُدھر جائے

اک جیت کی بازی ہے نظر بازیٔ عاشق
سو جلوے نظر آئیں اگر ایک نظر جائے

لب نغمہ سرائی ارنی مجھکو ملے کیوں
منظور جو یہ تھا کہ مرا ذوق نظر جائے

تمکین اُسے جانے نہیں دیتی کہیں ہرگز
کیا جائیگا وہ گرچہ کسی بات ہی پر جائے

بیڈھب ہی ہوا ہے دل آشفتہ مزاجاں
ڈر ہے کہیں مجموعۂ عالم نہ بکھر جائے

اُمید ہے اپنی یہ برآئے نہ برآئے
یا تیغ سر قتل سے یا سر سے گذر جائے

ہے اُن پہ گراں رنج تماشائے مقابل
عکس اُترے جو آئینہ میں چہرہ بھی اُتر جائے

جو روز قیامت ہے اسی رات میں ہوگا
ورنہ یہ شبِ غم نہیں ممکن کہ گذر جائے

اُس بزم میں جائیگا عدو حشر اُٹھا کر
کیا عمر ہے اپنی کہ جو باتو نہیں گذر جائے

کیا خوب نزاکت ہے کہ اُلفت سے عدو کے
تم ہاتھ اُٹھالو تو کلائی نہ اُتر جائے

دِل سے تو خلش جائیگی اُس پلچیں نہیں کی
اے کاش وہ اقرار کرے گرچہ مکر جائے

اچھا ہے کہ اس کاہش انجام سے چھوٹو
نظروں سے ترے مجھ پہ قیامت جو گذر جائے

جان بخش ہے گفتار تو لب چشمۂ حیواں
پھر کہئے کہ اُنپر کوئی کس بات پہ مر جائے

برہم جو ہوئے ہیں وہ بس اب کچھ نہ بنیگی
تقدیر ہے کیا بات کہ بگڑے تو سنور جائے

روشن ہے چراغ رہِ تاریک محبت
اندھیر ہو کیا کچھ جو مرا داغ جگر جائے

اپنے کو تجلی گہ جاناں میں میں دیکھوں
خود ہی نظر آتا ہوں جہاں تک کہ نظر جائے

ناکامی میں گر کچھ بھی دعا کیجئے انور
لب تک بھی نہ آئے کہ دعا میں اثر جائے

اب اپنا حال ہم اُنہیں تحریر کر چلے
خامہ سپردِ کاتبِ تقدیر کر چلے

کہتے ہیں تم وصال کی تدبیر کر چلے
گویا ہمارے حق میں وُہ تقدیر کر چلے

تدبیر کو حوالۂ تقدیر کر چلے
ہم بے زبان بھی یار سے تقریر کر چلے

دِل خار خار خندۂ چشمِ اثر ہے اب
دِل گرم صرفِ نالۂ شبگیر کر چلے

مرتا ہوں یوں کہ بستۂ فتراک کیوں نہیں
میں ہُوں وُہی کہ تم جسے نخچیر کر چلے

ہم جان کیوں نہ دیں دمِ گفتار بار بار
پر دیکھتے ہیں یہ کہ وُہ تقریر کر چلے

باہر ہے ضبطِ شرم سے آشفتگی سری
تم بھی اسیرِ زلفِ گرہ گیر کر چلے

وقتِ پیامِ وصل وُہ کہتے ہیں ہو چکا
شائد عدو سے وصل کی تحریر کر چلے

بس انتظارِ صبحِ قیامت نہیں قبول
ہم اب تو عزمِ نالۂ شبگیر کر چلے

کچھ مُزدِ رنجِ بازوئے قاتل نہیں کہ دل
نذرِ ادائے بُرشِ شمشیر کر چلے

کُھلتا نہیں یہ عقدہ کہ ہو بیٹھے شاد کیوں
کِسکو اسیرِ زلف گرہ گیر کر چلے

کہئے کہ شانِ عشق میں کیا ہو گئی کمی
گو آپ خُوب ہی مری تحقیر کر چلے

دِل ہے یہاں وہ نیم قصورِ طپش معاف
تم بھی نگاہ شرم کو شمشیر کر چلے

کھلتا ہے اور نالہ سرائی سے دل مرا
نالہ یہیں تو آئنہ بھی تاثیر کر چلے

صورت چھپا لیے کسی صورت پرست سے
ہم دل میں نقش آپ کی تصویر کر چکے

دامن کشاں چلے ہیں مری خاک پر سے وہ
برباد کرنے کی مری تدبیر کر چکے

کچھ حشر خیزیٔ شبِ غم انتظارِ مرگ
کچھ دورِ ظلم وقت کی تاخیر کر چکے

گو تم نے اسکو رکھ کے نظر میں گرا دیا
لیکن عدو کی عزت و توقیر کر چکے

تا چرخ ہیں اڑاے پھرے مجھ کو ضعف میں
نالے کہاں کہاں مجھے تشہیر کر چکے

ہے وہاں نگہ نگہ کو سرِ دلبری مگر
دل کو مرے وہ قسمت صد تیر کر چکے

کہیے کہ زورِ بازوے میں کدھر گیا
سو بار غیر آپ کی تقصیر کر چکے

کس منہ سے جبہ سائے درِ یار ہوں کہ ہم
پہلے جبیں حوالۂ تقدیر کر چکے

دل مصر ہے کہ کارکنانِ قضا اسے
سامانِ صد شکستن تعمیر کر چکے

چن چن کے بیگنہ کو وہ لاتے ہیں زیرِ تیغ
ہم جب سے اس امید پہ تقصیر کر چکے

آخر تو بعد آس کے ہے یاس سے امید
جو کچھ ہم اپنی آہ کی تاثیر کر چکے

اب کیا کہیں کہ قولِ وفا دے چکے انہیں
پہلے ہی قطع دامن تقریر کر چکے

اب کیا رہا لپیٹ ہیں دامن سے آپ کے
مٹی ہم اپنی آپ جو توقیر کر چکے

ہے چشم دجلہ باز تو کیا ہم کو چشم زیست
کاشانہ روئے آب پہ تعمیر کر چکے

کیوں التجائے قتل سے کھنچتے نہیں تنگ
جب وقت آ گیا تو وہ تاخیر کر چکے

ہم کس سے شکر و مدح قبولِ دعا کریں
لب قسمت شکایت تاثیر کر چکے

اب منہ سے بولتی کوئی تصویر آپ کی
جاں اپنی ہم حوالۂ تقدیر کر چکے

اُس لب پہ امتحاں کے لئے مرتے ہیں ہم
جینے سے پہلے مرنے کی تدبیر کر چکے

ہوتا ہے وُہ ہی یہاں کہ جو منظور ہے ہُماں
انورؔ ہم آزمائشِ تقدیر کر چکے

شکائت کیا تمھارے آستاں کی
زمیں بھی سوچتی ہے آسماں کی

رہی سُدھ عشق میں یہاں کی نہ وہاں کی
کوئی پُوچھے تو بتلاؤں کہاں کی

یہ حالت ہے مِرے دردِ نہاں کی
کہ صُورت دیکھتے ہو رازداں کی

پسِ قتلِ جہاں لاؤگے کس کو
یہ خصلت تو بُری ہے اِمتحاں کی

نہ آئے ضعف سے گو آہ لب پر
مگر ہمّت تو کی ہے لامکاں کی

گھڑی جو عشق میں گذری تڑپ کر
وُہ اِک مدّت ہے عُمرِ جاوداں کی

یہاں آنیکا غم تھا جانے کا وہاں
حلاوت کیا ملی دونوں جہاں کی

تری محفل بنی یوں بے تکلف
کہ پھبتی ہے عدو پر میزباں کی

وُہ یہاں آئیں تو کیونکر ہم نہ دیں جاں
کہ مہمانی ہے واجب میہماں کی

وہاں اک بات ہے کہنے کو ورنہ
نشانی بے نشان ہے اُس دہاں کی

نہ ہاتھ اُٹھنے سے ثابت ہے ستم پر
نزاکت بڑھ گئی اُس دلستاں کی

عنائت غیر پر یہ غیر ممکن
مگر ہے طرز میرے امتحاں کی

تمھیں دیکھا تو دل دینا ہی سوجھا
نہ سُوجھی کچھ ہمیں سُود و زیاں کی

ستم چھوڑو کہ ہے پاس نزاکت
ملامت کب اُٹھیگی اِک جہاں کی

مری فریاد بھر خواب اغیار
کہانی ہے کسی آرام جاں کی

یہاں یہ عجز انور وہاں وہ تمکیں
زمیں کی ہم کہیں وہ آسماں کی

مجھ کو پوچھا غیر کے ارشاد سے
داد بھی ملتی ہے تو بیداد سے

دور ہے جتنا طریق داد سے
باخبر ہوں چرخ کی افتاد سے

پرسشیں یوں ہیں کہ گویا فی المثل
تم نہیں واقف مری روداد سے

کیا سنوں دل کی مہم عشق میں
عار ہے یہاں غیر کی امداد سے

ہے طبیعت کا تعلق ہی ستم
جی نہیں بھرتا تری بیداد سے

بڑھ کے شوق وصل سے تھا شوق قتل
جا کے لپٹے خنجر جلاد سے

لطف سے خالی نہیں اظہار درد
دل مرا بھرتا نہیں فریاد سے

فرض ہے کیا مجھ کو عرض حال زار
کچھ سمجھ لینگے مری فریاد سے

داد خواہی اپنی ہے اس پر ستم
کچھ وہ چپ چپ ہیں مری فریاد سے

ہیں اگر آنکھیں تو نزہت گاہ دل
کم نہیں ہے گلشن شداد سے

تم پہ جو گذرا عدو کے عشق میں
ایک فقرہ ہے مری روداد سے

یہ خوشی کم ہے کہ ہم اس بزم میں
اک طرف بیٹھے تو ہیں ناشاد سے

وصف ضبط غیر ہو تو کیا گلہ
چیخ اٹھے وہ مری فریاد سے

ہیں غنیمت ضعف میں نالے کہ دوست
مجھ کو پاتے ہیں مری فریاد سے

سنتے ہیں عبرت سے وہ حالِ عدو
چونک اٹھتے ہیں مری فریاد سے

جم گیا نقشِ وفائے مدعی
موم ہے جو دل مری فریاد سے

وہاں مدارا بہرِ ظلم اور یہاں خوشی
دوستی ہے اس ستم ایجاد سے

اٹھ سکے جس کی نہ اک طرزِ جفا
کیا نبھیگی اس ستم ایجاد سے

ضبطِ غم منہ پر مرے کھلتا نہیں
کون واقف ہے مری روداد سے

ہم ہی اپنے سے نکل جاتے ہیں خیر
غم نہ نکلے خاطرِ ناشاد سے

آنکھ سے اوجھل ہے مثلِ کوے یار
فائدہ کیا گلشنِ شداد سے

اسقدر محوِ تحیر ہوں کہ میں
دل گیا تم میں تمھاری یاد سے

ہے فزوں تر رازداں کا التفات
شاد ہوں کیا کیا دلِ ناشاد سے

مصلحت یوں ہے کہ چپ رہئے مگر
سب خبر ہے آپ کی روداد سے

دل کی سعی و جہد سے دیکھا نہیں
دل کو پایا عشق کی امداد سے

ہے طپش اپنی رہائی اور کی
چھٹ گیا خنجر کفِ جلاد سے

اب کسی جا اور انور چل رہو
نبھ چکی چرخِ ستم ایجاد سے

میں رہوں کس جا کہ ہے فریاد سے
تنگ تر عالم دلِ ناشاد سے

لطف کینے سے کرم بیداد سے
اک ادا خالی نہیں ایجاد سے

گرچہ کچھ ہوتا نہیں فریاد سے
چھیڑ تو ہے اس ستم ایجاد سے

ہے دلآزاری کے شامل لطفِ عام
مجھکو مارا داد سے بیداد سے

تم جفا پیشہ ہو تم کو فرض ہے
مشورہ چرخِ ستم ایجاد سے

تم کو عاشق کے ستانے کا مزا
اور مجھے کاوشِ دلِ ناشاد سے

کیوں مژہ کو دیجئے تکلیفِ خلش
نیشتر لے لیجئے فصاد سے

سخت جانی کو غضب موقع ملا
سامنا ہے خنجرِ فولاد سے

فصد کیسے تھی رگِ جاں کھولتی
دل جلا دل گرمیِ فصاد سے

اک نہیں مٹتا تو دل سے رشکِ غیر
ورنہ کیا کیا کچھ بھلایا یاد سے

جاں ستاں تھا ہجر میں شوقِ وصال
ہم نے دانستہ بھلایا یاد سے

ناز سے تصویر کھنچنے کے عوض
کھنچ گیا نقشہ ترا بہزاد سے

بس سوا اسکے کہ ہم کھوئے گئے
اور کیا پایا تمھاری یاد سے

بےغمی ہو گو کسی عالم میں ہو
ہم گرفتاری میں ہیں آزاد سے

ہے قفس میں گرچہ آزادی مگر
بیطرح ان بن ہوئی صیاد سے

صید خود آیا ہے تا پیکانِ تیر
ہے امیدِ آفریں صیاد سے

لطف و خشمِ باغباں سے کیا غرض
خیر جو بگڑی بنی صیاد سے

صید لاغر ہوں نظر میں خار ہوں
کیوں نہ الجھوں دامنِ صیاد سے

دل میں کیوں کھٹکا رہائی کا رہے
مول لے لیجے قفس صیاد سے

ہو طپش میں صید کی اتنی تو بات
آفریں نکلے لبِ صیاد سے

مٹ گیا وُہ رہگذارِ یار میں
حشر جو اُٹھا مری فریاد سے

جانِ شیریں ہے مگر بے لطفِ وصل
تلخ تر ہے تلخیِ فرہاد سے

میرے مرنے سے صفِ اغیار میں
حشر ہے شورِ مبارکباد سے

دل کسی سے لڑ رہا ہے زیرِ تیغ
ہاں نظر ملتی رہے جلاد سے

کچھ گلے ملتے رہے خنجر سے ہم
آنکھ کچھ ملتی رہے جلاد سے

انور اُس کا اُنس ہر جا ساتھ ہے
ہم کہاں جائیں جہاں آباد سے

مجھ کو حیرت میں مرا رہنما کرتی ہے
کچھ ہُوں اور کچھ نگہ ہوش رُبا کرتی ہے

خاک میں جو تری ٹھوکر سے ملا کرتی ہے
وُہ قیامت سرِ عاشق پہ اُٹھا کرتی ہے

کچھ ادائیں تیری مطلب کی ادا کرتی ہے
میری تقدیر میرے ساتھ ہنسا کرتی ہے

وُہ ہوا جو کہ سمجھتے تھے ہم انجامِ رقیب
نہیں معلوم کہ شوخی تری کیا کرتی ہے

کچھ ادا شرطِ وفا عالمِ فرقت میں مگر
زندگانی مری یا تیری جفا کرتی ہے

غیر کی ہمسخنی مرگ ہے اور مرگ مراد
بات اُس کی مرے مطلب کو ادا کرتی ہے

جانتا ہوں طپشِ دل کے جو اسبابِ وصال
میری تدبیر پہ تقدیر ہنسا کرتی ہے

وُہ چلے آتے ہیں کیا مضطر و بیخود ہے ہے
مجھ کو شرمندہ مری آہ رسا کرتی ہے

جھوٹے دعووں پہ بھی ملزم نہ ہوا تو جانا
کہ تری بات میں اک بات رہا کرتی ہے

حشر بھی ہے یہی برہمزنِ عالم لیکن
تیری رفتار کوئی بات سوا کرتی ہے

پھٹ گیا دل مرا عقدے جو کھلے ہیں انکے
مجھ پہ ظلم اور مری فکر رسا کرتی ہے

تیری صورت بھی تصور میں ہی مجھ سے چھپیں
کبھی دل میں کبھی آنکھوں میں رہا کرتی ہے

ہیں ضعیفوں ہی پہ سب تیزی قاتل کی نگاہ
آنکھ پھرتے ہی میرے دل سے لڑا کرتی ہے

ہاتھ ہر دم سوئے جیب اُٹھتے ہیں اور جیب نہیں
تنگ کیا کیا مجھے تحریک صبا کرتی ہے

یہ چرخ لاتا ہے اُٹھا کر اُسے عالم میں بکار
جو جفا تیری نگاہوں سے گرا کرتی ہے

کوئی رُوٹھے ہُوئے منتے ہیں وہ کب آتے ہیں
کہیں بگڑی ہوئی تقدیر بنا کرتی ہے

صبر کر ہجر میں انور کہ ہر اک عاشق پر
ہوتی اتنی ہے کہ بیداد ہوا کرتی ہے

وحشی ترے مکاں میں سر لامکاں رہے
تو ہی رکھے نہ دل میں تو کوئی کہاں رہے

آنکھیں تو کامیاب ہیں صدمے لیے ہو
بیٹھا رہے وہ سامنے گو سرگراں رہے

شب کو وہ یہاں نہ تھے تو نظر تھی کہاں کہاں
ہم بھی وہیں رہے ہیں وہ مہماں جہاں رہے

ہم کو بھی عمر خضر یہ کیا کیا نہ رشک آئے
دل میں اگر کوئی خلش خار وہاں رہے

پڑتی ہے اپنی آنکھ دل و چشم غیر پر
گو اب نہ ہو مگر وہ کبھی تو یہاں رہے

کوچہ ہو غیر کا کہ گذرگاہ دوست ہو
ہم بھی وہیں رہینگے خرابی جہاں رہے

بے قدر انکے دل میں ہیں چشم عدو میں گل
اپنے کو ہم مٹا کے رہے ہیں جہاں رہے

ہے ہے یہ اپنی عرض وفا پر ادھر ہنسی
انور جو غیرت آگئی تو ہم کہاں رہے

سہرا

اللہ اللہ رے نوشاہ کا زیبا سہرا
ہے سراپا یدِ قدرت کا تماشا سہرا

یاد بھولی ہے تجلی کو نکرتے مُوسےٰ
دیکھتے آکے جو یہ رشکِ تجلی سہرا

واہ کیا تاب ہے کیا شان ہے کیا حسن و جمال
واہ کیا نام خدا چہرہ ہے اور کیا سہرا

ناز ہے فصلِ بہاری کو چمن پر کیا کیا
گل و نسرین و سمن سے ہے جو گوندھا سہرا

آیا سہرا تو کہا مشتری و زہرہ نے
دیکھیں دیکھیں کدھر آیا کدھر آیا سہرا

اسکا معدوم نظیر اُسکا نہ ثانی ممکن
جوہرِ فرد ہے رُخ گوہرِ یکتا سہرا

آج وُہ دن ہے کہ سب عقدۂ وابستہ کھلیں
آج وُہ دن ہے کہ نوشاہ نے باندھا سہرا

وجد کرتے ہیں اسے دیکھ کے کیا کیا صوفی
ہے عجب جلوۂ قدرت کا تماشا سہرا

رشتۂ طول ابد گوہرِ عمرِ جاوید
دستِ قدرت نے بہم کرکے بنایا سہرا

آتشِ گل سے ظہورِ شجرِ طور ہوا
دستِ رنگیں سے جو نوشاہ نے باندھا سہرا

کان و معدن یہ مہ و مہر کو رشک آتا ہے
لعل و گوہر سے جو نوشاہ کا گوندھا سہرا

رشتۂ عمر یہ لے آئے وُہ لائے سوزن
خضر و عیسیٰ نے بہم ہو کے ہے گوندھا سہرا

گر گئی نظروں سے پروین و شعاعِ خورشید
چاند سے چہرہ پہ دولہا کے جو دیکھا سہرا

عرشِ رحمت سے برستا ہے یہ بارانِ ضیا
پاؤں تک جو سرِ نوشاہ سے لٹکا سہرا

کثرتِ شوق سے بنکر ہمہ تن صورتِ دست
ہیں بلائیں رُخ نوشاہ کی لیتا سہرا

موتیوں میں تجھے تولیں تو بجا ہے انور
کیا نئے ڈھنگ نئے رنگ کا لکھا سہرا

قصیدۂ در مدح مہاراؤ مہاراجہ شیودان سنگھ بہادر مہاراجۂ الور

ہاں اے چمن طرازِ فضائے دلِ فہیم
ہاں اے شمیم نازِ گل و خاطرِ نسیم

کہتے ہیں فیضِ قدس تجھے اور تجھی میں ہے
ایک نُورِ جلوۂ کرمِ مبدعِ علیم

ہے مشک بیزیوں سے ترِی قلب نافہ زا
گل ریزیوں سے ہے تری خاطر ارم حریم

باطن میں تجھ سے نُور فزا جلوۂ کلام
سینہ میں تجھ سے جلوہ فزا آتش کلیم

گر ہے زباں دہن میں زباں میں ہے نطق تو
گر نطق ہے سخن میں سخن میں ہے تو نعیم

انساں کی جان ناطقہ تو ناطقہ کی جان
تو ہی نہ ہو جو یار تو ہے آدمی بہیم

کیا کچھ نہیں ہے فیض ترا اِک جہان پہ
کیا کچھ نہیں ہے خُلق ترا خلق پر عمیم

عالم ہے پُر روائحِ جاں بخش سے تری
مجھ کو بھی ایک نفحہ ملے یا کوئی شمیم

ہے فکر مجھ کو اُسکی ثنا کا کہ جس سے ہے
تجھ کو بھی ایک ربط دلی اُلفت صمیم

وُہ کون یعنی والیٔ الور سحابِ جُود
وُہ مہر اَوجِ حلم و حیا باذل و سلیم

مطلع لکھوں وُہ اس کی ثنائے حضور میں
جُوں صبحِ دِل کشا ہو پئے خاطر فہیم

مطلع

تو ایک کوہ حلم ہے اے داورِ کریم
ڈر جائے تیرے سایہ سے بھی دشمن جسیم

ہے تیرے نام رُوح فزا سے دلوں میں جاں
ہے تیری ذات جان عطا سے عطا تو یم

خوش خو وخوش جمال و خوش اطوار خوش نہاد
ہے تو جہاں میں اور عدم میں ترا سہیم

تیرے جمال وجاہ و کرم سے ہے دہر میں
پستی رفیع قبیح حسین اور دنی کریم

گر تیرے مہر رخ سے نہ پائے کمال نور — رہ جائے غم سے گھٹ کے مہ نیم ماہ نیم
دشمن پہ بھی ہے فیض کف کیمیا طراز — ہے تیغ آہنی ترے قبضہ میں تیغ سیم
تیرے قدم میں ہے چمن فتح کی بہار — جو گرد رہگذر میں اُٹھی بن گئی نسیم
آتا ہے حشر تیرے دم حملہ آوری — دشمن کے گھر میں ڈھ کے مگر ہو گیا مقیم
یکدست تیرے دَور مسرت طراز میں — دُنیا سے مٹ گیا الم اے داور کریم
دل سے محرّران قضا نے مٹا دیا — لکھتا نہیں الم کو کوئی کاتب فہیم
اور جو لکھا بھی تو نہیں ہے الم وہ ہے — تسطیر حرف علت تحریر لام میم
علت کا حرف بھی نہ ہو لم سے یہ سر ہے — اسواسطے کہ کوئی الم سے نہ ہو سقیم
گر تو ستم کشان گذشتہ کی داد دے — ہو کوہ و تیشہ مثل سر کوہکن دو نیم
ہر شَے میں تیری پختہ مزاجی کو دخل ہے — ڈر ہے رہے نہ تیرے زمانہ میں خام سیم
گرتی ہے ٹوٹ ٹوٹ کے دشمن کی فرق پر — شمشیر تیری برق ہے اور وہ سیہ گلیم
عالم ہے کامیاب ترے دست فیض سے — اللہ رے وصف خاص ترے بخشش عمیم
دینے میں حصر دوست پہ دشمن پہ کچھ نہیں — ہے تجھ میں پرتو صفت رازقِ کریم
تا نسل قاطع جگر الماس بنکے ہو — جو کھائے تیرے عہد میں یک حقِ یتیم
تیرے عقاب نر کے لئے کچھ غذا اچھی ہو — اچھا ہے بد سگال ترا ہے اگر سہیم
دیکھے وُہ تیرے گنج گہر ہائے بے مثال — کہتے ہیں جو یگانہ گہر کو دُرِ یتیم
اسکندر زمانہ ہے تو عز و جاہ میں — اور عقل میں ہیں رشک ارسطو ترے ندیم

دشمن کی سرگذشت میں گر اوج ہو رقم
جو نقطہ جیم کا ہے وہ ہو داغ قلب جیم

ہے باریاب فیض حضوری تو شمع سے
دامن بچا کے چلتی ہے اب صرصر و نسیم

تو زہ کرے کمان میں اگر سہم بے خطا
دس حصہ خوف کھا کے گھٹے پیکر سہیم

معنے کہ تیر سے تیر کی صورت ہو سہم کر
اور خود نظر میں اپنی کھٹکنے لگے لئیم

تلوار کھینچکر تو اگر پھینکدے نیام
بہر عدو نیام بھی ہو اژدر کلیم

فرق جفا قلم ہے تری تیغ عدل سے
ہے یہ یقین کہ فا و الف سے ملے نہ جیم

لکھا الم ہو جسکی برات نصیب میں
اور مال دیکے وے تو اُسے راحت عظیم

یہ انقلاب ہو کہ نہ برجا رہیں حروف
بعد الف ہو لام تو قبل الف ہو میم

ہے سرپرست دہر ترا ظل عاطفت
کہئے دُر یگانہ کو کس طرح سے یتیم

تقریب یہ ہے سالگرہ کے ہر ایک شاد
یہ امر ہے کہ خلق پہ ہو بخشش عظیم

جب سے زمانہ ہے شرف شاہ خاوری
دُنیا ہے باغ باغ تو اک صورت نعیم

ملتی ہے جان تازہ ہر اک ذی حیات کو
گلشن گل و شگوفہ سے پاتا ہے زر و سیم

اللہ رے تیرے سالگرہ کی خوشی کا شور
یوں جیسے رخ پر صدا ہے کہ جیسے ترا حریم

کھولا ہے گوش جذر اصم اس نوید نے
غنچہ کو جس طرح سے شگفتہ کرے نسیم

اس روز دولتیں وہ لٹی ہیں درم شمار
درویش کا ہے کنج سرا گنج زر و سیم

رشتہ میں یہ گرہ ہے کہ نغمہ ہے تار میں
ہے یہ گرہ میں عیش کہ نافہ میں ہے شمیم

ہے یہ عجب گرہ کہ رخ اہل دہر پر
کھولا در اُمید تو کی بستہ راہ بیم

کیسے گرہ گرہ میں تری طولِ عمر نے / نقدِ حیاتِ خضر کو باندھا ہے مستقیم
یہ عُقدہ بھی وہ ناخنِ دستِ کشادہ ہے / کھولی ہے جسنے صد گرہ گیسوئے نسیم
سب مشکلیں جہاں کی ہوئی اس گرہ سے وا / اک میں رہا سو مجھ کو اُمیدیں بھی ہیں عظیم
یعنے وہ یہ کہ موردِ الطافِ خاص ہُوں / تا ہو شہیرِ عام مرا رُتبۂ فخیم
لایا ہوں وُہ جواہرِ بے مثل بہرِ نذر / جسکا نظیر معدن و کاں میں بھی ہے عدیم
جنسِ بدیع و تازہ ہے یہ دیکھیے کہ اب / کیا کچھ صلہ میں ملتی ہیں گنجینۂ قدیم
فرقِ جہاں پہ ذات تری سایہ ور رہے / ہستئ دہر تیرے قدم سے رہے قویم
وابستگانِ دامنِ دولت ہوں عز و جاہ / ہو شکر میں کشادہ زبانِ دولت ضمیم
حسّاد سوزِ غم سے جلیں اپنی آگ میں / ہو ہر نفس زبانہ کش آتشِ جحیم
مسعود ہو یہ سالگرہ تجھ کو دہر میں / ہر سال اس گرہ میں رہے فرحتِ عظیم

میں کون ہُوں کہ اُس کی ثنا مجھ سے ہو ادا
ہاں یہ دُعا کروں کہ ہمیشہ ہو وُہ کریم

آج کل ہے گرم بازارِ سخن / جسکو دیکھو ہے خریدارِ سخن
دیدۂ معجز نگر کو ہے نوید / ہے بہارِ یاسمن زارِ سخن
دل پسا جاتا ہے کچھ بیساختہ / دیکھتے ہو طرزِ رفتارِ سخن
کھل رہا ہے رازِ اصلِ آگہی / کھل رہا ہے نسترن زارِ سخن
ابرِ فیضِ معنوی ہے رشحہ بار / تازگی پر ہے چمن زارِ سخن

جانفزا تر سنبل ونسریں سے ہیں ۔ شام وصبح زلف ورخسارِ سخن

سروِ موزوں سے ہے کچھ نکلا ہوا ۔ قامتِ رعنائے دلدارِ سخن

لالہ وگل کو ہیں کچھ شرما رہی ۔ شوخیٔ رُخسارِ گلنارِ سخن

ابرِ نیسانی سے ہے لڑتی ہوئی ۔ بارشِ ابرِ گہر بارِ سخن

موجِ طوفانی سے ہے ملتی ہوئی ۔ جوششِ دریائے ذخارِ سخن

دل کشی فرمائے زلفِ یار ہے ۔ طرۂ پر تاب خمدارِ سخن

جادوے آموز چشمِ ناز ہے ۔ نرگسِ مست فسونکارِ سخن

چشمِ انجم میں ہے کچھ کھٹکے ہوئے ۔ لمعہ افروزی انوارِ سخن

اسکے جلوے دل میں رکھنے چاہئیں ۔ قابلِ اخفا ہے اظہارِ سخن

سلام

۵

یداللہ کی مدح خوانی رہے ۔ کہ خود حق سے ہمداستانی رہے

سلامی غمِ شہ نہانی رہے ۔ شرر ریزِ دل سوز جانی رہے

غمِ شہ میں یوں زندگانی رہے ۔ کہ دل شادِ ناشادمانی رہے

رہے میزباں جانِ ایذا طلب ۔ غم و درد کی میہمانی رہے

دل افزائشِ درد سے خوں ہو ۔ غم و رنج سے خوں پانی رہے

رہے حصۂ نشترِ غم جگر ۔ مژہ قسمتِ خونفشانی رہے

۴- غمِ شاہِ دیں جاودانی رہے - زباں شیونی لب فغانی رہے

جگر آب ہو ہو کے آنکھوں میں آئے | یونہی آنسوؤں کی روانی رہے
رہے لطف فرمائے دلِ آہِ گرم | دمِ سرد کی مہربانی رہے
قلق میں قلق درد میں درد ہو | طپش صرف آسودہ جانی رہے
شرر باریٔ نالہ ہو دمبدم | جگر سوزیٔ ہر زمانی رہے
زباں پر رہے یا علی یا حسین | نفس دلکش نوحہ خوانی رہے
اسی بیخودی میں رہے ہو تنِ جان | اسی مرگ میں زندگانی رہے
رہے تشنۂ دشنۂ غم جگر | جراحت سے راحت رسانی رہے
رہے ماتمِ شہ سے سینہ فگار | نمایاں عزا کی نشانی رہے
جدا ہی بنے قبر عباس بھی | پئے قطعِ بازو نشانی رہے
کہاں خدمتِ شہ سے جاتے رفیق | کہ مرہون لطفِ زبانی رہے
گدایانِ شہ فیض بخشِ انام | بصد شوکتِ خسروانی رہے
گرا خاک پر رکنِ عرشِ جلال | کہاں گردشِ آسمانی رہے
ہوا شاہِ تشنہ لب سے سبیل | سخنہائے تر میں روانی رہے
رہے عمر بھر شہ قتیلِ رضا | تمنائے باقی میں فانی رہے
رہے کہتے مجھے عابد دمِ غم کشی | قوی ہمت ناتوانی رہے
ضواں دار انس و ملک ہیں امام | زمینی رہے آسمانی رہے
ہمیشہ جگر گوشگانِ رسول | ستمدیدہ آسمانی رہے

رہی تیغ شہ سخت جانوں پہ تیز — کہ سنگ فساں سخت جانی رہے

رہا حسین زہرا گرے خاک پر — کہ اک گلشن بیخزانی رہے

اُٹھاتے رہے عابدیں بار صبر — توانا تر ناتوانی رہے

یہ تھی عرض اکبر کہ اُلٹیں صفیں — مگر شاہ کی مہربانی رہے

بچے ایک سجاد ہی قتل سے — کہ آل عبا کی نشانی رہے

ہوا قتل بے آب طفلِ حسین — زمانے میں اب خاک پانی رہے

رہا دم میں دم جبتک انصار شاہ — سراپا دم جانفشانی رہے

بہت ناخوشی میں رہے خوش حسین — بہت شاد ناشادمانی رہے

غضب ہے کشادِ دل اشقیا — کہ شبیر پر بند پانی رہے

ملے شہ کو خون جگر داغ دِل — غضب ہے کہ یوں میہمانی رہے

سہارا ہے اکبر پہ شبیر کو — رہے یہ بہار جوانی رہے

گل و سرو شمشاد باغ بتول — غضب وقف بادِ خزانی رہے

دریغ اکبر نوجواں صد دریغ — کہ محروم لطفِ جوانی رہے

زباں پر رہے ذکر شہ تشنہ لب — عجب ہے کہ رطب اللسانی رہے

کہا حق سے کچھ اور سدھارے صغیر — زباں اور بے زبانی رہے

ہوئے قتل اکبر پھر اصغر شہید — دِل شہ پہ یہ داغ ثانی رہے

کھلے سوزِ دل یوں کہ دشمن جلیں — تکلّم میں آتش زبانی رہے

نبی کربلا کعبۂ محترم
کہ یہاں آپ کعبہ کے بانی رہے

عیاں شہ میں وہ نور ہیں جو نہاں
پسِ پردۂ لن ترانی رہے

سرِ شاہِ دیں ہے سناں پر بلند
کہ پیدا شکوہِ شہانی رہے

سکینہ تڑپتی ہے سوتے میں بھی
کہیں شاہ دیں کی کہانی رہے

مِلا نور میں نورِ شہ بعد قتل
مکاں میں کہاں لامکانی رہے

رہے خشک لبہائے معجز نما
لبوں کی لبوں پر کہانی رہے

دمِ رخصتِ شاہِ اہلِ حرم
قیامت نمائے جہانی رہے

حقائق کھلیں روئے سبطین سے
کہ صورت میں باب المعانی رہے

وہ بے سر پڑے ہیں سرِ خاک گرم
کہ زہرا کے آرام جانی رہے

چھٹا ہے غضب تیر قامت پسر
کہ شہ غم سے خشکل کمانی رہے

رہے بھی جو کنبہ میں عابد تو کیا
کہ اک پیکرِ نیمجانی رہے

ہوئے بعدِ عباس اکبر شہید
نگہدارِ آداب دانی رہے

جو یوسف ہیں اکبر سے اوّل تو ہوں
یہ نقاش کا نقش ثانی رہے

بہشتِ بریں ہے جہاں ہے حسین
زمیں پر بھی جنت مکانی رہے

ملے حبِ حیدر پہ انور طہور
کہ مستِ مئے خسروانی رہے

تمت

یہ غزل ترتیبِ دیوان کے بعد دستیاب ہوئی

رتبہ کسی کا ہم سے گھٹایا نہ جائیگا
آنکھوں سے اشک غم بھی گرایا نہ جائیگا

پردہ رُخِ وفا سے اُٹھایا نہ جائیگا
داغ اُس نے جو دیا ہے دکھایا نہ جائیگا

ہے کوئے یار حشر اُٹھانے کے واسطے
لاشہ مرا نہ ہو کہ اُٹھایا نہ جائیگا

اس ضعف نے تو مرنے سے دل کو بٹھا دیا
ہاتھ اپنا زندگی سے اُٹھایا نہ جائیگا

ہے کوئے یار وادیٔ ایمن تو یہ نہیں
یاں اک قدم بھی پاؤں بڑھایا نہ جائیگا

یا غم سے اپنے پاؤں پہ یا در پہ آپ کے
سر اپنا پیش غیر جُھکایا نہ جائیگا

اے خضر تم کو راہ پہ لانا پڑا مجھے
گر مجھ کو تم سے راہ پہ لایا نہ جائیگا

نے فتنۂ خرام ترا۔ نے مرا غبار
دشمن ہے کیونکہ پاس بٹھایا نہ جائیگا

ایسا ڈرا ہوں اُن کی لڑائی کے نام سے
دل حفظ صلح میں بھی لڑایا نہ جائیگا

اس سرکشی کے صدقے اس انصاف کے نثار
نادم ہوں اور سر کو جُھکایا نہ جائیگا

تقلید غیر موت ہے گو کوے یار ہو
یاں نقش پائے غیر پہ جایا نہ جائیگا

کچھ ہم ضعیف کچھ یہ زمیں ناز کی اثر
کوچے سے اُن کے پاؤں اٹھایا نہ جائیگا

وہ دل میں آگئے بھی تو فرطِ سرور سے
آنکھوں میں اپنے آپ سمایا نہ جائیگا

دل خارہ خار شوق سے ہے یاں خدنگِ ناز
سینے سے اپنے اُن کو لگایا نہ جائیگا

اُس وقت ہم کہینگے تمہیں جانِ نازکی
جب دستِ ظلم تم سے اُٹھایا نہ جائیگا

گویاں نہ آئیے پہ نزاکت سے آپ کی
خوش ہوں کہ دم میں غیر کے جایا نہ جائیگا

نالہ سے آؤ پہلے ہی محشر اُٹھا نہ لیں
صدمہ شبِ الم کا اُٹھایا نہ جائیگا

اُس کو ہیں اپنے کوچہ کا ہوں نقش پائے غیر
کیونکر کہوں کہ مجھ کو مٹایا نہ جائیگا

ہے روز عید تم نہ ملوگے تو کیا یہاں
خنجر کو بھی گلے سے لگایا نہ جائیگا

تم اور غیر و خلوت و انکار جھوٹ جھوٹ
دل پر وہ نقش ہے کہ مٹایا نہ جائیگا

کوچہ میں آسکے دل تو رہے بن کے نقش پا
اتنا یقین ہو کہ اٹھایا نہ جائیگا

کیونکر نہ ہوش رفتہ کو رو بیٹھئے کہ ہوش
ہے عمر رفتہ جس سے پھر آیا نہ جائیگا

ہے آسمان پہ دوست دشمن کہ بوالہوس
حرف غلط بھی ہو تو مٹایا نہ جائیگا

اک میں کہ تیرے کوچہ میں بیٹھا نہ ایک دن
اک نقش پا کہ گاہ اُٹھایا نہ جائیگا

یاں دل جفا پسند سہی پر نہ اس قدر
نازِ وصالِ غیر اُٹھایا نہ جائیگا

انور لکھو اک اور بھی اس بحر میں غزل
اور یوں تو زور طبع دکھایا نہ جائیگا

افراد

گناہ کرتے ہیں اور بے حساب کرتے ہیں
کہ تجھ کو داورِ روزِ شمار سمجھے ہیں

شکوے ہم کرتے ہیں اور کتنے بجا کرتے ہیں
کہ وہ بیٹھے ہوئے خاموش سنا کرتے ہیں

جگر اُن کا سراہیئے ظالم
تجھ سے جو دل لگائے بیٹھے ہیں

بیہوشی میں بھی زباں بند مگر چشم بھی وا
حسرت آتی ہے کہ ہم کس لئے ہشیار ہوئے

دل میں ہیں سو شکستیں اور جبیں ہے بے شکن
دردِ عشقِ شاہدِ مستور بھی مستور ہے

تقریظات و تاریخات دیوان انور از نتائج افکار سخن طرازان خوش فکر

تقریظ از نتیجہ فکر ہمائے فلک نازک خیالی طوطی شکرستان خوش مقالی استاد نامور جناب سید ظہیر الدین حسین صاحب ظہیر دہلوی تلمیذ رشید خاقانی ہند ذوق

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جلّ جلالہ و عم نوالہ

حمد و ثنائے بے منتہا اُس یکتائے بے ہمتا و ستائش و نیائش اُس یگانہ بے یگانہ کو سزاوار ہے کہ جس نے انسان ضعیف البنیان کو خاک ناپاک سے پیدا کر کے خلعت ولقد کرمنا بنی آدم سے سرفراز فرمایا۔ حوصلہ طلاقت لسانی و نطق رنگیں بیانی عطا فرما کر اشرف المخلوقات کر دکھایا۔ چہار مصرعہ عناصر کو افراد حواس خمسہ سے ترکیب دے کر حلل گرانمایہ تضمین سے آراستہ و پیراستہ کیا

پسند آئی یہ حق کو عجز کی تقریر مٹی کی ۔۔۔ کہ مسجود ملائک بن گئی تصویر مٹی کی
جو بت رشک تجلی ہیں یہیں تصویر مٹی کی ۔۔۔ اسی مٹی نے تاب مہر پر تنویر مٹی کی

درود نامحدود اُس برگزیدہ عالم افتخار بنی نوع آدم باعث ایجاد و تکوین رحمۃ للعالمین شہسوار عرصہ دنیٰ فتدلّٰی مسند نشین چار بالش قاب قوسین او ادنیٰ پر

کہ جس نے لمعہ جمال جہاں آرا دکھا کر پیشگاہ بارگاہ احدیت وصمدیت سے
خطاب لولاک لما خلقت الافلاک پایا ہ محمدؐ باعثِ ایجاد کونین -
محمدؐ خسروِ اقلیم دارین - محمدؐ شافع روزِ قیامت - محمدؐ مطلعِ دیوان قدرتؐ
وصلی اللہ علیٰ خیر خلقہ محمد وآلہ الطیبین الطاہرین واصحابہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین الیٰ یوم الدین

سخن باغیست از افضالِ باری	کہ کردہ رحمتِ حق آبیاری
بہ حسنِ خویشتن بر خویش بالد	بہ لطفِ مبدعہ فیاض نازد

نخلبندان گلزار ہمیشہ بہار سخن و طوطیان عذب البیان شکر شکن بلبلان گلزار
معانی نغمہ سنجان حدیقہ نکتہ دانی پر مخفی و محتجب نہ رہے کہ گلستان ہمیشہ بہار سخن
ہر زمان و ہر آوان شاداب و خنداں ہے یوماً فیوماً وقتاً فوقتاً ترقی پذیر و شگفتہ
و ریان آسیبِ صرصر و زحمت خزاں سے مستغنی و مصئون ہے حسن بہار روز افزوں
ہے - باغبان رحمت لالہ کار مبدعۂ فیاض آبیار ہے نمونہ قدرت نیرنگ کار
ہے - ان البیان الشعر امن الحکمۃ کیا قدرت باری ہے یہ چشمہ فیض ہمیشہ
جاری ہے - اگر کوئی شجرِ بار آور خشک ہو جاتا ہے اک نہ اک شگوفہ مہد خاک
سے نشو نما پا کر پھولتا پھلتا لہلہاتا ہے عالم اُس کے روائحہ روح افزا و
شمیم جان آسا سے تر دماغ و شیریں کام ہوتا ہے دنیا میں نام ہوتا ہے - اہل
دیار روزگار اُس کے کلام معجز نظام سے استفادہ پاتے ہیں وسعت زبان
کو بڑھاتے ہیں روز بروز زبان اصلاح و ترقی پاتی ہے - فصیح و صحیح لطیف سلیس و

وخوشگوار ہوتی جاتی ہے۔ اگر یہ سررشتۂ طلاقت لسانی و وافر بیانی جاری و ساری نہ ہوتا تو سلسلۂ نطق و بیان یک قلم منقطع ہو جاتا کوئی کلمۂ گفت و شنید زبان پر نہ لاتا۔ انسان مثل بہائم بے زبان رہ جاتا۔ اس لئے آفریدگار سخن نے انسان کو دہان اور دہن کو زبان اور زبان کو نطق اور نطق کو وسعت بیان عطا فرمائی ہے کہ کاروبار دینی و دنیوی و امور مالی و ملکی کارگاہ عالم ہیں جسکی بدولت انصرام و انجام پاتے ہیں اور احوال پیشینیان معلوم و مفہوم ہوتے رہتے ہیں۔ مگر جب کوئی نونہال بارآور ہنگام فیض رسانی عالم جوانی میں حوادث صرصر زمانی سے خشک ہو جاتا ہے تو چاشنی خواران مائدہ سخن ذائقہ نعمت کلام سے محروم و تلخکام و خشک مشام ہو کر دست تغابن تاسف ملتے رہ جاتے ہیں۔ وادریغا و احسرتا انور سراپا جوہر میرا برادرِ خُرد فضل و کمال میں برتر و بزرگ تھا۔ واقعۂ جانکاہ اس نوجوان مرگ خجستہ خصال کا قابل سینہ زنی و گریباں دری ہے۔ دمِ تحریر خامہ اشکبار دل فگار ہوتا ہے۔ ناچار و ناگزیر بقید تحریر لانا پڑا داغِ کہن دکھانا پڑا ؎

ایں داغِ جگر کہ آشکار اند	ویں نالۂ چند یادگار اند
در سینۂ ریش ریش چوں نے	از شوقِ نفیر بیقرار اند
دردا کہ بلب رسیدہ از دل	ایں نوحہ کہ نالہاے زار اند
آغشتہ بخوں رسیدہ برلب	چندیں نفسے کہ در شمار اند

	خونابہ دل رسد بمژگاں		ایں دیدۂ من کہ اشکبار اند	

چنانچہ فقیر حقیر سید ظہیر الدین حسین ظہیر چند کلمہ حال خذلان مآل کہن
برادر معرض بیان میں لاتا ہے۔ مرحوم مغفور یعنی سید شجاع الدین عرف
امراؤ میرزا متخلص بہ انور خلف سید جلال الدین حیدر رضوی المخاطب بہ صلاح الدولہ
مرصع رقم خاں اُستاد بہادر شاہ بادشاہِ دہلی تھا۔ سن طفولیت سے اللہ جل شانہ
نے اُسے جوہر قابل و مواد استعداد کامل عطا کیا تھا۔ خلعتِ زہد و ورع
و پابندی شرع و حلیہ تقویٰ اُس کے جسم پر قطع فرمایا تھا۔ بجمیع محامد گزیدہ و
پسندیدہ و اوصاف حمیدہ موصوف تھا۔ ایام خُرد سالی سے طبیعت حق طوبت
زہد و تقویٰ و کسب علوم دینی و دنیوی و حصول کمالات صوری و معنوی کی
جانب مائل تھی۔ طبع بلند پرواز عقل نکتہ رس فہم سلیم ذہن رسا ذکاء خاطر
شوخی زبان شیرینی بیان متانت کلام نزاکت خیال نگاہ باریک بین خوشنویس
لاثانی۔ شاعر بے مثال نثار لاجواب جس طرف غور کیجئے یگانہ و فرد تھا۔ حق
تعالےٰ مغفرت کرے عجب مردِ باکمال فرشتہ خصال تھا۔ فن خوش نویسی حد الدنا
سے تکمیل کو پہنچایا تھا۔ گیارہ برس کے سن میں تمام خوش نویسان روزگار پر
سبقت لے گیا۔ اسی عمر میں کتب درسیہ فارسی کو طے کر کے استعداد عربی
میں قریب تحصیل کے سرمایہ بہم پہنچایا۔ فن سخن کا اکتساب شیخ محمد ابراہیم
ذوق و میرزا اسد اللہ خان غالب سے کیا تھا مگر شاید کوئی ایک ایک دو دو

غزل دکھانے کا اتفاق ہوا ہو یہ کمال سب صیانت ذہن وحسن طبیعت رسائی فکر
سے حاصل کیا تھا جمیع اصناف سخن پر قادر و ماہر تھا غزل قصیدہ رباعی تضمین
ترجیع بند مسدس مخمس جملہ اقسام سخن کو قالب جدت میں وہ فروغ دیا کہ شعراے
ماضی و حال پر سبقت حاصل کی۔ فنِ خوشنویسی میں روح یاقوت و حدّاد کو شاد کیا۔
الحق اُس کی رنگینی مضامین شیرینی بیان بلند پروازیِ فکر شفافی طبع فصاحت
کلام متانت بیان بلاغت سخن نوآئینی ترکیب چستی بندش نزاکت خیال باریکی
معانی پر غور کرکے بنظر انصاف دیکھئے تو لامحالہ عرفی زمان ظہوری ظہور نظیری نظر
کلیم وقت کہیں تو بجا ہے مومن ثانی کہنا روا ہے بلکہ خان صاحب مرحوم مغفور سے
زیادہ تر خیال کو وسیع و باریک کیا تھا۔ ترکیبیں جُداگانہ طبع سے اختراع کی تھیں۔
متروکاتِ شاعری کے علاوہ اور جو لفظ ثقیل وکریہ غیر فصیح دیکھا اُسے دور
کرکے آئینۂ زبان اُردو کو زنگ کراہت وسقاہت سے بالکل پاک ومجلّی کردیا۔
ہائے مختفہ کا بمقابل قافیۂ الف کے لانا بالکل متروک کردیا مثلاً پروانہ وکاشانہ
اور آنا جانا وغیرہ وغیرہ کا استعمال شاگردوں تک سے ترک کرادیا اور اشباعِ ہا بھی ناجائز کردیا
مثلاً پردہ نشین و پردانشیں قفس علےٰ ہذا بہت سے ایسے الفاظ ہیں تشبیہ مثال
وغیرہ کو ترک کرکے اس کی عوض استعارہ اور ابہام کو قائم کیا۔ فی الحقیقت
حکیم سخن موجد طرز جدید امام الشعرا اکمل الکملا ہونے میں کوئی کلام نہیں۔ زبان کی
وہ شستگی الفاظ کی وہ فصاحت خیال کی وہ نزاکت ابہام کے وہ برتاؤ ترکیبوں

کی وہ نوبت محاوروں کی وہ کثرت بیان کی وہ سلاست تحقیق پر وہ نظر بندش
پر وہ حکومت جس بات کو دیکھو جواب نہیں رکھتی - ہائے انوز ہائے انورسب کا
اختتام کر گئے کیوں نہ ہو جب اہل ہند نے تم کو استاد مسلم الثبوت تسلیم کیا تھا
آج تک کسی خوردہ بین کی نظر اُس کے عرائس افکار کے نقص وسقم تک نہیں
پہنچی - فی الحقیقت کلام بلاغت نظام اُس کا شائبۂ نقص وسقم سے پاک ومبرہ
اور انگشت خوردہ بینان نکتہ چیں سے دور ومنزّہ تھا اگر عاشقانہ پر نظر ڈالئے
تو حسن وعشق کی تصویر ہے اگر سوز وگداز کو غور کیجئے تو سوز وگداز شمع وپروانہ کی
نظیر ہے - عارفانہ پر نظر کیجئے تو عارف کامل وصوفیٔ صاف دل کے اقوال
نظر آتے ہیں - معاملہ وانداز نو سراپا محل وموقع کا مرقع ہے - حمد ونعت کو پیرایۂ
عاشقانہ کے سانچے میں اس طرح ڈھال کر دکھایا کہ حقیقت کو مجاز میں اور مجاز
کو حقیقت میں ایک کر کے مسئلۂ ہمہ اوست کو پایۂ ثبوت کو پہنچایا یہ بات مختص
اُسی کی ذات کے لئے تھی - الحق فن سخن میں حکیم لاثانی ہے کوئی شعر حکمت وبلاغت
سے خالی نہیں یہ تائید یزدانی ہے قصائد کی ترکیبیں جہاں سے جداگانہ ہیں
وہ اپنے رنگ میں یگانہ ہیں - مائدہ سخن کو ملاحتِ الفاظ اور شیرینی بیان
اور چاشنی ظرافت سے وہ لذیذ وخوشگوار کر دیا کہ بذلہ خواران خوانِ سخن کے کام
وزبان مزے لے کر چٹخارے بھرتے ہیں - قطع نظر اس عروج کمال کے
محامد اخلاق ومحاسن خصائل پر غور کیجئے تو درویش فرشتہ سیرت وصاحبدل

صاحب نسبت کہنا روا ہے عمر بھر جادۂ تسلیم و رضا سے قدم باہر نہ رکھا ہر رنج
و مصیبت میں شکر گذار و قانع رہا اور حدیث شریف الفقر و فخری پر عمل کیا
ہمیشہ فقر و فاقہ زحمت حوادث عیش و آرام عسرت و عشرت میں ایک وضع
اور ایک طریقہ پر گذران کی - خوشی کو خوشی رنج کو رنج نہ گردانا اپنی قوت بازو سے
اکلِ حلال پیدا کر کے قوت اہل و عیال کیا - نماز روزہ ورد وظائف کسی حال
میں قضا نہیں ہوئے - تھوڑے بہت فقر و فاقہ کا کبھی شکوہ زبان پر نہیں آیا
جو اللہ نے دیا صبر و شکر کر کے کھا لیا معیشتِ قلیل پر قناعت کی - حرصِ دنیا کو
کبھی پاس نہ آنے دیا - نفوس قدسیہ کے خواص اُس کی ذات ستودہ صفات
میں پائے جاتے تھے - عالم باعمل سالک کامل عارف باخدا درویش خوش
اوقات دنیادار تارک الدنیا اسی سے مراد ہے - غرضیکہ بجمیع محامد و اوصاف
محلّی و مجلّی تھا - ہیہات ہیہات زمانۂ غدار و زندگانیٔ مستعار نے اُس سے وفا نہ کی
سنہ ۱۳۰۲ ہجری میں عمر جوانی میں قریب سن چہل سالگی یا کمتر ازیں دار فانی سے
بمقام دہلی داعیٔ اجل کو لبیک کہہ کر رہگرائے عالم جاودانی ہوئے انا للہ و
انا الیہ راجعون - مجھ کمبخت سخت جاں کو داغ فرقت و آلام مہاجرت اُٹھانے
کو زندہ چھوڑ گئے ورنہ میں بڑا تھا میرے مرنے کے دن تھے - اوراقِ دیوان
اپنی حین حیات میں ایک دن بحالت جذب چاک کر کے پھینک دئے تھے
اتفاق سے میں اُس وقت موجود نہ تھا ورنہ اُس جواہر گراں بہا کو ہرگز ضائع

نہ ہونے دیتا بعد میں نے دیکھا تو بہت دستِ تاسف سر پر مارے مگر بجز کفِ افسوس ملنے کے وہ گوہر یتیم کب دستیاب ہو سکتے تھے۔ خیر جس قدر ممکن ہوا اُن لعل پاروں کو مثل سیپارۂ دل فراہم کر کے جو کچھ پڑھا گیا لکھا باقی سب سرمایہ معرض تلف میں آکر برباد گیا یہ جو کچھ لکھا گیا ہے عشر عشیر بھی نہیں ہے ورائے ازیں اکثر دیوان شاگردوں کے درست کر دئے صدہا غزل تقسیم کر دیں اُنہیں اپنے کلام کی قدر نہ تھی اور اس جواہر بے بہا کو کمتر از سنگریزہ گنا کبھی اس پر ناز و تفاخر نہ کیا ہمیشہ اس کو ہیچ و پوچ سمجھا اللّٰھم اغفر وارحم

قطعات تاریخ طبع دیوان برادر مرحوم سیّد شجاع الدین عرف اُمرائو میرزا متخلص بہ انور

میرے بھائی کا چھپا دیواں ظہیر	باغِ انور آج پھر تازہ ہوا
از سر اندوہ ہاتف نے کہا	داغِ انور آج پھر تازہ ہوا

۱۸۹۹ء

دیگر

ہوا جب مشرقِ مطلع سے تاباں	کلامِ نیّرِ رخشانِ انور
کھلا پیشِ نظر گلزارِ معنی	ہوا مطبوع جب دیوانِ انور
مشامِ دل کو کرتی ہے معطّر	عجب ہے نکہتِ بُستانِ انور
کہاں ہیں اہلِ بینش آکے دیکھیں	تماشائے گل و ریحانِ انور
ظہیر اسکی ہوئی جب فکرِ تاریخ	لکھوں تاریخ کیا شایانِ انور

سرِ جودت سے اُٹھا شورِ پیہم	ہے نادر نسخۂ دیوانِ انور
تعمیہ ۲	۱۳۱۶ھ

دیگر

ہوا شائع عجب دیوانِ رنگیں	پھلا پھولا ہے کیا گلزارِ انور
نگارستانِ چین پر طعنہ زن ہے	بہارِ گلشنِ بے خارِ انور
گہر سنجانِ معنی آکے دیکھیں	سخن میں گرمیٔ بازارِ انور
نگاہِ غور سے دیکھیں سخن رس	کہاں ہے پایۂ اشعارِ انور
یہ بیتیں ہیں کہ ہیں موتی کی لڑیاں	مسلسل ہیں دُرِ شہوارِ انور
نمک انگیز ہے شورِ فصاحت	زہے نظمِ ملاحت بارِ انور
بلاغت سے بھرا کوزے میں دریا	کہاں تک سہل ہے دشوارِ انور
جدا گانہ ہے خوبانِ جہاں سے	ادائے شوخیٔ گفتارِ انور
ظہیر اسکی ہوئی جب فکرِ تاریخ	تو بول اُٹھی یہ خود گفتارِ انور
سرِ اعجاز سے تحریر کردو	عجائبِ گلشنِ اشعارِ انور
تعمیہ	

تقریظِ دلپذیر شاعرِ بینظیر شارِ بیمثال ناظمِ نازکخیال مولانا محمد دلدار علیصاحب برتر محمد آبادی غازیپوری
شاگرد رشید سیّد ظہیر الدّین حسین ظہیر دہلوی

برگِ درختانِ سبز در نظرِ ہوشیار	ہر ورقے دفتریست معرفتِ کردگار

تر زبانیٔ کلکِ خشک فیضِ حمدِ باری را ادنیٰ فشانی ست۔ خردِ دوربین را از مشاہدۂ

صناعی رنگارنگ حیرانی۔ سمنبران گلشن عالم را از مصراع قد موزونی داده و از بندش طرۂ نظم مسلسل طوق حسن در گلو نہادہ۔ فلک را با اینہمہ رفعت ہمردیف زمین ساختہ و از لطافت گلہائے بوقلموں ثابت و سیارگان را قوافی تنگ نمودہ۔ صفحۂ عالم را از ترکیب صفت خویش برروے آب کشیدہ۔ و ہیژدہ ہزار بحور خلق از اوضاع و اشکال مختلفہ قائم نمودہ از رباعی عناصر حواس خمسہ را درعیب و ہنر ممیز گردانید۔ وصورت ہر فرد بشر را از آمیزش یکرنگی قطع نمود۔ زہے باغبانے کہ از آبیاری قدرت شمشاد را الف آزادی در برکشیدہ۔ وقمری کوکو زبان را ہمچو جیم طوق منت در گلو انداختہ۔ عندلیب نواسنج را بہ ہوائے گل مصروف فغاں داشتہ۔ وغنچہ گل را از کمال حسن ولطافت چاک گریباں ساختہ۔ نرگس چشم براہ درجستجویش وسوسن گوش برآواز بہ گفتگویش چوں نبی صلعم ماعرفناک حق معرفتک فرمودہ بشر را چہ یارا کہ حمد بے پایانش درحیطۂ تحریر آرد و نعت سرور کائنات مفخر موجودات خلاصہ ہیژدہ ہزار عالم سلالہ دودمان آدم شمع افروز بزم رسالت درۃ التاج فرق نبوت شفیع گنہگاران روز جزا باعث امرزش ما و شما احمد مجتبے محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم را چگونہ درمعرض تحریر آرم سے حبیب خدا اشرف انبیا۔ کہ عرش مجیدش بود متکا۔ تخلیق عالم وعالمیان موافق لولاک لما خلقت الافلاک شمہ از ثنای بے پایانست مرا چہ یارا کہ لب کشایم باز براین دہن خویش مے بندم اللھم صل علی محمد محتجب نماند محمد نادر علی برتر محمد آبادی غازیپوری کہ یکے از ہیچکاران عالم

و بدترین از مخلوق آدم ست روزے درخدمت اُستاد عدیم النظیر حضرت اُستادی
سید ظہیر الدین صاحب ظہیر دہلوی زانوے شاگردی تہ نمودہ نشستہ بود حضرت موصوف
در ذکر کملاء اساتذہ و شعراے سابقہ از دُرج دہن گوہر تقریر مسلسل را در رشتۂ
بیان منسلک مے فرمودند شاگردانِ از فیض این صحبت مغتنمہ فیض یاب۔ در اثنائے
تذکرہ برخے از حالات برادر کہین خویش کہ مسمٰے بہ حضرت سید شجاع الدین عرف
امراؤ میرزا المتخلص بہ انور خلف سید جلال الدین حیدر رضوی المخاطب بہ صلاح الدولہ
مرصع رقم خاں برزبان فیض ترجمان آوردند باللہ کہ از شنیدنش حالتے و کیفیتے
برحضار مجلس طاری گشت ہر یکے بہ عالم بیخودی از انور مرحوم سرگرم تکلم۔ من ہم کہ
یکے از معتقدان و شاگردان حضرت ظہیر ام وارفتہ گشتم عرض نمودم کہ اگر اجازتے
باشد شمۂ از حالات آں یگانۂ روزگار بنگارم۔ فرمودند کہ بسیار خوب است۔ پس
موافق الامر فوق الادب کمیت خامۂ دوزبان را در جولان گاہ تحریر تگ و تاز نمودم۔
خداوند جل و علےٰ حضرت انور مرحوم را از سن طفولیت جوہر قابل عطا
فرمودہ بود و کمالے کہ بذاتش پیدا بود خلقی و قدرتی بود۔ عہد خرد سالی کہ طفلان را
مخصوص برائے لہو لعب است حضرت مغفور مطلقاً بجانب این فعل لاحاصل توجہ نمود
زہد و ورع و ریاضت و اتقا کہ جوہر قابل انسانی ست در ذات خویش مجتمع نمود بہ اکتساب
علوم دینی و دنیوی و حصول کمالات صوری و معنوی مائل و مصروف۔ در یازدہ سالگی
فن خوش نویسی حاصل کردہ بر جادو نگارانِ زمان و اعجاز رقمانِ جہان گوئے

سبقت ربوده کتب درسیہ کہ مراد از معقول و منقول ست بہ اختتام رسانید۔ درفن سخن از شیخ محمد ابراہیم ذوق و مرزا اسداللہ خان غالب استفادہ نمودہ پایۂ سخن برآسمان رسانید۔ الحق کہ اگر خدائے سخن گویم رواست درعہد خویش استاد مسلم الثبوت بود ہمہ شعرائے ہند پیش او زانوئے خودتہ نمودند۔ توکل واکل حلال را فرض خویش تصور نمودہ ہرگز حاجتے پیش دیگراں نبرد آنچہ کہ از رزاق دوعالم یافت یافت ورنہ غرضے نے کہ از کسے گوید۔ روزے درحالت جذب ہمہ تصنیفات خویش کہ غزل و رباعی و مثنوی و قصیدہ و ترجیع بند وغیرہ مایہ چہل سال بود پارہ پارہ نمود۔ استاد موصوف وقتیکہ شنیدند و دیدند دست برسر و سر بر زانو زدند بالآخر آں اوراق پریشاں و پارہ ہائے رشک لعل بدخشاں را جمع نمودہ دیوانے ترتیب دادند باللہ کہ اگر چرخ دوار ہزار سال سرگرداں ماند زینہار چنیں گوہر یکدانہ از معدن عالم بیروں آوردن نتواند۔ ہیہات کہ زندگیش وفا نہ کرد و درسن چہل سالگی از عالم فانی بہ اقلیم جاودانی رخت مراجعت فرمود۔[۵]

جہاں در ماتم او گشت ناشاد	ز جور آسماں فریاد فریاد
فلک خود جامہ نیلی بپوشید	چو ایں فریاد عالمگیر را دید
ز چشم و دیدہ ہائے نجم تاباں	شدہ از آب شبنم اشک ریزاں
صبا در ماتم او خاک برسر	جہاں پرشور چوں آشوب محشر

اکنوں کہ از تصنیفات لطیفش و کلام بلیغش چشم و قلب نظارگیان مسرور و منور گشت۔

بگوش ناظرین وشائقین شاہدِ سخن مژدۂ تازہ مے رسانم دریں ایام فرح انجام
کہ فروزانی مہر فرحت از سمک تا سماک تاباں دیوانے درقالب طبع درآمد چہ دیوانے
کہ ہر مصرعش موزوں قدانِ عالم را پا بگل نمودہ وہر بیتش بیت ابروانِ پرخم را
از خجالت چوں کمان ساختہ ۔ مضامین لطیفش چشمۂ کوثر را آب بخشیدہ و از شیرینیِ
بیانش کام تلخکامان عذوبت قند مکرر چشیدہ ۔ از بندش نظم مسلسل طرۂ حسینان
در پیچ وتاب ۔ ترکیب نشست الفاظش شاہدِ مضمون را جلوہ تازہ بخشید و صبر و
قرار از دلِ حاسداں ربود ۔ الحق کہ جانے تازہ درقالبِ نظم دمیدہ و از زیورِ
معانی سخن را حسن فراواں بخشیدہ ۔ اگر خامۂ مشکیں بر سحر بیانیِ خود بالد رواست
و ناطقۂ گرامی بر اعجاز بیانی نازد سزا است ۔ دریں زمانہ کہ علم و ہنر از صفحۂ عالم مانند
وفائے معشوقاں ناپیدا وخصوصاً فن شاعری کہ از کلال ناقدردانی وپست ہمتی
ہمچوں صبر عاشقاں عنقا است ۔ چنیں دیوانے بہ قالب نظم آوردن کم از اعجاز
نیست شستگیِ زبان والفاظ و درستی وچستی محاورہ خود دال ست کہ ایں کار
آدمِ خاکی بنیاد نیست ہر کرا کہ تائید غیبی دست دہد البتہ ایں صورت رونماید ۔
سخن گلستانیست کہ از بادِ حوادثِ خزاں امین وگوہریست کہ دل جوہریانِ
بازار سخن معدنِ اوست ۔ اکنوں کہ صدر نشین بزم سخنوری ونگین خاتم معنی پروری
معدن گوہر لیاقت مخزنِ جوہر سعادت گوہر درجِ عطا بدر قبۂ صفا آفتاب
آسمان فضل وکمال ماہتاب درخشان عز وجلال شہنشاہ اقلیمِ سخن قبضہ شمشیر

علم و فن نخلبند گلشنِ معانی شیرازہ بند دفتر نکتہ دانی عالم معقول و منقول۔ جامع فروع و اصول جناب سید شجاع الدین عرف امراؤ میرزا متخلص بہ انور مرحوم ایں نظم دل آویز را در سلک تحریر آوردہ از کمال عالی ہمتی پایۂ فکر موزوں بر آسمان کمال رسانید توصیفش از حد تحریر بیروں ضرور تے نیست کہ ستائش کنم مشک آنست کہ خود بوید نہ کہ عطار گوید۔ الا جوشِ طبیعت و ولولۂ شوق راکہ بدیدنش پیدا شد چہ طور باز دارم ورنہ ستائش من بیچارہ چیست۔ اندازِ ریختہ گوئی میر و غالب کہ اکنوں ہمچوں جسم بیجاں بہ حضیضِ خاک اُفتادہ بود از دستگیریِ انور مرحوم باز زندہ گشت سخن ممنونِ منت اوست و نظم از بار احسانش طوق بہ گلو۔ کمیت فکر روانش را جولانگاہِ ہستی یک دائرہ و نگاہ خرد دور بینش را گردون یک کنگرہ۔ عالم از تجلی فکر درخشانش روشن و ایں لولوے شاہوار کہ از کانِ طبع بیروں آوردہ بر صفحہ اوراق غلطانید آبش روز افزوں بلکہ براے مردہ دلان اعجاز و فسوں حسن کلامش داغ بر ناصیۂ مہر و ماہ نہادہ و بر شہرت ناسخ خط نسخ کشیدہ۔ آتش را آتش در جان افگند و صبا را خاک بر سر افشاند او میر مجلس سخن ست و بر شعراے جہاں غالب۔ حاسداں را از رشک کلامش سودا بد ماغ و منصف مزاجان را چشم و چراغ۔ سہ

زہے خوش فکر شاعر نامدارے	سخنور بے بدل جادو نگارے
ارسطو گر بدورش زندہ بودے	بہ پیشش زانوے خود تہ نمودے

اگر فردوسی طوسی بدیدے — بگوشت حلقۂ طاعت کشیدے
گرامی پایۂ در زہد و تقوے — جبیں از داغ سجدہ شد مجلا
ہمایوں بخت و فرخ طالعے کو — کہ بر فلکِ ریاضت یافت قابو
ربودہ نام مومن از زمانہ — کہ ایں پیشِ نظر ہست او فسانہ
سخن را پایۂ عالی ز فکرت — مضامیں چوں گل خنداں ز نُزہت
چہ گویم بر تر اوصاف حمیدہ — فرشتہ خو بشر اینساں ندیدہ
سخن را ختم بالآخر نمائم — پئے تاریخ دیواں لب کشائم
نوشتہ حضرت انور چہ دیواں — نہ دیواں بلکہ تازہ بوستانے
شگفتہ تازہ گُلہائے مضامیں — فرح بخش دل و روح روانے
خہی مضمون و دلکش بندش صاف — بہ قلب نظم بخشد تازہ جانے
زہے فکر بلند طبع موزوں — مضامیں آورد از لامکانے
ستایش کردبے حد ہر کہ دیدہ — نمودہ آفریں پیر و جوانے
خجالت ابرواں را دادہ بینش — خجل از مصرعش سرو روانے
زباں نغز او شیریں تر از قند — ملاحت را بگوے طرفہ کانے
ندیدم ہمچنیں نظم دل آویز — بجز میر و اسد دریں جہانے
دل عالم ازو تسخیر گشتہ — کہ گردید یک جہاں را دل ستانے
چساں وصفش نگوئم حیرتے ہست — ثنائش بیروں از حد و بیانے

پے نذرِ ظہیر ایں قطعہ تاریخ	بہ پیش آوردہ بہتر ازمغانے
نوشتم باسرِ حکم مبارک	کلامِ شاعرِ شیریں بیانے ۱۳۱۴

دیگر

معدنِ علم حضرتِ انور	تھے سخن پر جو ہر طرح قادر
اُن کے دیواں کی طبع کی تاریخ	لکھی برتر نے غنچۂ نادر ۱۳۱۴

قطعہ تاریخ نو کریز خامہ جادو رقم سخن گستر بیمثل نکتہ پرور بے بدل جامع فروع و اصول حاوی معقول و منقول ماہر ہر فن مولوی مفتی عبداللہ صاحب

پروفیسر علوم مشرقی اورینٹل کالج۔ لاہور

شکر ایزد کہ کھلا شعر و سخن کا دفتر	مژدہ اے جوہریان سخن و اہل ہنر
للہ الحمد چھپا آج وہ دیوان سخن	جس کا ہر شعر ہے باسلکِ جواہر ہمسر
ورق سادہ جو ہے آب رواں کی مانند	اس پہ تحریر ہے یا عارض گل پر عنبر
نظم وہ نظم کہ ہے رو کش نظم پرویں	شعر وہ شعر کرے چاک جو شعری کا جگر
صفحہ پر حرف ہیں یا بکھرے ہوئے گوہر و دُر	شعر تر اس میں ہیں یا گھولے ہوئے قند و شکر
راست کہتا ہوں نہیں کذب کچھ اسمیں اصلاً	دیکھو دیوان اگر اس کو نہ جانو باور
مہربان اور محب میرے سریرام ایم۔ اے	جن کی کوشش سے ملا طبع کا اس کو زیور
صاحب ذہن و ذکا ماہر اصناف سخن	ناظم عِقد دُرر ناشر دامان گہر

*نوٹ:۔ یہ تقریظ اور تاریخ تین برس ہوئے تب لکھی گئی تھی۔

فکر صائب میں نہیں کوئی برابر ان کے
جودت طبع میں اُن کا نہیں کوئی ہمسر

بہر تاریخ ہُوا فکر تو ہاتف نے کہا
نظم خوش آب سن عیسوی ہے اے رہبر

سال ہجری کی جو تفتیش ہوئی بعد ازاں
عقل گل چپ رہا مرغوب جہانی کہکر

دیگر

ہُوا جب طبع یہ دیوان مطبوع
ہوئے شاداں و فرحاں سب خردور

بوقت فکر ہاتف نے ندا دی
لکھو تاریخ نظمِ کلکِ انور

۱۳ھ

قطعہ تاریخ از نتیجہ فکر فروغ شبستان دودۂ شاہی صاحب عالم مرزا مجاہد الدین شاہی نبیرہ حضرت ابو ظفر بہادر شاہ شاگرد رشید میرزا صابر مرحوم

حضرت انور کے دیواں کی ہو کیا مدح و ثنا
طوطیٔ ہندوستاں کا مجمع اشعار ہے

مصرعہ مصرعہ شعر کا گویا لبِ معشوق ہے
ہر غزل گلدستہ ہے اِک تختۂ گلزار ہے

حاجت مشاطہ نیست روئے دلآرام را
قدرداں کے سامنے ہر بیت کا اظہار ہے

شاعری کے فن میں تھا جو آپ ہی اپنا نظیر
سال اُس کے مجموعے کے چھپنے کا درکار ہے

خار کا دل رشک حسرت سے نہ ٹوٹے کس طرح
حضرت شاہی عجب یہ گلشن بہار ہے

۱۳۱۸ھ

ولہ

کلام حضرت اُستاد انور
گل معنی کا بے شبہ چمن ہے

کہا دل نے پئے تاریخ مجھ سے
لکھو شاہی کہ لاثانی سخن ہے

۱۳۱۷ھ

قطعۂ تاریخ از نتیجہ فکر ارجمند شاعر بیمثال نکتہ پرور بیعدیل صاحب عالم مرزا محمود شاہ صاحب شاکر تلمیذ مرزا صابر مرحوم

یہ ہے کلام انور نازک خیال کا	شاکر جو قدردان سخن ہیں جوان و پیر
ہاتف نے دی ندا کہ یہی سال کر رقم	اس کو کہینگے۔ آج سے دیوان بےنظیر

۱۷ ۱۳ھ

قطعہ تاریخ از تصنیف ارسطو دوران جالینوس زمان جناب حکیم بہاء الدین خاں صاحب بہاء منصرم شفاخانہ درگاہ خواجہ معین الدین چشتی اجمیر شاگرد حضرت فصیح الملک داغ دہلوی

وہ چہ پاکیزہ کلام انور است	آنکہ بودہ زندہ ساز نام ذوق
فکر تاریخش چو کردم اے بہا	ہاتفے گفتہ۔ مذاق کلک شوق

۱۷ ۱۳ھ

قطعہ تاریخ از نتیجہ فکر گل شگفتہ گلزار رنگیں بیانی طوطی شکریں مقال چمنستان سخن گوئی و سخندانی جناب حکیم رام نرائن صاحب حیران دہلوی شاگرد رشید نواب فصیح الملک داغ دہلوی

چوں دیوان انور مرتب شدہ	بہر شائقے رفتہ پیغام وصل

زحیراں پے سال طبع سروش	بگفتا شگفت گل شام وصل (۱۷ ۔۔ ۱۳)

دیگر

شد طبع چو دیواں جناب انور	گلہائے مضامین شدہ دستہ دستہ
حیراں زسروش سال طبع پرسید	گفتا کہ بگو خیال ابروبستہ (۱۷ ۱۳ھ)

قطعہ تاریخ از نتیجہ فکر شاعر نازک خیال روح وروان گلشن سخن جناب لالہ موہن لال صاحب مطلب ہیڈ ڈرافٹسمین ڈویژنل کورٹ لاہور

صاحب جاہ سری رام جی ایم اے منصف	جن کی ہمت ہے بلند اور خیالات رفیع
جن کی کوشش سے چھپا حضرت انور کا کلام	طبع میں جن کے مرتب ہے کمال ترصیع
پے تاریخ بس اے حضرت مطلب کہہ دو	چھپ گیا حضرت انور کا یہ دیوان بدیع (۱۸ ۶ ۹۹)

قطعہ تاریخ من تصنیف شاعر شیریں مقال جناب محمد نور خان بیدل اجمیری شاگرد جناب حکیم بہاءالدین خان صاحب بہاء

انور خوش خصال کا جبکہ کلام چھپ گیا	دل کو ہر ایک شخص کے کیسی ہوئی مگر خوشی
طبع کا اس کے جو ہوا بیدل زار کو خیال	ملہم غیب نے کہا۔ لوح کتاب خرمی (۱۷ ۱۳ھ)

قطعۂ تاریخ از نتیجۂ فکر فلک پیمائے شاعر شوخ فکر رنگیں بیان جناب منشی گوری شنکر صاحب قصیر دہلوی

چھپا جب یہ دیوان مطبوع عالم — ہُوا جانِ اردو یہ احسان انور

قصیر اس کا میں نے کہا سال ہجری — چھپا خوب دلکش یہ دیوان انور

۱۳ھ ۔ ۱۷

ولہ

ہائے انور رشک عرفی و انوری — جس کے مرنے سے مذاق شاعری کھپ گیا

اُس کے دیواں کی ہے یہ تاریخ برجستہ قصیر — یہ عجائب حضرت انور کا دیواں چھپ گیا

۱۸۹۹ء

دیگر

چھپا غیرت انوری کا یہ دیواں — ضیا بخش ہے ماہِ تابانِ انور

قصیر اس کی تاریخ لکھی ہے ہم نے — کہ ہے خوب یہ نظمِ دیوانِ انور

۱۹۵۶

از نتیجۂ فکر شاعر شیریں گفتار منشی پیارے لال رونق دہلوی شاگرد مولانا راسخ دہلوی

چو دیوانِ انور شد انوار دلہا — فروغش بعالم چراغ مضامیں

زمین غزل گلزمین معانی — برافلاک رفتہ دماغ مضامیں

کجائید اے جرعہ نوشانِ فکرت — کہ لبریز گشت ست ایاغ مضامیں

رقم سال او گشتہ از حدِ فکرم — کہ رونق فزا گشت باغ مضامیں

۱۲ ۔ ۱۹۴۴

از نتیجۂ فکر ارجمند شاعر شیریں مقال بابو چندی پرشاد صاحب شیدا دہلوی تلمیذ مولانا راسخ دہلوی

صل علےٰ ہے الور مرحوم واہ وا
جو شعر ہے وہ رشک دہِ شیخ اصفہاں
روشن خیال شمع بزم سخنوری
شیدا یہ سال ہے سر اعدا کو کاٹ کر

دیوان وہ چھپا ہے کہ داغ رقیب ہے
نشتر ہے تیر ہے۔ رگِ جاں کے قریب ہے
جو کہہ گئے ہیں آپ وہ کس کو نصیب ہے
ڈنکے کی چوٹ کہہ دے عجیب و غریب ہے

۱۳ ھ ۱۸

قطعہ تاریخ از نتیجہ فکر فلک پیمائے ناظم بے ہمتا ناثر یکتا اُستاد یگانہ مالک ممالک سخن رشک طالب و کلیم فخر الشعرا میر مہدی حسین صاحب مجروح دہلوی از اشرف تلامذہ نجم الدولہ دبیر الملک نواب اسد اللہ خاں غالب مغفور

شاعر آسماں خیال الور
ان کا دیواں صفائے معنی سے
ہیں جو اشعار دُر نثار اس میں
شورش افزائے مضامیں نے
کم ہیں الفاظ اور بہت مضموں

سب میں غل جس کی ہے طلاقت کا
بحر ذخار ہے سلاست کا
ان کا کیا وصف ہو لطافت کا
رنگ پھیکا کیا قیامت کا
کیسا برتاؤ ہے بلاغت کا

اُن کے فکر متیں سے الحق
تھی تلاشِ معانئے تازہ
ہے ہر اک شعر میں نیا مضمون
طبع اس واسطے ہؤا دیوان
ہوگی اہلِ مذاق کی دعوت
بہر تاریخ یوں ندا آئی

رُتبہ افزوں ہؤا متانت کا
شوق مدت سے تھا نہایت کا
کیا ٹھکانہ ہے اِس ذہانت کا
ماحصل اس کی ہے یہ نمایت کا
تا مزا پائیں اِس حلاوت کا
ہے خزینہ بھی فصاحت کا
١٣١٧ھ

مادہ ہائے تاریخ از نتیجۂ فکر آسمان پیوند صدر نشین بزم سخنوری نگین خاتم معنی پروری ناظم رنگین خیال ناثر عدیم المثال صاحبعالم مرزا عبد الغنی ارشد از ارشد تلامذہ صاحب عالم مرزا قادر بخش صابر مغفور

عنوان تاریخی✱

گلستان فصاحت۔ زیب محفل
١٣١٧ھ

دفتر اشعار زیبا چھپ گیا
١٣١٧ھ
خورشید انور است ایں
٩ ٩ ١٨ ٦

ہے یہ بزم سخن کا گلدستہ
١٣١٧ھ
سخن بہتر - نظم دلفروز
١٣١٧ھ — ١٣١٧ھ

✱ نوٹ بہ سبب عدیم الفرصتی مصرعے چسپاں نہ ہوسکے۔

صحت نامہ اغلاط دیوان انور

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۵	۱۰	ہی	ہیں
۱۲	۸	لب ہے	لب ہلے
۱۳	۷	نہیں نہیں	نہیں کہیں
۱۴	۴	مری زمین	مری جبین
۱۴	۱۳	چھپکے	چُپکے
۱۷	۹	بنیں	نہیں
۱۷	۱۳	جیسے	جی سے
۱۸	۹	کہنا سزا	کہنا ترا
۲۰	۶	اپ کے وہ	آپ کے
۲۰	۶	وصل یہ	وصل پہ
۲۷	۱۶	ہائل	حائل
۳۱	۱۳	پاس	یاس
۳۲	۱۳	پہ جھوتوں	جھوٹوں
۳۲	۱۳	سُچا	سچا
۳۵	۱۴	جانئے	جائیٔ

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۳۹	۱	بیشک	یہ سچ
۳۹	۴	جلایا	ہلایا
۴۱	۴	آئی	آئے
۴۱	۴	لائی	لائے
۴۴	۳	مگر	ہوا
۴۴	۳	ہے یاد	بھی یاد ہے
۴۴	۶	میں قدم	میں ہی قدم
۴۴	۱۰	ہیں میں	میں ہیں
۴۵	۱	یاں	یہاں
۵۰	۷	فغاں	یہاں
۵۴	۴	کہ کیوں	تو کیوں
۵۴	۸	چاہتے ہو	جانتے ہو
۵۴	۸	چاہتا	جانتا
۱۶۱	۵	کورت	کورٹ
۱۶۳	۴	شیخ اصفہان	تیغ اصفہان

اِطّلاع

اِس دیوان کے جملہ حقوق برائے دوام لالہ سریرام صاحب ایم۔ اے نے سید عسکری مرزا فرزند مصنّف مرحوم سے خرید لئے ہیں اور دیوان حسب ضابطہ رجسٹری بھی کرادیا ہے۔ کوئی صاحب بلا اجازت لالہ صاحب موصوف اِس کے انطباع کا قصد نہ کریں۔ جس قدر جلدیں مطلوب ہوں اُن سے یا مالک مطبع رفاہ عام سے طلب فرمالیں۔ تاجران کتب کے ساتھ قیمت میں رعایت ملحوظ رہیگی جس کتاب پر لالہ سریرام کے دستخط نہ ہونگے وہ مال مسروقہ متصوّر ہوگا ٭

المشتہر

سید مُمتاز علی مالک مطبع رفاہ عام لاہور